باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 34 | بروز جمعرات 9 مئی 2024ء/ 30 شوال 1445ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 129

WWW.Dailysahafatquetta.com

وکلاء پولیس اور وکلاء میں جھڑپ 30 وکلاء گرفتار متعدد زخمی آج ملک گیر ہڑتال کا اعلان

وکلاء نے مطالبات کے حق میں ایوان عدل سے ریلی نکالی اور ہائیکورٹ میں داخل ہونے کی کوشش کی تو پولیس نے لاٹھی چارج اور آنسو گیس شیلنگ کر کے روکنے کی کوشش کی، جس پر وکلاء کی پولیس سے شدید جھڑپیں ہوئیں

پولیس نے احتجاج کرنے والے متعدد وکلا کو گرفتار کرلیا، تصادم میں ایس پی سمیت 7 پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے، پاکستان بار اور سپریم کورٹ بار لاہور واقع کی شدید مذمت، آج ملک بھر میں عدالتی بائیکاٹ کا اعلان

لاہور (نیوز ایجنسیاں) وکلاء نے مطالبات کے حق میں ایوان عدل سے ریلی نکالی تاہم ان کی پولیس سے جھڑپیں ہوئیں جس کے نتیجے میں کئی مظاہرین زخمی ہوگئے جبکہ پولیس نے 30 سے زائد وکلاء کو گرفتار کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وکلا پر دہشت گردی کے مقدمات اور سول عدالتوں کی بندش کے خلاف لاہور بار ایسوسی ایشن کی کال پر وکلا نے لاہور ہائیکورٹ تک ریلی نکالی۔ وکلاء نے ہائیکورٹ کے اندر داخل ہونے کی کوشش کی تو پولیس نے لاٹھی چارج اور آنسو گیس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

سانحہ 9 مئی کو تو یاد کر کے سوگ منایا جاتا ہے، اختر مینگل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

بانی پی ٹی آئی کہتے ہیں کہ میں غلامی کی زنجیروں کو توڑ کر رہوں گا، لطیف کھوسہ

لاہور (یو این اے) پی ٹی آئی کے رہنما لطیف کھوسہ نے کہا کہ وفاداری ریاست اور عوام کے ساتھ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

صدر زرداری کوئٹہ کا 3 روزہ دورہ مکمل کر کے اسلام آباد واپس روانہ ہوگئے

کوئٹہ (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری کوئٹہ کا 3 روزہ دورہ مکمل کر کے اسلام آباد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

آئی کیوب قمر کے مطابق تمام ذیلی سسٹمز کا جائزہ لیا جائے گا، 15 یا 16 مئی تک چاند کی پہلی تصویر موصول ہونے کا امکان

سیٹلائٹ امیجنگ سسٹم کے آپریشنل ہونے سے پہلے تمام ذیلی نظاموں کی تصدیق میں تقریباً ایک ہفتہ لگ سکتا ہے، پاکستانی خلائی سائنسدان ڈاکٹر خرم

پاکستان کا پہلا سیٹلائٹ خلائی مشن آئی کیوب چاند کے مدار میں داخل

چانگ ای 6 مشن چاند کی کشش ثقل کے زیر اثر قمری مدار میں داخل ہو چکا، اگلے مرحلے میں چانگ ای 6 کے لینڈر اور اسینڈر کو چاند کے جنوبی قطب کی عقبی جانب لینڈ کروایا جائیگا، اس کے بعد مین لینڈر چانگ ای 6 مشن سے یکم جون کو علیحدہ ہو جائیگا

2 جون کو چانگ ای 6 مشن قمری سطح سے مٹی اور چٹانوں کے سیمپلز جمع کریگا، چانگ ای 6 مشن 4 جون کو واپسی کا سفر شروع کریگا، 6 جون کو چانگ ای 6 مشن ڈاکنگ کریگا، 53 روزہ مشن مکمل کرنے کے بعد 25 جون کو زمین پر واپس لینڈ کرے گا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کا پہلا سیٹلائٹ خلائی مشن آئی کیوب چاند کے مدار میں کامیابی سے پہنچ گیا۔ چانگ ای 6 مشن نے پاکستانی سیٹلائٹ آئی کیوب قمر کو کامیابی سے چاند کے مدار میں پہنچا دیا۔ آئی کیوب قمر کی ڈپلائمنٹ کے بعد ایس او پیز کے مطابق تمام ذیلی سسٹمز کا جائزہ لیا جائے گا۔ ماہرین کے مطابق سیٹلائٹ امیجنگ سسٹم کے آپریشنل ہونے سے پہلے تمام ذیلی نظاموں کی تصدیق میں تقریباً ایک ہفتہ لگ سکتا ہے، جس کے بعد آئی کیوب قمر سے چاند کی پہلی تصویر 15 یا 16 مئی تک موصول ہونے کا امکان ہے۔ چانگ ای 6 مشن چاند کی کشش (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف شعبہ تعلیم سے متعلق قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سی پیک، پہلے مرحلے کے تحت 25 ارب ڈالر کے منصوبے زیر تکمیل ہیں، احسن اقبال

مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا، نئی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد یہ چین کا پہلا اعلیٰ سطحی دورہ ہے

سی پیک کے دوسرے مرحلے میں زراعت اور ٹیکنالوجی کے شعبے کو فروغ دیا جائیگا

بیجنگ (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ سی پیک کے پہلے مرحلے کے تحت 25 ارب ڈالر کے منصوبے پاکستان میں زیر تکمیل ہیں، چین پاکستان کا تاریخی دوست ہے جس نے مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا۔ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

9 مئی کے ذمہ داران کو قانون کے مطابق جوابدہ ٹھہرانا چاہیے، صدر زرداری

9 مئی کو پاکستان کی تاریخ میں یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائیگا، 9 مئی کو سیاسی طور پر مشتعل ہجوم نے ملک بھر میں کہرام مچایا اور سرکاری و فوجی املاک کو نقصان پہنچایا

9 مئی کے واقعات سے ملک کا تاثر بری طرح متاثر ہوا اور پرتشدد واقعات سے صرف پاکستان کے دشمنوں کے مفادات پورے ہوئے، صدر زرداری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ 9 مئی کو پاکستان کی تاریخ میں یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، 9 مئی کو تشدد کے ذمہ داران کو قانون کے مطابق جوابدہ ٹھہرانا چاہیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے بیان میں 9 مئی کے پرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کو سیاسی طور پر مشتعل ہجوم نے ملک بھر میں کہرام مچایا اور سرکاری املاک اور فوجی تنصیبات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

پاکستان میں فلم کی صنعت ٹیکس فری ہے، عطاء اللہ تارڑ

بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کی جانب سے پاکستانی ثقافت پر فلم کی تیاری خوش آئند ہے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سیدوف ملاقات کر رہے ہیں

9 مئی کو پی ٹی آئی کو کچلنے کی کوشش کی گئی سب پہلے سے طے شدہ تھا، عمران خان

9 مئی 2023ء کی حقیقت قوم پر پوری طرح واضح ہے، بتایا جائے کس کے حکم پر حساس مقامات کی سیکیورٹی ہٹائی گئی

تحریک انصاف وفاق کی سب سے بڑی اور مقبول ترین جماعت ہے، پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی جدوجہد نہایت تابناک ہے

اسلام آباد (یو این پی) تحریک انصاف کے بانی و سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ 9 مئی کو پی ٹی آئی کو کچلنے کی کوشش کی گئی، سب پہلے سے طے شدہ تھا۔ جیل سے اپنے ایک بیان میں بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ 9 مئی 2023ء کی حقیقت قوم پر پوری طرح واضح ہے، بتایا جائے کس کے حکم پر حساس مقامات کی سیکیورٹی ہٹائی گئی۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف وفاق کی سب سے بڑی اور مقبول ترین جماعت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

وزیر اعظم کا ملک میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان

تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی، پاکستانی قوم عزم و حوصلے سے کسی بھی چیلنج پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہے

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک میں تعلیم کے فروغ کیلئے تعلیمی ایمرجنسی کے نفاذ کا اعلان کردیا۔ بدھ کو شعبہ تعلیم سے متعلق قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی، پاکستانی قوم عزم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد ہائیکورٹ، بشریٰ بی بی کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کی درخواست منظور

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کی درخواست منظور کرتے ہوئے اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

شیر افضل مروت آؤٹ، پی ٹی آئی کا چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے نئے نام کا باقاعدہ اعلان

ہمارے امیدوار شیخ وقاص اکرم ہیں، عمران خان نے ان کے نام کی منظوری دے دی، ترجمان تحریک انصاف رؤف حسن

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف نے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے عہدے کیلئے نئے نام کا باقاعدہ اعلان کردیا۔ سیکریٹری اطلاعات پی ٹی آئی رؤف حسن نے بتایا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے چیئرمین پی اے سی کا نام فائنل ہو چکا ہے، اس عہد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

کسی کی رائے پر شب خون مارنا جمہوریت و انسانیت کی توہین ہے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (یو این اے) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کسی کی رائے پر شب خون مارنا آئین، جمہوریت و انسانیت کی توہین ہے۔ تقریب سے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

ہم آئین توڑنے پر معافی مانگو ہم 9 مئی پر معافی منگوا لیں گے

محمود خان اچکزئی

برگیڈیئر صوبہ، کرنل ڈویژن کو چلا رہا ہے اس فوجی مداخلت کے خلاف جہاد ہمارا فرض ہے، ہمارے دوست ہمارے نام نہاد لیڈر صاحبان فقیر بن چکے ہیں پاکستان 25 کروڑ عوام کا ملک ہے

جب ہم آئین کی بالادستی کی بات کرتے ہیں تو تنخواہ دار سمجھتے ہیں کہ ہم ان کے خلاف ہیں، چمن سے لیکر گوادر تک بلوچستان کی آبادی پنجاب کے ایک ضلع کے برابر ہیں، ہمارے وسائل پورے ملک سے زیادہ ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان کے ان بہادر آکابرین نے ایک ایسے جہاد کا آغاز کردیا ہے جس کے بغیر حقیقی آزادی کا تصور غلط ہے حقیقی آزادی پاکستان میں تب آئیگی جب عوام کے ووٹوں سے منتخب پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوگی جب ملک کی داخلی، سیاسی اور بیرونی پالیسیاں عوام کے منتخب لوگ تشکیل دیں جب ملک میں کسی فرقے کا کسی فرقے سے جھگڑا نہ ہوگا کسی فرقے کا کسی فرقے پر بالادستی نہیں ہوگی اور یہاں رہنے والے بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی، پنجابی جو اپنے آبائی وطنوں میں ہزاروں سال سے آباد ہیں جب ان کے وطنوں میں اللہ تعالیٰ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

ریاست اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے لازم و ملزوم ہیں، جعفر مندوخیل

جس طرح تمام ملکی ادارے ہمارے اپنے قومی ادارے ہیں اسی طرح تمام قومی تنصیبات بھی ہمارے مشترک اثاثے ہیں، گورنر بلوچستان

عوام کے جان و مال کا تحفظ اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے کیلئے افواج پاکستان سمیت تمام قانون نافذ کرنیوالے اداروں کا کلیدی کردار ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ریاست اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ایک دوسرے کیلئے لازم ملزوم ہیں۔ جس طرح تمام ملکی ادارے ہمارے اپنے قومی ادارے ہیں اسی طرح تمام قومی تنصیبات بھی ہمارے مشترک اثاثے ہیں۔ علاوہ ازیں عوام کے جان و مال کا تحفظ اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے کے حوالے سے افواج پاکستان سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پچھلے سال 9 مئی کو سیکورٹی اداروں پر حملہ اور سرکاری املاک کو جو نقصان پہنچایا گیا وہ قابل مذمت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کو اسٹیبلشمنٹ کی غلامی کیلئے بنایا گیا، مولانا محمد خان شیرانی

عمران خان کے ساتھیوں کو داد دیتا ہوں جنہوں نے اپنے لیڈر کا ساتھ دیا

اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (شیرانی) کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ پاکستان کو اسٹیبلشمنٹ کے غلامی کیلئے بنایا گیا ہے عمران خان اور ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

ملک میں خوف، سیاسی بے یقینی کی فضا، عوام ذہنی مفلوج ہوگئی، شبلی فراز

تحریک انصاف کا اسمبلیاں توڑنے کا فیصلہ جمہوری طریقہ تھا، ملک کا مستقبل آئین و قانون کی بالادستی سے ہے

اسلام آباد (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما اور سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ملک میں خوف، سیاسی بے یقینی کی فضا ہے۔ تحریک انصاف کے رہنما اور سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ملک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہوگا، رانا مشہود

وزیر اعظم کا یوتھ پروگرام نوجوانوں کو ضروری مہارت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے

اسلام آباد (یو این اے) چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کلائمیٹ ریزیلینس اور سبز اقدامات کو فروغ دینے میں وزیر اعظم کے یوتھ پروگرام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

نائب وزیر اعظم سے ازبک وزیر خارجہ کی ملاقات

پاکستان ازبکستان کے ساتھ تجارت، اقتصادی میدان سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو بڑھانا چاہتا ہے

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سیدوف کے درمیان بدھ کو دفتر خارجہ میں ون آن ون ملاقات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

سانحہ 9 مئی کو ایک سال مکمل، ذمہ داروں کے خلاف کاروائی نہ ہوسکی

سانحہ 9 مئی سے نہ صرف ملکی وقار کو نقصان پہنچایا گیا بلکہ عالمی سطح پر بھی ملکی بدنامی کا سبب بنا

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان کی تاریخ کے بدترین سانحہ 9 مئی کو آج بروز جمعرات ایک سال مکمل ہونے کے باوجود ذمہ داروں کے خلاف کاروائی نہ ہوسکی، سانحہ 9 مئی پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

تعلیمی اداروں میں منشیات کی سپلائی میں ملوث خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار

خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران خاتون کو تعلیمی ادارے کے گیٹ سے گرفتار کر کے منشیات برآمد کرلی گئی

راولپنڈی (یو این اے) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں میں منشیات کی سپلائی میں ملوث خاتون سمیت 2 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ اے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

وزیر اعظم کا پاکستان اسکل کمپنی اور اسکل ڈویلپمنٹ فنڈ بنانے کا حکم

وزیر اعظم کی پاکستانی تکنیکی افرادی قوت کو بیرون ممالک روزگار کے حوالے سے کمپنیوں کے لائسنس رجیم میں اصلاحات کی ہدایت

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزارت امور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

پشاور کور میں فوجی افسروں اور جوانوں میں اعزازات تقسیم

اسلام آباد (بیورو چیف) پشاور کور میں فوجی افسروں اور جوانوں میں اعز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

ملک میں یوریا کھاد کی یکساں قیمتیں نافذ کرنا ہوں گی، رانا تنویر حسین

کم نہ کرنے کی صورت میں حکومت قیمتیں فکس کردے گی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم پاکستان اسحاق ڈار ازبکستان کے وزیر خارجہ کا وزارت خارجہ آمد پر استقبال کر رہے ہیں

ضرورت ہے

مجھے اپنے میڈیکل کیلئے لائسنس کے ضرورت ہے خواہش مند حضرات رابطہ کریں بخاری میڈیکل سٹور کربلا 03178157955

ضرورت ہے

مجھے اپنے میڈیکل کیلئے لائسنس کے ضرورت ہے خواہش مند حضرات رابطہ کریں الشفاء میڈیکل سٹور کربلا 03063714175

ضرورت ہے

مجھے اپنے میڈیکل کیلئے لائسنس کے ضرورت ہے خواہش مند حضرات رابطہ کریں رضوان میڈیکل سٹور کربلا 03126057188

ضرورت ہے

مجھے اپنے میڈیکل کیلئے لائسنس کے ضرورت ہے خواہش مند حضرات رابطہ کریں حفیظ میڈیکل سٹور کربلا 03073838140

ضرورت ہے

مجھے اپنے میڈیکل کیلئے لائسنس کے ضرورت ہے خواہش مند حضرات رابطہ کریں محبوب میڈیکل سٹور کربلا 03323353231

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹیک کرکے انہیں روکنے کی کوشش کی۔ اس دوران ان کی پولیس سے شدید جھڑپیں ہوئیں۔ وکلا نے شدید نعرے بازی کی اور پولیس پر پتھراؤ کیا۔ پولیس نے احتجاج کرنے والے متعدد وکلا کو گرفتار کرلیا۔ تصادم میں ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ سمیت 7 پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ بعدازاں وکلا نے پی او چوک پر جمع ہوئے جہاں بھی ان کا پولیس سے تصادم ہوا۔ وکلا نے احتجاج کرتے ہوئے کیسز کی سماعت کا بھی بائیکاٹ کردیا اور عدالتیں خالی کرادیں۔ وکلا پر تشدد کے خلاف پاکستان بار کونسل نے کل ملک بھر میں احتجاج اور ہڑتال کی کال دے دی ہے۔ اپنے اعلامیے میں پاکستان بار کونسل نے کہا ہے کہ لاہور میں پُرامن وکلا پر پولیس نے شیلنگ اور لاٹھی چارج کیا، پولیس شیلنگ اور لاٹھی چارج سے مختلف وکلا سمیت ممبر پاکستان بار کونسل احسن بھون بھی زخمی ہوئے، پاکستان بار اور سپریم کورٹ بار لاہور واقع کی شدید مذمت کرتے ہیں، واقعہ لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی ہٹ دھرمی کے باعث پیش آیا۔ اسی طرح اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے بھی کل تو مکمل ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ بار ایسوسی ایشن نے موقف اپنایا کہ پولیس کا وکلاء پر بہیمانہ تشدد دہشت گردی کے زمرے میں آتا ہے، دہشت گردی میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج کیے جائیں، لاہور بائیکوٹ بار ایسوسی ایشن کے تمام فیصلوں کی تائید کرتے ہیں، اسلام آباد بائیکوٹ بار ایسوسی ایشن وکلا برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مریم نواز کی وکلا کے خلاف طاقت کا استعمال روکنے کی ہدایت اور جرم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بیان میں کہا کہ آئی جی پولیس کو ہدایت کی ہے کہ وہ وکلاء کے خلاف طاقت کے استعمال سے گریز کریں، وکلا کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے معاملات لاہور ہائی کورٹ کے ساتھ خوش اسلوبی سے حل کریں۔ لاہور کے شہریوں کے تحفظ کے لیے محاذ آرائی سے گریز کیا جائے۔ صدر لاہور بار منیر بھٹی نے پریس کانفرنس میں کہا کہ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ اور حکومت پنجاب کو جعلی مینڈیٹ پر شرمندہ ہونا چاہیے، حکومت پنجاب اس لیے اس تشدد کا حصہ بنی کہ انہوں نے چیف جسٹس سے غلط کام لینے ہیں۔ منیر بھٹی نے کہا کہ اس ملک میں جلد انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی کا انقلاب آئے گا اور چیف جسٹس کے خلاف سن کنڈکٹ پٹیشن فائل کریں گے، آج دس مرتبہ پولیس کو کال کرکے وکلا پر تشدد کا کہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 8 مئی کو ہر سال یوم سیاہ منائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب کے لوٹ کے مذمت کرتا ہوں وہ یہ کھیل کسی اور کے ساتھ کھیلیں، وزیراعلیٰ ہر بات پر اداکاری کرتی ہیں، آپ کو وزیراعلیٰ نہیں مانتے آپ جعلی وزیراعلیٰ ہیں۔ صدر لاہور بار نے کہا کہ اگر وکلا کو رہا نہیں کیا گیا تو اگلا دھرنا چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کے گھر کے باہر دیں گے، میں اپنے بچوں کو بتا کر آیا ہوں کہ میرا انتظار مت کرنا اس تحریک کو جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

واپس روانہ ہوگئے صدر مملکت کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے الوداع کیا صدر مملکت کو دورے کے دوران بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی صدر مملکت نے دورے میں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئی۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ پاٹی پی آئی کہتے ہیں کہ میں فلاحی کی زنجیروں کو توڑ کر رہوں گا، آئین کے تین ستون ہیں، پاٹی پی ٹی آئی کو تینوں کیسز میں ایک ہی دن میں سزا دے دی گئی۔ رہنما پاٹی پی آئی نے کہا کہ ہم 9 مئی کے بیانات کو مسترد کرتے ہیں، لاہور میں آج وکلا پر تشدد کیا گیا ہے وہ پرامن احتجاج کررہے تھے 150 سے زائد وکلا کو گرفتار کرلیا گیا ہے، آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی۔ لطیف کھوسہ نے مزید کہا کہ پنجاب کا دل لاہور ہے اور میرا دل میرا حلقہ ہے، پنجاب سے ن لیگ انتخابات میں کوئی سیٹ نہیں جیتی، ایک ایک کارکن میرے پاس ہے، انہوں نے اپنے کیس معاف کرائے، میں پاٹی پی ٹی آئی کو آج خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سماجی رابطے ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ سانحہ 9 مئی کو تو یاد کرکے سوگ منایا جاتا ہے پر 16 دسمبر 1971 شاید ہی کسی کو یاد ہو اور نہ ہی تاریخ کے کتابوں میں اپنی نسلوں کو پڑھانے کی جرات کی ہو کیونکہ 9 مئی پر فخر کیا جاتا ہے اور 16 دسمبر شرمندگی کا دن ہے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کل کے زیر اثر فری مدارس میں داخل ہو چکا ہے اور اگلے مرحلے میں چائنا ای 6 کے لینڈر اور اسپیڈر کو چائنہ کے جنوبی قطب کی عقبی جانب لینڈ کرایا جائے گا۔ اس کے بعد مین لینڈر چائنا ای 6 مشن سے کیم جون کو علیحدہ ہو جائے گا، جس کے بعد 2 جون کو چائنا ای 6 مشن قمری سطح سے مٹی اور چٹانوں کے سیمپلز جمع کرے گا۔ چائنا ای 6 مشن 4 جون کو واپس کا سفر شروع کرے گا۔ اس سلسلے میں 6 جون کو چائنا ای 6 مشن ڈاکنگ کرے گا اور پروگرام کے مطابق 5 روزہ مشن مکمل کرنے کے بعد 25 جون کو زمین پر واپس لینڈ کرے گا۔ مدار میں پہنچنے کے بعد سیلائٹ کی آربٹ ٹیسٹنگ کا عمل شروع ہوگا۔ انسٹیٹیوٹ آف اسپیس ٹیکنالوجی سیلائٹ کو اگلے 5 سے 6 دن تک ٹیسٹنگ کرے گا۔ واضح رہے کہ پاکستانی خلائی سائنسدان ڈاکٹر خرم خورشید اور ڈاکٹر قمر الاسلام اس حوالے سے چین میں موجود ہیں۔ ڈاکٹر خرم خورشید کا کہنا ہے کہ آئی کیوب کی آربٹ ٹیسٹنگ میں بیٹری ٹیسٹنگ کی جائے گی۔ آئی ایس ایس سیلائٹ کے آن بورڈ کیمیوٹر کو چیک کرے گا۔ اگلے 5 دن تک سیلائٹ کے کمیونیکیشن سسٹم کو بھی ٹیسٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئی کیوب قمر سیلائٹ سے تصاویر 15 اور 16 اپریل تک حاصل کرسکیں گے۔ واضح رہے کہ آئی کیوب قمر پاکستان کا پہلا چاند پر بھیجا گیا سیلائٹ ہے، جو 3 مئی کو چین کے ہینان اسپیس لانچ سائٹ سے خلا میں بھیجا گیا تھا۔ آئی کیوب قمر پاکستان کا سیلائٹ اسپیس مشن ہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کی جانب سے پاکستانی ثقافت پر انٹرنیشنل فلم کی تیاری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ایک عظیم ثقافتی ورثہ کا حامل ملک ہے، ہماری تاریخ، ادب، موسیقی اور فن دنیا بھر میں منفرد اور قابل تعریف ہیں، بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کی جانب سے پاکستانی ثقافت پر فلم دنیا کو پاکستان کی خوبصورتی اور تنوع دیکھنے کا نیا موقع فراہم کرے گی، پاکستان میں فلم واحد صنعت ہے جو ٹیکس فری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کے ارکان سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات میں پاکستانی ثقافت پر مبنی فلم کی تیاری سمیت ملک کے عظیم ثقافتی ورثے اور تاریخ کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کو ملک میں فلم کے شعبہ میں ہونے والی پیشرفت سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے پاکستانی ثقافت پر فلم کی تیاری کا انتخاب کیا، یہ ہماری ثقافت اور لوگوں کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ایک عظیم ثقافتی ورثہ کا حامل ملک ہے، ہماری تاریخ، ادب، موسیقی اور فن دنیا بھر میں منفرد اور قابل تعریف ہیں، ہمیں یقین ہے کہ یہ فلم دنیا کو پاکستان کی خوبصورتی اور تنوع کو دیکھنے کا نیا موقع فراہم کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کو پاکستان میں فلم انڈسٹری کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں فلم واحد صنعت ہے جو ٹیکس فری ہے، شہباز شریف کی قیادت میں پچھلے دور حکومت میں ہم نے فلم پالیسی بحال کی، فلم کے شعبہ کو انڈسٹری کا درجہ دیا تاکہ نوجوانوں کو اس شعبہ میں آنے کا موقع مل سکے انہوں نے کہا کہ بجٹ 23-2022 میں ایک ارب روپے کی لاگت سے فلم فنانس فنڈ قائم کیا، فنکاروں کے لئے میڈیکل انشورنس اور فلم انڈسٹری کے لئے ٹیکس مراعات سے فلم انڈسٹری اور اس سے وابستہ شعبوں کو فروغ ملا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ 23-2022 میں فلم سازوں کو پانچ سال کی ٹیکس چھوٹ دی گئی، نئے سینما گھروں، پروڈکشن ہاؤسز، فلم میوزیمز کے قیام پر پانچ سال کا انکم ٹیکس، فلم اور ڈرامے کی برآمد پر دس سال کے لئے ٹیکس چھوٹ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی طور پر مشترکہ فلم اور ڈرامہ پروڈیوسرز پر غیر ملکی فلم سازوں کو بھی رعایت دی گئی ہے اس کے لئے پاکستان میں 70 فیصد فلم کی شوٹنگ کی شرط لاگو ہے تاکہ سیاحت اور ثقافت سمیت کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ سکرین ٹورازم کے ذریعے پاکستان نے اپنا بیانیہ عالمی سطح پر پہنچایا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کو حکومت اور اپنی جانب سے بھرپور حمایت اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ بالی وڈ پروڈکشن ٹیم کی جانب سے تیار کی جانے والی فلم پاکستانی فلمی صنعت کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی، فلم کی تیاری سے دنیا بھر کے لوگوں کو پاکستان کے بارے میں مزید جاننے کا موقع ملے گا اور ملک کا سافٹ امیج اجاگر ہوگا اس موقع پر بالی وڈ پروڈکشن ٹیم نے پاکستان میں میزبانی پر حکومت پاکستان، پاکستان کے عوام اور فلمی صنعت کے تمام ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ دورہ پاکستان سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، پاکستان کی خوبصورتی، عظیم ثقافتی ورثے اور لوگوں سے بہت متاثر ہیں۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پالیٹک سیشن کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین پہنچنے کے بعد بیجنگ ایئرپورٹ پر پیغام میں کیا وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے امور خارجہ طارق فاطمی کی بیجنگ ایئرپورٹ پر آمد پر پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی اور چینی حکام نے ان کا استقبال کیا۔ یہ نئی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد یہ چین کا پہلا اعلیٰ سطحی دورہ ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ چین پاکستان کا تاریخی دوست ہے مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا سی پیک کے پہلے مرحلے کے تحت 25 ارب ڈالر کے منصوبے پاکستان میں زیر تکمیل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں توانائی اور انفرا سٹرکچر کے شعبے کو اپ گریڈ کیا گیا۔ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں زراعت، صنعت، گرین توانائی اور ٹیکنالوجی کے شعبے کو فروغ دیا جائے گا، اس دورے سے تیرہویں جوائنٹ کوآپریشن کمیٹی میٹنگ کا ایجنڈا مرتب کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکومت نے ایک نئے ادارے کے قیام کا اعلان کردیا ہے، نئے اداروں کی بھرتی سے اب خزانے پر بوجھ پڑے گا۔ انہوں نے کہا گھروں میں چھاپے مارنے والے بچوں کے کھلونے تک توڑ دیتے ہیں، آپ غزتوں کو اتنا پھیلانا چاہتے ہیں کہ نوجوان کہیں ملک میں نہیں رہتا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ یہ کھوکھلی حکومت ہے ان کے پاس کوئی اخلاقی جواز نہیں، حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک میں غربت، بے روزگاری مسلسل بڑھ رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پوری دنیا کی یونیورسٹیوں میں روزانہ کی بنیاد پر احتجاج کا سلسلہ جاری ہے، سوشل میڈیا کی طاقت نے ریاستوں کے گھر ہوں ڈالر کو شکست دیدی۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے، پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی جدوجہد نہایت تابناک ہے، ہمیشہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عدل وانصاف کو اپنی پہچان بنایا۔ انہوں نے کہا کہ سابق چیف جسٹس بندیال نے الیکشن کرانے کا حکم دیا تو انہیں دھمکایا گیا، مگر اس وزیراعظم نے حکومتی رکن کو فارم 47 کا طعنہ دے کر ہمارا موقف درست ثابت کردیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 جج کے خط اور کمشنر راولپنڈی کے بیان نے حقیقت کھول دی، یہ سب کچھ لندن پلان کے تین اہداف کے تحت کیا گیا۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ لندن پلان کا پہلا ہدف مجھے جیل میں ڈالنا تھا، لندن پلان کا دوسرا ہدف نواز شریف کے کیسز معاف کروانا تھا اور لندن پلان کا تیسرا ہدف تحریک انصاف کو کرش کروانا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ میڈیا پر پابندیوں کے باوجود گندم کا اسکینڈل باہر آچکا ہے، اگر میڈیا پر پابندیاں نہ لگائی جاتیں تو اب تک نہ جانے کتنے اسکینڈلز سامنے آجاتے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم اپنے کسانوں سے یک جہتی کا اظہار کرتے ہیں، ریاست پہلے ہی کسانوں کو کچھ نہیں دیتی اب ان سے محنت کا صلہ بھی چھینا جارہا ہے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ے کے لیے ہمارے امیدوار شیخ وقاص اکرم ہوں گے، پارٹی قائد عمران خان نے ان کے نام کی منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے 3 لوگوں کو مذاکرات کا حق دیا ہے، جس نے بھی مذاکرات کرنے ہیں وہ ان سے رابطہ کرے گا، جس کے لیے ہماری صرف 2 ہی شرائط ہیں، جن میں سے ایک تو یہ ہے کہ ملک کو آئین اور قانون کے مطابق چلایا جائے اور دوسرا یہ لوگ سیاست سے باہر نکلیں کیوں کہ سیاست ان کی ڈومین نہیں ہے۔ ایک سوال کے جواب میں رؤف حسن نے جواب دیا کہ ہم لوگ اسمبلیاں چھوڑنے کی غلطی نہیں کریں گے، لوگوں نے ہمیں ووٹ دیا ہے، حامد رضا صاحب نے جذباتی ہو کر بیان دے دیا تھا۔ بتاتے چلیں کہ پی ٹی آئی نے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے لیے پہلے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کے نام کا اعلان کیا تھا انہوں کہا جارہا ہے کہ شیر افضل مروت کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا چیئرمین نہ بنانے کے پیچھے ان کا سعودی عرب سے متعلق بیان وجہ بنی ہے، تحریک انصاف کے قائد عمران خان سعودی عرب سے تعلقات میں کسی قسم کی خرابی نہیں چاہتے اور اس صورتحال میں شیر افضل مروت کی تقرری سے منفی پیغام جاسکتا تھا۔ ادھر پاکستان تحریک انصاف کے رہنما کنیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ میرے اپنے لوگ ہماری ٹانگیں کھینچ رہے ہیں، اپنی ذات کی بے توقیری کسی صورت قبول نہیں کروں گا، یہ لوگ آئیں اور پارٹی کی قیادت کریں، میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کیلئے میدان میں نکلا تھا، حقیقی آزادی کیلئے نکلا تھا، میں تو الیکشن بھی نہیں لڑنا چاہتا تھا لیکن عمران خان کے کہنے پر انتخابات میں حصہ لیا، مجھے اب اس چیئرمین پی اے سی کی ریس سے آؤٹ سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ابھی تک حیرت ہو رہی ہے کہ جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کے فیصلے کو تبدیل کرنے پر ان کو کس نے اکسایا، میں اس کمیٹی کا حصہ ہوں لیکن مجھے کوئی اطلاع نہیں دی گئی، میرے خلاف پارٹی کے لوگوں نے سازش کرکے مجھے ہٹایا، میرا بھائی خیبر پختونخوا کابینہ میں تھا اسے اچانک ڈی نوٹیفائی کردیا گیا اگر انہیں میرے بھائی کو کابینہ میں نہیں رکھنا تھا تو بتا دیتے وہ خود ہی استعفیٰ دے دیتا۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عمل تھا۔ اس سلسلے میں گفتگو میں بھی ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ہمیں حکومتی سطح پر ٹھوس حفاظتی اقدامات اٹھانے چاہیے، سرد ست بدامنی اور فکری انتشار سے بچنے کیلئے ہمیں قومی یکجہتی اور قومی خصوصیات کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم بیرسٹر اسحاق ڈار نے بختیار سیدوف کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اس موقع پر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ بیرسٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط دوستانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ تجارت، اقتصادی میدان سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو بڑھانا چاہتا ہے۔ ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سیدوف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آکر بہت خوشی ہوئی ہے، پاکستان ہمارے لئے اپنے دوسرے گھر کی مانند ہے۔ ازبک وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

راولپنڈی شہر سمیت ضلع کے مختلف تھانوں میں انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت تعزیرات پاکستان کی دیگر دفعات کے تحت مجموعی طور پر 14 مقدمات درج کئے گئے لیکن تاحال کسی مقدمہ میں پولیس تاحال نہ تو مکمل چالان عدالت میں پیش کرسکی اور نہ ہی ملزمان پر فرد جرم ہی عائد نہ ہوسکی، تھانہ آرے بازار، تھانہ سول لائن، تھانہ وارث خان، تھانہ نیو ٹاؤن، تھانہ وارث خان، تھانہ سٹی، تھانہ لیکسلا اور تھانہ صدر راہ میں درج ان مقدمات میں تحریک انصاف کے سابق چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے علاوہ خیبر پختونخوا کے موجودہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور، سابق وفاقی وصوبائی اور اراکین اسمبلی وزرا شیریں مزاری، غلام سرور خان، مراد سعید، مسرت جمشید چیمہ، شبلی فراز، شہباز گل، راجہ بشارت، شیخ رشید، راجہ راشد حفیظ، اعجاز خان جاری، سیماب طاہر، عمر تنویر بٹ صداقت عباسی، کرنل (ر) جمل صابر، شیخ راشد شفیق اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے منتخب یونین کی 3 عہدیداروں سمیت 500 کے لگ بھگ ملزمان کو نامزد کیا گیا تھا جبکہ بڑی تعداد میں نامعلوم ملزمان بھی ان مقدمات کا حصہ تھے مقدمات میں نامزد تمام اہم شخصیات عدالتوں سے عبوری ضمانتیں کروا چکے ہیں جبکہ ملزمان کی بڑی تعداد نہ تو ابھی تک گرفتار ہوسکی نہ ہی انہوں نے عدالتوں سے رجوع کیا اس ضمن میں 10 ماہ تک مسلسل عدم گرفتاری اور روپوشی کے باعث تھانہ سٹی پولیس کی استدعا پر انسداد دہشت گردی راولپنڈی کی عدالت نے رواں سال 19 مارچ کو سابق وفاقی وصوبائی وزرا شیریں مزاری، مراد سعید، مسرت جمشید چیمہ، شبلی فراز، شہباز گل سمیت 12 ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کئے جس کے بعد مذکورہ ملزمان نے یکے بعد دیگرے پیش ہوکر عدالت سے عبوری ضمانتیں کروالیں اطلاعات کے مطابق 500 کے قریب چھوٹے کارکنان اب بھی جیل میں ہیں جبکہ ان کی قیادت معمول کی زندگی گزار رہی ہے ذرائع کے مطابق سانحہ 9 مئی کے دوران راولپنڈی کینٹ کے علاقوں میں شرپسندوں نے درختوں، شاہراؤں کی خوبصورتی کیلئے لگائے گئے گملوں، سٹریٹ لائٹس، ٹی ایچ کیو گیٹ سمیت اہم سرکاری دفاتر کی عمارتوں کو 5 ملین سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا جبکہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن راولپنڈی کی حدود میں مری روڈ پر حساس ادارے کی عمارت حمزہ کیمپ پر حملے، میٹرو بس سروس کے مختلف سٹیشنوں پر پتھراؤ، سکستھ روڈ میٹرو سٹیشن کو نذر آتش کرنے سمیت مجموعی طور پر کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا اس طرح 9 مئی کے سانحہ کے دوران شرپسندوں و انتہا پسندوں نے نہ صرف قومی املاک اور اہم فوجی و سول تنصیبات پر حملہ کرکے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا بلکہ شہدا کی یادگاروں کی بھی بے حرمتی کرکے ملکی وقار کو شدید نقصان پہنچایا جبکہ شہدا کے لواحقین سمیت پوری قوم آج بھی اس سانحہ کے ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کررہی ہے اور انصاف کی منتظر ہے اس ضمن میں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ملکی املاک اور نقاہ عامہ کے منصوبوں کو نشانہ بنانا کسی بھی طرح قابل قبول نہیں سانحہ 9 مئی نہ صرف ملکی وقار کو نقصان پہنچایا گیا بلکہ عالمی سطح پر بھی ملکی بدنامی کا سبب بنا لہٰذا ذمہ داران کیخلاف سخت کاروائی کی جائے اور انکے خلاف مقدمات کا ٹرائل فوجی عدالتوں میں کیا جائے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ین ایف ہیڈ کوارٹر راولپنڈی سے جاری بیان کے مطابق ملزمان اسلام آباد کے ایک بڑے تعلیمی ادارے میں منشیات سپلائی کر رہے تھے۔ خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران خاتون کو تعلیمی ادارے کے گیٹ سے گرفتار کرکے منشیات برآمد کرلی گئی۔ خاتون کے ساتھ گرفتار ملزم تعلیمی ادارے کی کینٹین میں ملازمت کرتا ہے۔ گرفتار ملزمہ کے کمرے کی تلاشی کے دوران چرس، افیون اور آئس کے مزید ٹوکن برآمد ہوئے۔ تحقیقات کے مطابق ملزمہ پشاور سے منشیات سمگل کرکے ملزم تک پہنچاتی تھی۔ ملزمان نے یونیورسٹی کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ گرفتار ملزمہ کا تعلق نوشہرہ جبکہ ملزم کا تعلق مانسہرہ سے ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سمندر پار پاکستانی و ترقی افرادی قوت اور ٹیکنیکل و ووکیشنل ایجوکیشن ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) میں اصلاحات کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعظم نے ملک گیر تکنیکی و فنی تعلیم کو یکساں کرنے اور بیرون ملک پاکستانی افرادی قوت کے بہتر روزگار کیلئے پاکستان سکلز کمپنی (Pakistan Skill Company) بنانے اور پاکستان اسکل ڈویلپمنٹ فنڈ کے فوری قیام کی بھی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے پاکستان اسکل کمپنی اور پاکستان اسکل ڈویلپمنٹ فنڈ کے قیام پر فوری طور پر کام شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی نوجوان افرادی قوت کو عالمی معیار کی تکنیکی و فنی تربیت کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے NAVTTC کو مزید فعال بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تکنیکی شعبوں میں عالمی شہرت یافتہ اور بین الاقوامی سرٹیفکیشن یقینی بنائی جائیں اور NAVTTC اور تمام صوبائی اداروں سے مل کر ملک میں اور بیرون ملک موجود افرادی قوت کا ایک مربوط اور منظم ڈیٹا بیس بنایا جائے۔ وزیر اعظم کی پاکستانی تکنیکی و فنی افرادی قوت کو بیرون ممالک روزگار کے حوالے سے کمپنیوں کے لائسنس رجیم میں بھی اصلاحات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کمپنیوں اور لوگوں کی نشاندہی کی جائے جو پاکستانی افرادی قوت کو دھوکہ دے کر انکو معاشی نقصان پہنچاتے ہیں۔ وزیر اعظم نے دنیا بھر میں پاکستان کی ہنگی کا باعث بننے والے ایک ایک کمپنی کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے پاکستان میں تکنیکی و فنی تربیت کے شعبے کی اصلاحات کیلئے ایک کمیٹی کے قیام کی ہدایت کی۔ کمیٹی شعبے کی مجموعی طور کیلئے سفارشات پیش کرے گی۔ کمیٹی وزارت امور سمندر پار پاکستانی و ترقی افرادی قوت کی اصلاحات پر بھی سفارشات مرتب کرے گی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزارت امور سمندر پار پاکستانی و ترقی افرادی قوت اور ٹیکنیکل و ووکیشنل ایجوکیشن ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے حوالے سے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو NAVTTC کے پاکستان میں افرادی قوت کی تکنیکی و فنی تربیت کے حوالے سے اقدامات کے بارے بتایا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ NAVTTC رواں برس 60 ہزار افراد کو تکنیکی و فنی تربیت فراہم کرے گا جبکہ اصلاحات مکمل ہونے کے بعد آئندہ تین برس میں کل 6 لاکھ افراد کو تکنیکی و فنی تربیت کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تکنیکی و فنی تربیت کیلئے نہ صرف بیرون ممالک سے روزگار کے مواقع اور درکار ہنر کی معلومات کا تبادلہ یقینی بنایا جارہا ہے بلکہ مقامی صنعت سے بھی اس حوالے سے افرادی قوت کی کھپت کا ڈیٹا حاصل کیا جاتا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ NAVTTC نے تکنیکی اور فنی تربیت کے عالمی معیار کو یقینی بنانے کیلئے بین الاقوامی معیار کے شہرت یافتہ اداروں سے طلباء وطالبات کی سرٹیفکیشن لازمی قرار دے دی ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ وزیر اعظم کی ہدایت کے عین مطابق گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے نوجوانوں کیلئے نہ صرف وفاقی سطح پر کوٹہ مختص کیا گیا ہے بلکہ انکی خصوصی تربیت کیلئے علیحدہ پروگرام کا اجراء کیا جارہا ہے جس کا آغاز رواں برس جون میں ہوجائے گا۔ وزیر اعظم نے NAVTTC اور وزارت امور سمندر پار پاکستانی و ترقی افرادی قوت کی اصلاحات پر فوری سفارشات مرتب کرنے کیلئے فوری طور پر ایک کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ازات تسلیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پتوکی کور میں فوجی اعزازات سے نوازنے کی تقریب میں کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل حسن اظہر حیات نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ فوجی افسروں اور جوانوں کو ستارہ امتیاز (ملٹری)، تمغہ امتیاز (ملٹری) اور تمغہ بسالت، 4 شہید جونیئر کمیشنڈ افسروں اور 29 سپاہیوں کے رشتہ داروں کو تمغہ بسالت، 5 افسران کو ستارہ امتیاز (ملٹری) اور 15 افسران کو تمغہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق تقریب میں اعلیٰ افسران اور ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے اہل خانہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سین نے کہا ہے کہ کسانوں کی سہولت کے لئے ملک میں یوریا کھاد کی یکساں قیمتیں نافذ کرنا ہوں گی، کم نہ کرنے کی صورت میں حکومت قیمتیں فکس کردے گی، کھاد کمپنیوں کو کسانوں سے ناجائز منافع لینے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فرٹیلائزر ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایف ایف سی، ایگرو، فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی اور کسان اتحاد کے نمائندوں، وفاقی سیکرٹری صنعت و پیداوار اور چاروں صوبوں کے سیکرٹریز زراعت نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کھاد کمپنیوں کو کسانوں سے ناجائز منافع لینے کی اجازت نہیں دے سکتے، فرٹیلائزر کمپنیاں کسانوں کی مشکلات کا ادراک کئے بغیر یوریا کی قیمتیں بڑھا رہی ہیں، کھاد کمپنیاں حال ہی میں بڑھائی ہوئی یوریا کھاد کی ق

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

پرائمری سطح پر ہیلتھ کیئر ڈلیوری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

سیکرٹری صحت

پرائمری ہیلتھ کیئر اسٹرکچر کو منظم فعال اور بہتر بنا کر ٹرشری کیئر ہاسپٹلز پر بوجھ کم کیا جا سکتا ہے، صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی ہمارا نصب العین ہے اہم سب کو دستیاب وسائل کو بہتر طور پر استعمال کرکے انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر کام کرنا ہوگا

اضلاع میں زچگی و بچہ سے متعلق سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹس میں ایم ایسز اس بات کو یقینی بنائیں کہ خواتین ماہر لیڈی ڈاکٹرز اور اٹینڈنٹ کی موجودگی میں بچے کو جنم دیں، عبداللہ خان کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان عبداللہ خان کی زیر صدارت بلوچستان کے مختلف اضلاع کے ہسپتالوں کی ایم ایسز کی کارکردگی کا آن لائن جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ کوئٹہ ڈاکٹر لبنیٰ خلیل، ڈپٹی سیکرٹری صحت ریاست علی، ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر اسماعیل میروانی، کوویڈ پراجیکٹ ڈاکٹر نقیب اللہ خان، ایم ایس مفتی محمود ہسپتال کچلاک ڈاکٹر عبداللہ، ڈپٹی ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر انجم، انچارج فارماسسٹ ایم ایس ڈی ڈاکٹر نعمت اللہ خان کوئٹہ اور ڈوب ڈویژن کے ڈی ایچ اوز، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی اور ایم ایس ایسز آن لائن تھے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان عبداللہ خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت نے ڈی ایچ اوز، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی اور ایم ایس ایسز کے ساتھ میٹنگز کا آغاز کیا ہے تاکہ ترجیحی علاقوں میں کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے اور خلا کو دور کیا جا سکے۔ معیاری خدمات کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اسپیکر چیمبر میں مصافحہ کر رہے ہیں

نظام تعلیم کی درستگی کیلئے اساتذہ والدین اور طلباء کو مل کر کام کرنا ہوگا، ڈی سی قلعہ سیف اللہ

امتحانات میں نقل کا رجحان معاشرے کی جڑوں کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر دیتا ہے

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ سعید احمد دمڑ نے کہا ہے کہ نظام تعلیم کی درستگی کیلئے اساتذہ والدین اور طلباء کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ امتحانات میں نقل کا رجحان معاشرے کی جڑوں کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر دیتا ہے۔ طلبا اپنی تمام تر توانائیاں حصول علم پر لگائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ سیف اللہ میں قائم مختلف امتحانی مراکز کے دو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

مالداروں کیلئے فری موبائل کیمپ کے احکامات جاری کرنا خوش آئند اقدام ہے

ژوب (خ ن) محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے عبداللہ زئی ڈیزیز کنٹرول ایریا کے مختلف گاؤں میں صوبائی وزیر امور حیوانات بخت کاکڑ سیکرٹری لائیو سٹاک محمد طیب لہڑی ڈی جی لائیو سٹاک ڈاکٹر فاروق ترین کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

یونیورسٹی اساتذہ اور ملازمین کی تنخواہیں ادا کی جائیں رحیم جتک

اس مسئلے پر جعلی صوبائی حکومت کی کمیٹی طفل تسلی کے سوا کچھ نہیں، رہنما بی، این، پی

قوم کے مستقبل کے معماروں کی تربیت کرنے والوں کی سڑکوں پر دھرنے بدقسمتی ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، معروف قبائلی شخصیت "میر عبدالرحیم جتک" نے صوبے کے سب سے اعلیٰ تعلیمی ادارے بلوچستان یونیورسٹی کے اساتذہ کرام اور دیگر ملازمین کو گزشتہ کئی ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی اساتذہ اور تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا ہے۔ اور کہا ہے۔ کہ عام آدمی اور سرکاری ملازمین پہلے ہی بدترین مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ اور اکثر نان شبینہ کے بھی محتاج ہو چکے ہیں۔ اس پر ستم یہ کہ ان کی تنخواہوں کی بندش اور عدم ادائیگی سے وہ مجبوراً لاکھوں روپے مقروض بھی ہو چکے ہیں۔ لازمی ہے۔ کہ اپنے بچوں کی کفالت کے لیے انہوں نے قرضے بھی لیے ہوں گے۔ جس سے وہ اب تک لاکھوں کے مقروض بھی ہو چکے ہیں۔ جو ایک علیحدہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ، ایم پی اے پرنس آغا عمر جان احمد زئی کی ڈی جی بلوچستان لیویز فورس نصیب اللہ کاکڑ سے ملاقات

سابقہ حکومتوں کی ابتر کارکردگی سے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ ہوا

مولانا عبدالواسع

ماضی کے حکومتوں نے صوبے کے تمام سیکٹرز میں بری کارکردگی دیکھائی، پشاور میں قائد جمعیت کی کال پر عوامی اسمبلی کا انعقاد تاریخ رقم کریگی، جمعیت کو مسلسل دیوار سے لگانے کے نتائج صوبے کے عوام برداشت کر رہے ہیں

جمعیت علما اسلام خیبر پشتونخوا اور بلوچستان کی سب سے بڑی پارلیمانی قوت ہے، محلاتی سازشوں کے زریعے ہمارا مینڈیٹ چرایا گیا اور ہمیں اقتدار سے دور رکھا گیا، جمعیت علما اسلام ہی صوبے کی اصل وارث جماعت ہے

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ہی اس صوبے کی اصل وارث جماعت ہے۔ صوبے کیلئے جمعیت علما اسلام کی خدمات واضح ہے جمعیت علما اسلام کو تسلسل سے اقتدار سے دور رکھنے کے نتائج ہاں کے عوام برداشت کر رہے ہیں انھوں نے کہا کہ ماضی کے حکومتوں نے صوبے کے تمام سیکٹرز میں بری کارکردگی دیکھائی جس سے عوام کی پریشانیوں میں کمی کے بجائے اضافہ ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ چونکہ جمعیت علما اسلام عوام کے امنگوں پر پورا اترنے والی جماعت ہے عوام کا مقدمہ لڑنا انکی مسائل حل کرنے اور بالخصوص صوبے کی محرومیاں دور رکھنا ہی جمعیت علما اسلام کے منشور کے اہم مندرجہ ذات ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پشاور قائد جمعیت کی کال پر عوامی اسمبلی کا انعقاد تاریخ رقم کریگی۔ اور اس بات کی مظہر ہوگی کہ جمعیت علما اسلام خیبر پشتونخوا اور بلوچستان کی سب سے بڑی پارلیمانی قوت ہے، محلاتی سازشوں کے زریعے ہمارا مینڈیٹ چرایا گیا اور ہمیں اقتدار سے دور رکھا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کا ایک ایک کارکن قائد جمعیت کی اہمدہ کے لائحہ عمل کیلئے تیار رہیں، قائد جمعیت نے حالیہ تحریک کے آغاز کا اعزاز بلوچستان کو دیا ہے انشاءاللہ انجام تک اہل بلوچستان قائد جمعیت کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے جمعیت علما اسلام کو تسلسل سے اقتدار سے دور رکھنے کے نتائج ہاں کے عوام برداشت کر رہے ہیں انھوں نے کہا کہ ماضی کے حکومتوں نے صوبے کے تمام سیکٹرز میں بری کارکردگی دیکھائی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

ڈی سی قلات سے ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین کی ملاقات

ملاقات میں علاقے کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق

قلات (غلام حسین شاہوانی سے) ڈپٹی کمشنر قلات لیفٹیننٹ رٹائرڈ بلال شبیر سے ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین پرنس عرفان کریم وائس چیئرمین میر مقبول لانگو پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر ملک عصمت کیانی کی ملاقات۔ ملاقات میں ڈپٹی کمشنر کو قلات میں تعیناتی پر مبارکباد دیا گیا علاقے کو درپیش مسائل اور انکے حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا علاقے کے بنیادی مسائل کے حل کے لیئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ جنرل حاجی ابراہیم بنگلوئی سپرنٹنڈنٹ ریونیو ملک حبیب محمد شبی ایس ایچ او قلات لیویز رسالدار جان محمد انگو تفتیشی آفیسر رسالدار علی ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

حب میں مختلف مقامات پر بجلی چوری کیخلاف کریک ڈان

حب (یو این اے) ایف آئی اے بلوچستان کی ٹیم کا کے الیکٹرک کے اہلکاروں کے ہمراہ حب میں مختلف مقامات پر بجلی چوری کیخلاف کریک ڈان، مختلف دکانداروں پر بجلی چوری کرنے پر جرمانے، بعض کو تنبیہ دے کر فارغ کر دیا گیا، کریک ڈان میں آئندہ تیزی آنے کا امکان۔ تفصیلات کے مطابق پیر کے روز ایف آ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

بلوچستان میں بیک وقت ڈپٹی کمشنر کے عہدے پر فائز ہونے والی 5 خواتین کون ہیں؟

5 غیر معمولی خواتین نے مختلف اضلاع میں ڈپٹی کمشنر کے طور پر کردار ادا کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کا نظام زندگی، طور طریقہ اور معاشرہ قبائلی روایات پر مبنی ہے۔ صوبے میں بسنے والی مختلف اقوام اپنے اپنے قبائلی رسم و رواج کے مطابق اپنی زندگی بسر کرتی ہیں۔ ملک کے دیگر علاقوں کی نسبت بلوچستان میں خواتین کو تعلیم حاصل کرنے سمیت دیگر شعبہ جات میں اپنی صلاحیتیں منوانے کا موقع نہیں دیا جاتا۔ تاہم اب اس سلسلے میں خوشگوار تبدیلی دیکھنے کو ملی ہے، قبائلی رسم و رواج کی روایتی زنجیروں کو توڑ کر بلوچستان کی قابل بیٹیوں نے صوبے میں پہلی بار وہ کر دکھایا جو اس سے پہلے نہیں ہوا تھا۔ حال ہی بلوچستان سے تعلق رکھنے والی 5 (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

شیخ جعفر خان مندوخیل کو گورنر بلوچستان بننے پر مبارک دیتے ہیں، سجاد تنولی

کوئٹہ (پ ر) کستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ سٹی کے سابق جنرل سیکرٹری سجاد علی خان تنولی، سینئر نائب صدر اکرم پاشا، سینئر نائب صدر رانا ظفر، سینئر نائب صدر ندیم بزنجو، عامر شیخ میڈیا کوارڈینیٹر، جعفر علی، چاچا شیخ رفیق، شیخ مدثر، سعید احمد خان تنولی، چوہدری امتیاز، عبدالخالق، عاصم علی، عامر بلوچ شبیر، عاصم علی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 47)

بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں عبدالشکور مری

صوبے کے جفاکش لوگ مشکل حالات میں دو وقت کی روٹی کیلئے سرگردان رہتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں صوبے کے جفاکش لوگ مشکل حالات میں دو وقت کی روٹی کے لئے سرگردان رہتے ہیں دنیا بھر میں معیشت کو ترقی دینے کے لئے سرحدی تجارت کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ اپس میں جڑے ممالک کے عوام کی ضروریات اسانی سے پوری ہوتی رہیں بلوچستان میں بھی باڈر ٹریڈ اور باڈر مارکیٹوں کا اعلان کچھ عرصہ قبل بڑے زور شور سے کیا گیا لیکن عملی کام اسکے برعکس ہو رہا ہے جس کی زندہ مثال (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 49)

قرضے لیکر معاف کروانے والوں کی فہرست شائع کی جائے، رحیم کاکڑ

خاص کر سیاستدانوں بیوروکریسی دیگر جو بھی اس گناہ کبیرہ میں شامل ہیں ان کا قوم کو بتایا جائے کہ کن کن لوگوں نے قرض لیے ہیں

آج پورا ملک بربادی کی لپیٹ میں آ چکا ہے ملک کا سارا پیسہ باہر منتقل کیا جا چکا ہے لکھے پڑھے لوگ خود اور اپنا پیسہ باہر منتقل کر چکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سید اقبال شاہ ایڈوکیٹ سپریم کورٹ میر وائیس ایڈوکیٹ احمد شاہ ایڈوکیٹ عمر فاروق ایڈوکیٹ نے چیف جسٹس سپریم کورٹ چیئرمین نیب آرمی چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور سے 1947 سے لیکر اب تک حکومت سے قرضے لینے والوں کی فہرست اور معاف کرانے والے اور خاص کر سیاستدانوں بیوروکریسی دیگر جو بھی اس گناہ کبیرہ میں شامل ہیں ان کی فہرست شائع کی جائے قوم کو بتایا جائے کہ کن کن لوگوں نے قرض لیے ہیں اور کس کس نے ان کے قرضے معاف کیے ہیں قوم کو بتایا جائے آج پورا ملک بربادی کی لپیٹ میں آ چکا ہے ملک کا سارا پیسہ باہر منتقل کیا جا چکا ہے لکھے پڑھے لوگ خود اور اپنا پیسہ باہر منتقل کر چکے ہیں بیان میں مطالبہ کیا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

ترقیاتی کام میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، ملک ارشاد سیلاچی

بختیار آباد تالہڑی روڈ کا کام بروقت مکمل کیا جائے، کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

سبی (یو این اے) عوامی ٹیکس سے ہونے والے ترقیاتی کام میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، بختیار آباد تالہڑی روڈ کا کام بروقت مکمل کیا جائے، ملک ارشاد سیلاچی، ایکسین مواصلات روڈ ملک ارشاد سیلاچی نے گزشتہ روز بختیار آباد تالہڑی روڈ کا دورہ کیا اور کام کے معیار کا معائنہ کیا ایکسین مواصلات روڈ سبی ڈویژن ملک ارشاد سیلاچی نے بختیار آباد تالہڑی روڈ کا دوران کام معائنہ کیا ایس ڈی او مواصلات لہڑی نے ایکسین مواصلات کو روڈ کا دورہ کرایا اور کام کے معیار کا معائنہ کرایا ایکسین مواصلات سبی ڈویژن ملک ارشاد سیلاچی نے ٹھیکیدار کو ہدایات کی کی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا روڈ کا کام معیاری ہونے کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 46)

سکیورٹی کے نام پر گوادر میں گھناونے پروجیکٹ کا آغاز کر دیا گیا، صمند بلوچ

کٹھ پتلی بلوچستان حکومت اور گوادر سے منتخب ہونے والے رکن صوبائی اسمبلی براہ راست شریک ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمند بلوچ نے کہا ہے کہ ایک مرتبہ پھر سیکیورٹی کے نام پر گوادر میں گھناونے پروجیکٹ کا آغاز کر دیا گیا ہے اس گھناونے پرجیکٹ میں ریاستی ادارے کٹھ پتلی بلوچستان حکومت اور گوادر سے منتخب ہونے والے رکن صوبائی اسمبلی براہ راست شریک ہیں گوادر کے عوام کے سخت مذاحمت کے باوجود بھی ایک بار پھر اس منصوبے کو شروع کرنا کا مقصد یہ ہے کہ ریاستی پالیسی ساز عوامی آوز کو جبر سے کچلنے کی کوشش کر رہے ہیں گوادر میں باڑ لگانے کے خلاف مقامی آبادی بلوچ سیاسی پارٹیوں اور قوم نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 48)

تعلیمی اداروں کے پرامن ماحول کو خراب نہیں ہونے دینگے، ایچ ایس ایف

بلوچستان تعلیمی لحاظ سے پہلے ہی پسماندگی کا شکار ہے اگر تعلیمی اداروں کے ماحول کو خراب کیا گیا تو پسماندگی میں مزید اضافہ ہوگا

طالبعلموں کا اولین مقصد حصول علم ہونی چاہیئے نہ کہ گروہ بندی اور غیر تعلیمی مقاصد طلبا اس مقصد کیلئے اپنے ذہنوں میں برداشت پیدا کریں

کوئٹہ (پ ر) ہزارہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی بیان میں گزشتہ روز بیوٹمز یونیورسٹی میں چند طلبا کے درمیان رونما ہونے والے ناخوشگوار واقعہ کو خوش اسلوبی کے ساتھ طلبا تنظیموں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن، پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن اور ہزارہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے ذمہ داران و اکابرین کی موجودگی میں حل کرنے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیمی اداروں کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کسی کوشش کو کامیاب ہونے نہیں دیا جائیگا بلوچستان جو تعلیمی لحاظ سے پہلے ہی دیگر صوبوں کے مقابلے میں انتہائی پسماندگی کا شکار ہے اگر اسکے تعلیمی اداروں کے ماحول کو خراب کیا گیا تو اس پسماندگی میں کئی گنا اضافہ ہوگا جس سے صوبہ کئی دہائی تک ترقی اور تعلیمی پیش (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 48)

پنجپائی کے لوکل 71 ٹیچرز کوئٹہ میں ٹرانسفر پوسٹنگ کر چکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پنجپائی کے لوکل 71 ٹیچرز کوئٹہ میں ٹرانسفر پوسٹنگ کر چکے ہیں۔ جن میں سے اکثریت کلی نیو میانخزی، پنجپائی ناون اور محمد خیل سے ہیں۔ جو صرف پوسٹ فل کرنے کے بعد جلد سورس لڑانے کے بعد کوئٹہ ٹرانسفر ہوتے ہیں۔ اور اب انہی گاں کے سکولوں میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 46)

زیارت، ڈپٹی کمشنر لیاقت علی کاکڑ آریانہ اسکول کی طرف سے تعلیم کے فروغ کے حوالے سے نکالے گئے واک میں شریک ہیں

مزسر کراسنگ پوائنٹ کی بندش، اشیاء خورد و نوش کی شدید قلت

واشک (یو این اے) ماشکیل مزسر کراسنگ پوائنٹ کھولنے کیلئے مسلسل دو ہفتے سے احتجاج کا سلسلہ جاری، اس سلسلے میں آج منعقدہ احتجاجی جلسہ عام میں علما کرام سفید ریش معتبرین، سیاسی سماجی رہنماوں نے شرکت کی اس موقع پہ مقررین میر جنید خان ریکی، ڈاکٹر اشرف ریکی، میر ظریف بلوچ، میر امین اللہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 45)

بسیمہ کا مواصلاتی نظام گذشتہ ایک مہینے سے درہم برہم صارفین، پریشان

آئے روز نیٹ کی طویل سنگلز کی لوڈ شیڈنگ اور ناقص سروس سے صارفین کے پیکیجز ضائع ہو رہے ہیں

واشک (یو این اے) تحصیل بسیمہ کے عوام کے لئے مواصلاتی نظام عرصہ دراز سے درد سر بن گیا۔ نیٹ ورک کی سست روی سے صحافی، طلبا و طالبات، کاروباری حضرات سمیت نیٹ ورک سے منسلک صارفین ذہنی اذیت میں مبتلا، واحد موبائل نیٹ ورک ٹیلی نار کمپنی عوام کو سہولت دینے میں مکمل طور پر ناکام، آئے روز نیٹ ورک کی طویل بریک ڈان اور موبائل نیٹ کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 43)

پنجگور میں 225 سے زائد تھلسیمیا کے مریض موجود ہیں ہمدرد فاؤنڈیشن

علاقے کے مخیر حضرات کو چاہیئے کہ وہ ہمدرد فاؤنڈیشن سے تعاون کریں

پنجگور (یو این اے) ہمدرد فاؤنڈیشن پنجگور کی جانب سے پنجگور کے علاقے مواچھ بازار خداباداں میں تھلسیمیا اور دیگر مریضوں کے لیے خون کے عطیہ کے لیے کا انعقاد کیا گیا جس میں سو سے زائد افراد نے مریضوں کے لیے خون عطیہ کئے واضح رہے ڈسٹرکٹ پنجگور میں 225 سے زائد تھلسیمیا کے مریض موجود ہیں جن کو ہر ماہ خوں کی ضرورت ہوتی ہے اور ساتھ ٹیچنگ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 42)

حب، ملوں کا دھواں فضاء کو آلودہ کرنے لگا، تحفظ ماحولیات خاموش

حب (یو این اے) محکمہ تحفظ ماحولیات بلوچستان کے حب آفس کے قریب واقع سریا ملز سے نکلنے والا دھواں تحفظ ماحولیات حب کے ذمہ داروں کی کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔ تحفظ ماحولیات حب آفس نے مبینہ طور پر سریا ملز کو ریز کاربن جوتے و دیگر اشیا بطور ایندھن جلانے کی اجازت دے رکھی ہے ظاہر ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 44)

حب گوناگوں مسائل کا شکار نظام زندگی بری طرح متاثر

حب شہر آج کے اس جدید دور میں بھی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، میر قدرت اللہ ریکی

حب (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی حب کے ضلعی آرگنائزر و سنٹرل کمیٹی کے رکن میر قدرت اللہ ریکی نے اپنے ایک بیان میں بلوچ کے صنعتی شہر حب کی خستہ حالی پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حب شہر آج کے اس جدید دور میں بھی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم گوناگوں مسائل کا شکار نظام زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ چکی ہیں۔ جہاں پر ضلعی انتظامیہ کی ناقص کارکردگی کے باعث اکثریتی علاقوں میں سیوریج کی بندش سے گندے نالے کے پانی گھروں میں داخل ہو کر شہریوں کو انتہائی موذی امراض میں مبتلا کر چکے ہیں حب شہر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 47)

کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اپنے دفتر میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

سرکاری قیمت پر گندم کی خریداری، لاکھوں کی تعداد میں باردانہ دیا گیا محمد اسلم خان عمرانی

مگر پاسکو زونل ہیڈ کی جانب سے مبینہ کرپشن کر کے تمام باردانہ اوپن مارکیٹ میں سرعام فروخت کر دیا گیا

گنداخہ (یو این اے) ممتاز سیاسی و سماجی شخصیات، معروف زمیندار و جمعیت علما اسلام جعفر آباد کے سرپرست میر محمد اسلم خان عمرانی، سرپرست حاجی میر علی مراد خان رند نے کہا ہے کہ افسوس کا مقام ہے وفاقی حکومت کی جانب سے زمینداروں اور کاشتکاروں سے سرکاری قیمت پر گندم کی خریداری کے لیے پہلے مرحلے میں لاکھوں کی تعداد میں باردانہ دیا گیا مگر پاسکو زونل ہیڈ کی جانب سے مبینہ کرپشن کر کے تمام باردانہ اوپن مارکیٹ میں سرعام فروخت کر دیا گیا ان خیالات کا اظہار میر محمد اسلم خان عمرانی، میر حاجی علی مراد خان رند نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زمینداروں اور کاشتکاروں نے احتجاج بھی کیے مگر حکومت کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)

ریکوڈک پروجیکٹ میں مقامی افراد کو نظر انداز کرنا قابل مذمت ہے، اتحاد نوجوانان

ریکوڈک میں پروفیشنل آسامیوں پر آن لائن کے نام پر مقامی نوجوانوں کو دور رکھنے کے لئے شارٹ لسٹ تک نہیں کیا جاتا

ملازمتوں اور مراعات میں مقامی لوگوں کو مکمل بائی پاس کر کے غیر بلوچوں کو نوازا جا رہا ہے، نوکنڈی تحریک اتحاد نوجوان

نوکنڈی (نامہ نگار) نوکنڈی تحریک اتحاد نوجوانان کے ترجمان نے اپنے جاری کئے گئے بیان میں کہا ہے کہ ریکوڈک پروجیکٹ جو کہ نوکنڈی ضلع چاغی میں ہے مگر یہاں کراچی اور لاہور والوں کی حکومت چل رہی ہے ملازمتوں اور مراعات میں مقامی لوگوں کو مکمل بائی پاس کر کے غیر بلوچوں کو نوازا جا رہا ہے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ریکوڈک میں پروفیشنل آسامیوں پر آن لائن کے نام پر مقامی نوجوانوں کو دور رکھنے کے لئے شارٹ لسٹ تک نہیں کیا جاتا ستم یہاں تک کہ کسی موقع پر چند آسامیوں پر انٹرویٹمیٹ کے تاریخ سے پہلے ہی سندھ اور پنجاب سے لائے گئے لوگوں کو جوائننگ دی گئی اور مقامی نوجوان ابھی تک انتظار میں ہیں کہ کب انھیں انٹرویٹمیٹ کی کال آئیگی بیان میں کہا گیا جب نوجوانوں کو آن (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سید وف ملاقات کر رہے ہیں

اکیسویں صدی کے تمام چیلنجز کا مقابلہ صرف تعلیم سے ہی ممکن ہے، نظام الدین علیزئی

اکیسویں صدی کی تمام تر چیلنجز کا مقابلہ صرف معیار تعلیم ہی کے ذریعے ممکن ہے، ہمارا مستقبل انہی طلبا و طالبات سے وابستہ ہیں

اساتذہ محنت اور لگن سے طلبا و طالبات کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں اور طلبا و طالبات کے مستقبل کو تابناک بنانے میں اساتذہ کا اہم کردار ہوتا ہے

مستونگ (یو این اے) طلبا و طالبات کے مستقبل کو تابناک اور روشن بنانے میں اساتذہ کا اہم کردار ہوتا ہے۔ نظام الدین علیزئی اکیسویں صدی کی تمام تر چیلنجز کا مقابلہ صرف معیار تعلیم ہی کے ذریعے ممکن ہے تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نظام الدین علیزئی کا گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول ٹھل درے خان کا دورہ کیا انہوں نے طلبا کی درس و تدریس کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔ دری اثنا انہوں نے کہا کہ اساتذہ محنت اور لگن سے طلبا و طالبات کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں اور طلبا و طالبات کے مستقبل کو تابناک اور روشن بنانے میں اساتذہ کا اہم کردار ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ صدی معیار تعلیم اور شعور کی صدی ہے اس لئے اساتذہ طلبا و طالبات اور والدین میعار تعلیم (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 39)

کوئٹہ میں ایک شخص کچرے کے ڈھیر سے کارآمد اشیاء تلاش کر رہا ہے

حب، واٹر سپلائی اسکیم کے پانی کو لیبارٹری کیلئے بھجوا دیا گیا

پانی میں کسی بھی قسم کے جراثیم کی موجودگی پر متعلقہ افسران کے خلاف باقاعدہ ایف آئی آر درج کی جائیگی

حب (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر حب علی درانی کا بی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ کے غیر سنجیدہ رویے کو دیکھتے ہوئے فوڈ اتھارٹی کی لیب ٹیم کے ہمراہ ایک بار پھر واٹر سپلائی اسکیم کا معائنہ، عوام کو دیے جانے والے پانی کا نمونہ حاصل کر لیا، مذکورہ پانی کو لیبارٹری کے لئے بھجوا دیا گیا ہے، اے سی حب کا کہنا تھا کہ پانی میں کسی بھی قسم کے جراثیم کی موجودگی پائے جانے پر متعلقہ افسران کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 37)

اسسٹنٹ کمشنر کی فیمیل امتحانی عملہ سے بداخلاقی باعث شرم ہے، جی ٹی اے

غفلت اور کوتاہی کے ذمہ دار اسسٹنٹ کنٹرولر بورڈ ہیں، فتح خان مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل جنرل سیکرٹری مولانا مشہود شاہ اخوندزادہ چیرمین حافظ حنان آختر آرگنائزر رجب خان کاکڑ، سفر محمد مندوخیل، سفر خان اچوزئی، امان اللہ کبزئی، محمد یاسین ناصر، ریحان انجم، مراد خان مندوخیل، حمید اللہ گنڈہ پور، عبدالمنان لعون، محمد زبیر بابر، عبدالکریم خروٹی، شاہ نواز مندوخیل اور شیر ولی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 38)

تعلیمی ادارے ہمارے ورثہ ہیں "ان پر توجہ دینا ہماری ذمہ داری ہے، چاکر خان رند

سبی (نامہ نگار) وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی ڈاکٹر جہاں وش کریم نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی میں "افاق ایجوکیشنل ایکسپو 2024" کے 2 روزہ افتتاح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا تعلیمی ادارے ہمارے ورثہ ہیں، ان پر توجہ دینا، جدید (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

مستونگ، شاہوانی اور اقوام باروزئی نے ثالث مقرر کر دیئے

مستونگ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف بیرک نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کے سربراہی میں اقوام شاہوانی کے 2 فرقین اور اقوام باروزہی کے درمیان 5/6 ماہ قبل لڑائی ہوا تھا فائرنگ سے متعدد افراد شدید زخمی بھی ہوئے تھے آج فریقین سے مکمل اختیار برائے فیصلہ لیا گیا اور فریقین نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماں کا واجہ مولا بخش بلوچ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر جان محمد بلیدی صوبائی صدر و رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری رکن بلوچستان اسمبلی چیرمین خیر جان بلوچ رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز نے جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ عبداللہ بلوچ سے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

کوئٹہ، جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کا نگوانوں اور پنشنرز کی عدم ادائیگی کیخلاف سریاب روڈ پر احتجاجی ریلی اور دھرنے سے پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو، شاہ علی بگٹی، پروفیسر ارسلان شاہ، نعمت اللہ کاکڑ، گل جان کاکڑ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887779 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

سانحہ 9 مئی کو ایک سال مکمل

پاکستان کی تاریخ کے بدترین سانحہ 9 مئی کو آج بروز جمعرات ایک سال مکمل ہونے کے باوجود ذمہ داروں کے خلاف کاروائی نہ ہوسکی، سانحہ 9 مئی پر راولپنڈی شہر سمیت ضلع کے مختلف تھانوں میں انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت تعزیرات پاکستان کی دیگر دفعات کے تحت مجموعی طور پر 14 مقدمات درج کئے گئے لیکن تاحال کسی مقدمہ میں پولیس تاحال نہ تو مکمل چالان عدالت مین پیش کرسکی اور نہ ہی ملزمان پر فرد جرم ہی عائد نہ ہوسکی، تھانہ آر اے بازار، تھانہ سول لائن، تھانہ وارث خان، تھانہ نیوٹاؤن، تھانہ وارث خان، تھانہ سٹی، تھانہ ٹیکسلا اور تھانہ صدر واہ میں درج ان مقدمات میں تحریک انصاف کے سابق چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے علاوہ خیبر پختونخوا کے موجودہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور، سابق وفاقی وصوبائی اور اراکین اسمبلی وزراشیریں مزاری، غلام سرور خان، مراد سعید، مسرت جمشید چیمہ، شبلی فراز، شہباز گل، راجہ بشارت، شیخ رشید، راجہ راشد حفیظ، اعجاز خان جازی، سیماہیہ طاہر، عمر تنویر بٹ صداقت عباسی، کرنل (ر) اجمل صابر، شیخ راشد شفیق اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے منتخب یونین کی 3 عہدیداروں سمیت 500 کے لگ بھگ ملزمان کو نامزد کیا گیا تھا جبکہ بڑی تعداد میں نامعلوم ملزمان بھی ان مقدمات کا حصہ تھے مقدمات میں نامزد تمام اہم شخصیات عدالتوں سے عبوری ضمانتیں کروا چکے ہیں جبکہ ملزمان کی بڑی تعداد نہ تو ابھی تک گرفتار ہوسکی نہ ہی انہوں نے عدالتوں سے رجوع کیا اس ضمن میں 10 ماہ تک مسلسل عدم گرفتاری اور روپوشی کے باعث تھانہ سٹی پولیس کی استدعا پر انسداد دہشت گردی راولپنڈی کی عدالت نے رواں سال 19 مارچ کو سابق وفاقی وصوبائی وزراشیریں مزاری، مراد سعید، مسرت جمشید چیمہ، شبلی فراز، شہباز گل سمیت 12 ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کئے جس کے بعد مذکورہ ملزمان نے یکے بعد دیگرے پیش ہو کر عدالت سے عبوری ضمانتیں کروا لیں اطلاعات کے مطابق 500 کے قریب چھوٹے کارکنان اب بھی جیل میں ہیں جبکہ ان کی قیادت معمول کی زندگی گزار رہی ہے ذرائع کے مطابق سانحہ 9 مئی کے دوران راولپنڈی کینٹ کے علاقوں میں شرپسندوں نے درختوں، شاہراؤں کی خوبصورتی کیلئے لگائے گئے گملوں، سٹریٹ لائٹس، جی ایچ کیو گیٹ سمیت اہم سرکاری دفاتر کی عمارتوں کو 5 ملین سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا جبکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن راولپنڈی کی حدود میں مری روڈ پر حساس ادارے کی عمارت حمزہ کیمپ پر حملے، میٹروبس سروس کے مختلف سٹیشنوں پر پتھراؤ سکستھ روڈ میٹرو سٹیشن کو نذر آتش کرنے سمیت مجموعی طور پر کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا

آزادی اظہار اور ملک دشمن عناصر

محمد علی یزدانی

گزشتہ دنوں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 19 میں واضح طور پر لکھا ہے کہ آزادی اظہار رائے کی حدود و قیود کیا ہیں اور انہوں نے واضح کیا کہ جو خود ان حدود قیود کی پابندیاں نہیں کرتے وہ دوسروں کو تنقید کا نشانہ نہیں بنا سکتے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی یہ بات سو فیصد درست ہے کہ جو کام غلط ہے اگر وہ کوئی خود کر رہا ہے تو کسی دوسرے کو وہی کام نشانہ بنائے یہ مناسب نہیں ہے۔ دوسرا پاکستان میں آزادی اظہار رائے کی بات کریں تو شاید پاکستان میں آزادی اظہار رائے کئی مغربی ممالک سے بھی زیادہ ہے اور ہمارے کچھ دوست حضرات اس آزادی کا ناجائز استعمال بھی کرتے ہیں اور جب انہیں اس پر ٹوکا جائے تو انہیں آزادی اظہار رائے یاد آ جاتی ہے۔ ایک بات تو اب واضح ہو چکی ہے کہ پاکستان میں آرمی کو تنقید کا نشانہ بنانا ہی کچھ لوگوں نے آزادی اظہار رائے سمجھ لیا ہے، یعنی انہوں نے ہر کام میں پاک فوج کو گھسیٹنا ہے اور قومی سلامتی کے معاملات اپنے کالم میں ذکر کرنے ہیں یا پروگرام کرنے ہیں اور جب انہیں ایسا کرنے سے روکا جائے تو وہ آزادی اظہار کی آڑ میں پناہ لینے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ دنیا میں کہیں بھی ایسا نہیں ہوتا کہ آزادی اظہار کو بنیاد بنا کر ملک کی فوج کو تنقید کا نشانہ بنایا جائے یا فوج کو ہر معاملے میں ملوث کر کے پھر آزادی اظہار کا راگ الاپا جائے۔ کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ اس صورت میں ہی دانشور کہلا سکتے ہیں کہ اگر وہ پاک فوج کو تنقید کا نشانہ بنائیں کیوں اس طرح انہیں عالمی سطح پر سراہا جاتا ہے اور یہ عالمی سطح پر سراہنے والے کون ہیں یہ ملک دشمن عناصر ہیں جو چاہتے ہیں کہ پاک فوج کو تنقید کا نشانہ بنایا جائے اور ایسے لوگ جب اپنے ہی ملک کی فوج کو برا کہتے ہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہیں تو یہ سراہنے والے دشمن عناصر انہیں ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور انہیں دانشور قرار دیتے ہیں، انہیں عالمی سطح پر سراہتے ہیں اور یہ لوگ اس دھوکے میں ہوتے ہیں کہ وہ دانشور بن گئے ہیں کہ عالمی دنیا انہیں جان رہی ہے تو یہ صرف اسی وجہ سے ہے کہ وہ پاک فوج کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں، اپنے ملک کی سلامتی کیلئے خطرہ بن رہے ہیں، ملک کیخلاف بول رہے ہیں اور ایسا کرنے سے اگر کوئی خود کو دانشور کہلانا چاہتا ہے تو ایسے دانشور یا ایسی دانشوری سے بندہ بیوقوف ہی بھلا! کم از کم اس بیوقوفی میں یہ بندہ ملک دشمنی نہیں کر رہا ہوتا اور نہ ہی ملک دشمن عناصر کے آلہ کار کے طور پر کام کر رہا ہوتا ہے۔ کچھ عرصے سے ہمارے ہاں ٹویٹر بھی نہیں چل رہا جس پر مغربی دنیا تو چیں بہ چیں ہو رہی ہے ساتھ میں ہمارے ملک کے دانشور حضرات کو جو ٹویٹر کے ذریعے اپنے عالمی آقاؤں کو خوش کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس پر بہت تکلیف ہے کہ ٹویٹر بند ہونے سے آزادی اظہار رائے ختم ہو رہی ہے جبکہ پاکستان کی 25 کروڑ آبادی میں سے ٹویٹر استعمال کرنے والے شاید چند لاکھ ہوں اور یہ چند لاکھ لوگ خود کو پورے پاکستان کا نمائندہ قرار دیتے ہیں جبکہ عام آدمی کو اس سے کوئی غرض نہیں کہ اس کا ٹویٹر چل رہا ہے یا نہیں یا اس نے آج اگر ٹویٹر بند ہونے کی وجہ سے کوئی ٹویٹ نہیں کی تو اس کا جینا کیسے ہو گا۔ یہ سب ایک مخصوص کلاس کے چونچلے ہیں جس کو پاکستان میں آزادی اظہار رائے قرار دیا جاتا ہے۔ امریکہ جو دنیا میں آزادی اظہار رائے کا سب سے بڑا چیمپئن سمجھا جاتا ہے وہاں ٹویٹر نے حکومت سے مل کر سابق صدر ٹرمپ کا اکاؤنٹ بند کر دیا تب تو کسی کو آزادی اظہار رائے یاد نہیں آئی تب تو سب کہہ رہے تھے کہ اچھا ہوا ایک سر پھرے کا اکاؤنٹ بند کر دیا گیا، اسی طرح امریکہ میں ٹک ٹاک کو امریکی قومی سلامتی کیخلاف خطرہ سمجھا جاتا ہے اور وہاں اس پر پابندیاں عائد کر دی جاتی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ امریکی اقدام اپنے ملک کی سلامتی کیلئے ہے اس پر ہمیں یا کسی کو بھی کوئی تکلیف نہیں ہونی چاہئے۔ اسی طرح پاکستان میں اگر پاکستان کی حکومت سمجھتی ہے کہ کسی سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے

اندر کی پختگی

ندیم اختر ندیم

ایک لڑکا کسی گاؤں میں خالہ کے پاس رہتا تھا خالہ کی اولاد نہ تھی سو اس نے اپنی بہن سے اس کا بیٹا لے لیا تھا تاکہ اولاد کی کمی پوری کی جا سکے لڑکے کی ماں شہر جبکہ وہ گاؤں اپنی خالہ کے پاس عیش کے دن گزار رہا تھا اسکے پورے ناز اٹھائے جا رہے تھے لڑکا اپنی ماں سے بھی پیسے بٹورتا اور خالہ سے بھی سو اسکی پانچوں انگلیاں گھی میں تھیں شہر کے مقابلے میں گاؤں کی تعلیم کیا ہوگی وہ نہم کلاس کے امتحانات دے رہا تھا لاڈ پیار نے اس سے تعلیمی میلان چھین لیا تھا کھیل کود میں خوش رہتا نہم کے پیپرز ہو رہے تھے ایک روز پرچہ دے کر آیا تو ماں سے فون پر کہہ رہا تھا جانتی ہو آج میں نے کون سا پرچہ دیا ہے؟ ماں نے کہا بتاؤ کون سا پرچہ دے کر آئے ہو وہ فون پر اونچی آواز سے کہہ رہا تھا آج میں بائیولوجی کا پرچہ دے کر آیا ہوں اور یہ وہ مضمون ہے جسے پڑھ کر لوگ ڈاکٹر بنتے ہیں لڑکا ابھی نہم کلاس کا امتحان دے رہا تھا اور اسکا فیل ہونا بھی یقینی تھا اور ماں کو ڈاکٹر بننے کے خواب دکھا رہا تھا۔ ایسے ہی گاؤں کا اتائی ڈاکٹر دسویں فیل شہر کے کسی اچھے ہسپتال میں معمولی ملازم تھا چند ماہ میں ہی اس نے گاؤں میں اپنا کلینک بنا لیا اور لوگوں میں موت بانٹنے لگا آس پاس کے گاؤں والے بھی اسکے پاس آتے اس نے گاؤں میں بتایا ہوا تھا کہ شہر کے بڑے ہسپتال میں اسکی نوکری ہے جہاں بڑے ڈاکٹروں کے کے ساتھ کام کرتا ہے اور کوئی لاکھ روپے کے قریب اسکی تنخواہ ہے حالانکہ اسے دس ہزار ملتے تھے گاؤں میں اس نے اپنی دھاک بٹھا رکھی تھی کہتا کہ اس نے کئی بار ہسپتال کی نوکری چھوڑنی چاہی لیکن ڈاکٹرز اسے نہیں جانے دیتے۔ گاؤں میں اپنے جھوٹے قصے سنا کر لوگوں کو مرعوب کرتا گاؤں کے پڑھے لکھے لوگ بھی اسکی باتوں میں آ گئے اس کی شہرت دور تک پھیلی اور چند ہی سال میں وہ اتائی کار کوٹھی پلازوں کا مالک بن گیا یہ اتائی شہر کے جس ہسپتال میں ملازمت کرتا تھا اس ہسپتال سے مریضوں کو بہلا پھسلا کر اپنے گاؤں بلاتا صد حیف ہمارے لوگ ابھی تک باشعور نہیں ہوئے وہ شہر کے ہسپتال میں گئے مریضوں سے کہتا یہاں ہسپتال میں آپ کا علاج ممکن نہیں آپ گاؤں میرے کلینک پہ آئیں وہاں آپ کا علاج ہوگا یوں سالہا سال وہ شخص شہر سے مریضوں کو گمراہ کر کے اپنے گاؤں بلاتا اور انہیں ناقص ادویات دے دے کر اور بھی بیمار کرتا کچھ سال بعد ڈاکٹرز کو اس کی بے ایمانی کا پتہ چلا تو انہوں نے اسے ہسپتال سے فارغ کر دیا لیکن جب تک ڈاکٹرز کو پتہ چلا تب تک وہ اپنے گاؤں میں قدم جما چکا تھا اب دور دراز سے لوگ گاؤں میں اس میٹرک فیل اتائی کے پاس جاتے ہیں اس اتائی کا ایک اور واقعہ سنیے ایک خاتون کہ جو لاہور کسی پروفیسر صاحب کے پاس گئی اور اس پروفیسر صاحب نے اسے ایک انجیکشن لکھ دیا کہ یہ انجیکشن اتنے دنوں بعد لگے لگوا لینا وہ خاتون انجیکشن لے کر اس اتائی کے پاس گئی کہ یہ انجیکشن لگا دیں اتائی نے انجیکشن دیکھتے ہی کہا یہ کہاں سے لائی ہو خاتون نے کہا کہ لاہور کے پروفیسر صاحب نے لکھ کر دیا ہے کہنے لگا یہ کون سا بے وقوف پروفیسر ہے تمہیں اس ٹیکے کی ضرورت نہیں میں تمہیں ٹیکہ لگاتا ہوں۔ اس اتائی کی طرح ایک نام نہاد شاعر ہے میں تو ان نام نہاد شاعروں کو بھی اتائی شاعر کہوں گا وہ نام نہاد شاعر ایک استاد شاعر کے پاس جاتا اور کہتا کہ حضرت مجھے دو چار شعر کہہ دیجئے چار شعر آپ کہہ دیں گے تو ان کی رہنمائی میں ہم بھی کوئی تین شعر کہہ کر غزل مکمل کر لیں گے وہ ایک شاعر سے چار اشعار لکھواتا اور دوسرے شہر میں دوسرے شاعر کے پاس جا کر کہتا کہ حضرت یہ چار اشعار ہم نے کہے ہیں چاہتے ہیں کہ اب آپ کا استادانہ رنگ میری غزل میں ڈھل جائے تو پھر غزل کو چار چاند لگ جائیں گے تو دوسرے شہر کا استاد جب وہ اچھے اشعار دیکھتا تو اسے تین چار شعر کہہ کے غزل مکمل کر دیتا دوسرے شاعر سے لکھوا کر وہ پہلے شاعر کو کہتا جی یہ میں آپ کے لکھے شعروں کے آگے کچھ اور شعر لکھے ہیں غزل مکمل ہو گئی چونکہ دوسرا بھی استاد شاعر کا لکھا ہوتا تھا تو پہلا استاد شاعر بھی اسے داد دیتا اور دوسرے استاد شاعر سے بھی اس کو داد ملتی۔ معاشرے میں اس طرح کے فنکار لوگ لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ ان اتائیوں کی طرح ان نالائق سٹوڈنٹس اور فریبی شاعروں کی طرح ہمارے کچھ سیاستدان بھی ہیں جو عوام کو نہ جانے کب سے فریب دے رہے ہیں قیام پاکستان کے بعد پاکستان کو کچھ ہی عرصہ مخلص قیادت میسر آئی پھر اس کے بعد کھینچا تانی لوٹ کھسوٹ کا ایسا سلسلہ شروع ہوا جو ہنوز جاری ہے، پاکستان اور عوام کے نام پر حکمرانوں نے دنیا سے دو دو ہاتھ دراز کر کے جھولیاں پھیلا پھیلا کر قرضے لیے ہیں اور قرضوں کا حجم بھی پہاڑوں کی طرح ہو گیا عوام قرضوں کے کوہ گراں کے نیچے دب گئے لیکن پاکستان کے مسائل حل نہ ہوئے پاکستان کے عوام کو ریلیف نہ مل سکا ٹھیک ہے پاکستان مسلم لیگ نون کی حکومت کا میں اتنا معترف ضرور ہوں کہ مسلم لیگ نون کے دور میں کچھ ترقیاتی کام تو ضرور ہوتے ہیں لیکن مجموعی طور پر ہمارے سیاست دانوں نے پاکستان اور پاکستان کے عوام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے جس طرح ایک نالائق سٹوڈنٹ اپنی ماں کو اپنی لچھے دار باتوں سے الجھا دیتا ہے جس طرح ایک اتائی ڈاکٹر لوگوں کو گمراہ کر کے کار کوٹھیوں کا مالک بن جاتا ہے جس طرح ایک جعلی شاعر شاعروں سے لکھوا لکھوا کر شاعر بن جاتا ہے اسی طرح ہمارے سیاستدانوں کے احوال بھی ہیں ان میں کوئی سیاسی بصیرت نہیں۔ آج عالمی منظر نامے میں اگر ہم پاکستان کے احوال دیکھیں تو پاکستان اس وقت نہایت سیاسی خستہ حالی کا شکار ہے یہ سب کو معلوم ہے کہ نیتن یاہو جو ایک انٹرویو میں برملا کہہ چکا ہے کہ اسے پاکستان کا سیاسی استحکام منظور نہیں اور آج پاکستان سیاسی طور پر اس قدر خستہ اور شکستہ ہے کہ اگر پاکستان کو کوئی ایک فیصلہ کرنا پڑ جائے تو کوئی ایک جماعت اکیلے فیصلہ نہ کر سکے فلسطین پر لکھ لکھ کر قلم کاروں کے اعصاب مضمحل ہو گئے ذہن تھک گئے قلم کی سیاہیاں خشک ہونے کو آئیں لیکن اسرائیلی جارحیت کو دنیا میں کوئی روک نہیں سکا امریکہ سے لے کر یورپ تک طالب علموں کا احتجاج پھیلتا ہے اقوام متحدہ میں اسرائیل کے خلاف قراردادیں منظور ہوتی ہیں

مثبت معاشی اشاریے

مصطفیٰ کمال پاشا

پاکستان کے معاشی حالات کے بارے میں مثبت تاثرات بڑھتے ہوئے نظر آنے لگے ہیں، اچھی خبریں سننے میں آ رہی ہیں، ہمارے سفارتی معاملات بہتری کی طرف رواں دواں ہیں۔ امریکہ، چین، ترکی، ایران، سعودی عرب و امارات کے ساتھ تعلقات میں بگاڑ پیدا کرنے والی سیاسی قیادت ہنوز ویسے ہی منفی ہتھکنڈے استعمال کرنے میں مصروف ہے۔ غیر فطری طور پر سیاسی قیادت کے منصب تک پہنچنے والی شخصیت اب بھی معاملات کو بگاڑنے میں ملوث ہے، پوری طرح، پوری تیاری کے ساتھ منفی سیاست کے ذریعے قومی معیشت کو سنبھلتے ہوئے دیکھنا نہیں چاہتی۔ عمران خان کے بارے میں حکیم محمد سعید شہید اور ڈاکٹر اسرار احمد مرحوم کی پیش گوئیاں تو اپنی جگہ موجود ہیں، جنہیں اب پیش گوئیاں نہیں کہا جا سکتا، کیونکہ عمران خان اپنے فکر و عمل کے ذریعے ان پیش گوئیوں کو صد فیصد ثابت کر چکے ہیں۔ عمران خان کے مخالفین انہیں یہودی ایجنٹ قرار دیتے ہیں، انہیں طعنہ دیتے ہیں کہ وہ یہودیوں کے آلہ کار ہیں۔ یہ بات جزوی طور پر درست ہے، لیکن علمی و تحقیقی اعتبار سے درست نہیں ہے، کیونکہ عمران خان ان کے ایجنٹ نہیں ہیں۔ وہ گولڈ سمتھ خاندان کے داماد ہیں، ان کی بیٹی کے شوہر (سابقہ) ہی نہیں ہیں، بلکہ اس خاندان کے دو افراد کے باپ بھی ہیں۔ گولڈ سمتھ کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ صرف یہودی ہیں کامل سچ نہیں ہے۔ تاریخ کے مطالعے سے ہمیں پتہ چلتا ہے رتھ چائلڈز نے امریکہ اور یورپ کی ساخت پرداخت میں مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ 1917ء کے بالفور ڈیکلریشن کے اجراء میں انہی کا کلیدی کردار ہے۔ یہی ڈیکلریشن 1948ء میں ریاست اسرائیل کے قیام کا باعث بنا تھا۔ اس ڈیکلریشن کے اجراء کا سہرا رتھ چائلڈز کے سر ہے۔ اس کے بعد دنیا بھر میں پھیلے، بکھرے یہودیوں کو مجوزہ اور موعودہ سرزمین فلسطین کی طرف ہجرت کرنے کے لئے ابھارنا اور مالی معاونت مہیا کرنا بھی رتھ چائلڈز نے اپنے ذمہ لے رکھا تھا۔ یہودیوں کو آباد کرنے اور یہاں فلسطینی عربوں سے زمین خریدنے کے لئے درکار سرمایہ بھی رتھ چائلڈز نے بھی فراہم کیا تھا۔ اب تیسرے ٹیمپل کی تعمیر اور یہودیوں کے مسیحا کی آمد و استقبال کی تیاریوں میں بھی رتھ چائلڈز پیش پیش ہیں۔ عمران خان کے سسرالی خاندان، گولڈ سمتھ فیملی کا تعلق بھی رتھ چائلڈز سے ہے، اس لئے یہ کہنا کہ عمران خان یہودی ایجنٹ ہے درست نہیں ہے۔ وہ تو ان کے داماد ہیں۔ یہودی ان کے سسرالی ہیں۔ بات ہو رہی تھی معاشی بہتری کی۔ ہماری سٹاک مارکیٹ 72 ہزار کی نفسیاتی حدود میں داخل ہو چکی ہے۔ یہ تاریخی بلندی ہے۔ سرمایہ کار آنے والے دنوں میں پاکستانی معیشت کو بڑھتا، پھلتا، پھولتا دیکھ رہے ہیں، اس لئے وہ جی بھر کر سرمایہ کاری کر رہے ہیں، جس کے باعث مارکیٹ میں گرمی اور بڑھوتی نظر آ رہی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ساتسوگو اسکاوا نے پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کو نہ صرف سراہا ہے، بلکہ اس کی مکمل حمایت کا بھی یقین دلایا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ''بینک عوامی نجی شراکت داری اور موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے معاملات میں مکمل تعاون کرے گا۔ پاکستانی معیشت بہتری کی سمت گامزن ہو چکی ہے''۔ ایک اعلیٰ سطحی سعودی وفد سرمایہ کاری کے معاہدوں پر دستخطوں کے لئے پہلے ہی پاکستان آ چکا ہے۔ سعودی شہزادہ محمد سلمان کی ہدایت پر 30 سے زائد کمپنیوں کے سرمایہ کاروں پر مشتمل وفد کے ساتھ یہاں 10 ارب ڈالر سے زائد سرمایہ کاری کے معاہدوں پر دستخط کیے جائیں گے۔ ایسا پہلی بار ہو رہا ہے کہ سعودی سرمایہ کار براہ راست یہاں سرمایہ کاری کے لئے یہاں آئے ہیں۔ حکومت پاکستان، سعودی کمپنیوں کے ساتھ مل کر نوجوانوں کے لئے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے کی خواہش رکھتی ہے۔ سعودی حکمران، پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنے میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی سرمایہ کار یہاں آئے ہیں۔ دوسری طرف سعودی ولی عہد کا دورہ پاکستان بھی متوقع ہے۔ اطلاعات کے مطابق محمد بن سلمان پاکستان کے دورے پر پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے فیصلوں پر عملدرآمد کی یادداشتوں پر دستخط کریں گے۔ یہ معمولی بات نہیں ہے۔ پاکستانی معیشت کا پہیہ شدید سست روی کا شکار ہو چکا ہے۔ سعودی سرمایہ کاری اس پہیے کو نئے سرے سے رواں دواں کرنے میں مددگار ثابت ہو گی۔ پیداواری عمل کا مؤثر اجراء نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کرے گا بلکہ حکومتی وصولیوں میں بھی بہتری پیدا ہو گی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم ہو گا۔ برآمدات میں اضافہ، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری کا سبب بنے گا۔ ایرانی قیادت کے ساتھ معاملات بھی مثبت سمت میں آگے بڑھتے نظر آ رہے ہیں۔ ایران صرف ہمارا ہمسایہ ہی نہیں ہے، بلکہ تاریخی اعتبار سے ہمارا دوست بھی ہے۔ آر سی ڈی کے تحت پاکستان، ایران اور ترکی کے مل جل کر کام کرنے کی ایک تاریخ ہے۔ ایران، پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ کوئی چھوٹا موٹا پراجیکٹ نہیں ہے، اس کی تکمیل اور اجراء کے بھی ہماری معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ اس کے علاوہ پاک ایران بارڈر معاملات میں بہتری کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے فروغ سے پاکستانی عوام کو معاشی ثمرات ملیں گے۔ اس بارے میں بھی کوئی شک نہیں کہ ایران کے ساتھ تعلقات کی راہ میں امریکی دباؤ ایک بہت بڑا منفی عامل ہے، لیکن ہمارے سامنے ایسی مثالیں بھی موجود ہیں کہ امریکی دباؤ کے باوجود کئی ممالک نے اپنے قومی مفادات کے حصول کے لئے ایران کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کئے۔ بھارت کی مثال دیکھ لیں، امریکی حلیف ہوتے ہوئے بھی وہ روس کا بہت بڑا تجارتی پارٹنر بھی ہے، اسلحہ کی خریداری بھی کرتا ہے۔ امریکی دباؤ کے باوجود ایران کے ساتھ بھارتی تجارت ہمارے لئے ایک مثال ہے۔ امریکہ کو ناراض کئے بغیر ہم اپنے قومی مفادات کے مطابق ایران یا کسی بھی ملک کے ساتھ معاملات طے کر سکتے ہیں۔

سکینڈل بناؤ۔ مٹی پاؤ

نسیم شاہد

اخبارات گندم سکینڈل کی خبروں سے بھرے ہوئے ہیں؛ تاہم کسی کو بھی اس بات کا یقین نہیں کہ اس سکینڈل کا کچھ نہیں نکلے گا۔ 300 ارب روپے کا یہ سکینڈل بھی اپنی موت آپ مر جائے گا اور قوم کو کسی اگلے سکینڈل کے انتظار پر لگا دیا جائے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج اعجاز اسحاق خان نے غالباً ازراہ تفنن نیب پراسیکیوٹر سے یہ سوال پوچھا ہے کہ نیب گندم سکینڈل کی انکوائری کب کرے گا؟ حالانکہ نیب اب اس قسم کے چھوٹے موٹے سکینڈلز میں دلچسپی نہیں لیتا، اسے تو توشہ خانے کی اشیاء بیچنے والوں کو پکڑنے میں دلچسپی ہوتی ہے، وہ بھی خاص خاص کیسوں میں، وگرنہ وہ عدالت جا کر یہ بیان بھی دے دیتا ہے، ہمیں فلاں شخصیت کے خلاف کیس چلانے سے کوئی دلچسپی نہیں۔ یہ گندم جس کے بارے میں کہا جا رہا ہے کیڑے والی ہے، نگران حکومت کے دور میں درآمد کی گئی۔ اب نگران دور کے وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی بے قاعدگی یا کرپشن روا نہیں رکھی گئی۔ محسن نقوی نے تو یہ بھی کہہ دیا ہے بعض بڑے انہیں گندم سکینڈل میں ملوث کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، انہیں کامیابی نہیں ہوگی۔ اصولاً تو یہ سیدھا سادہ نیب کا کیس ہے، کیونکہ 300 ارب روپے کی کرپشن ہوئی ہے۔ نیب چھوٹے چھوٹے کیسوں میں کود پڑتا ہے، مگر اس کیس میں نجانے کیوں اُس کے پر جل رہے ہیں۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے اتنا بڑا فیصلہ جس میں 300 ارب روپے کی گندم درآمد کرنے کی اجازت دی گئی، اکیلے نگران وزیراعظم نہیں کر سکتے۔ یہاں تو منتخب وزیراعظم اتنا بااختیار نہیں ہوتا ایک نگران وزیراعظم کی کیا حیثیت ہوتی ہے کہ من مانی کر سکے۔ اس کے پسِ پردہ بہت طاقتور ہاتھ ہیں اور طاقتور ہاتھ ہوں تو کوئی کسی کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا۔ آج کل مولانا فضل الرحمٰن اپنے ہر خطاب میں اسٹیبلشمنٹ کے پیچھے لٹھ لے کر پڑے ہوئے ہیں۔ وہ موجودہ حکومت کو ماننے پر ہی تیار نہیں۔ اُن کے بقول اس وقت ملک پر اسٹیبلشمنٹ کی براہ راست حکومت ہے۔ شکر ہے ابھی تک انہوں نے یہ بیان نہیں دیا کہ گندم سکینڈل میں بھی کسی اور کا نہیں اسٹیبلشمنٹ کا ہاتھ ہے۔ کسی سیانے کا قول ہے پاکستان میں کسی معاملے میں مٹی ڈالنی ہو تو انکوائری کمشن بنا دو۔ پھر نہ اُس معاملے کا پتہ چلے گا اور نہ کمشن نظر آئے گا۔ البتہ آٹھ نو سو صفحات کی ایک انکوائری رپورٹ آ جائے گی، جس میں بڑے سے بڑا سکینڈل زندہ درگور کر دیا جاتا ہے۔ سنا ہے کسان 10 مئی سے احتجاج شروع کر رہے ہیں، اپنی فیملیوں سمیت ریلی نکال کے لاہور پہنچیں گے، پولیس حسبِ معمول انہیں جگہ جگہ روکے گی، گرفتاریاں ہوں گی، ہلا گلا ہوگا، مگر ہوگا پھر بھی کچھ نہیں۔ جنہوں نے میلہ لوٹنا تھا وہ لوٹ کر چلے گئے۔ اب لکیر پیٹتے رہو کسی کو کیا فرق پڑتا ہے۔ دنیا بھی سوچتی ہوگی کیا عجیب ملک ہے۔ ایک ارب ڈالر آئی ایم ایف سے لینے کے لئے کیسے کیسے پاپڑ بیلتا ہے۔ اپنے عوام پر ظلم ڈھاتا ہے، غریب کے منہ سے آخری نوالہ تک چھیننے سے گریز نہیں کرتا اور دوسری طرف کتنی آسانی سے چند ماہ نیاز مل کر اس ملک کو ایک ارب ڈالر کا چونا لگا جاتے ہیں۔ ایک طالب علم جب بیرونِ ملک داخلہ لیتا ہے تو اُسے فیس اور واجبات کے لئے زرمبادلہ کڑی شرائط اور مشکلات سے گزرنے کے بعد ملتا ہے، لیکن جنہوں نے دو نمبری کرنی ہو، ضرورت نہ ہونے کے باوجود بیرونِ ملک سے گندم منگوانی ہو، انہیں ہر پابندی ہٹا کر ڈالر جاری کر دیئے جاتے ہیں۔ کہنے کو یہ 300 ارب کا نقصان ہے، مگر حقیقت میں اس سے بہت زیادہ ہوا ہے، کیونکہ اس ملک کا وہ کسان رُل گیا ہے جو سارا سال محنت کر کے فصل کے انتظار میں بیٹھ جاتا ہے، اس امید پر کہ اب اُسے اپنی محنت کا اجر ملے گا۔ اُس کی فصل سڑکوں پر پڑی ہے اور کوئی خریدار نہیں۔ حکومت صرف طفل تسلیاں دے رہی ہے، خریداری کا عمل کہیں بھی شروع نہیں ہو سکا۔ گویا ایک طرف اربوں روپے ناقص گندم کی درآمد پر ضائع کئے گئے اور اب کسانوں کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ ایک بات جو ہم سب بھول رہے ہیں وہ یہ بنیادی حقیقت ہے کہ معیشت کا پہیہ نئی فصل آنے پر چلتا ہے۔ لاکھوں کسانوں کو جب اُن کی فصل کا معاوضہ ملتا ہے تو وہ اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے بازاروں کا رخ کرتے ہیں۔ فصل آنے پر بچوں کی شادیاں کرتے ہیں اور اُسی کی آمدنی سے اپنے رُکے ہوئے کام پایۂ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ اب یہ سب کام رُک گئے ہیں، اُلٹا کسان مقروض ہو گیا ہے۔ جو قرضے اُس نے فصل کی فروخت سے چکانے تھے، اب نئے قرض کی صورت اُس کے لئے ڈراؤنا خواب بن گئے ہیں، مگر حکمرانوں کو اس کی کیا پرواہ، اُن کا ڈنکا تو بج رہا ہے

قاضی محمد عیسیٰ کون؟

محمد آصف بھلی

بلوچستان کے قاضی محمد عیسیٰ کی ملاقات جب قائداعظم سے ہوئی تو ان کی عمر صرف 26 سال تھی۔ قائداعظم نے پہلی ہی ملاقات میں نوجوان بیرسٹر قاضی محمد عیسیٰ سے کہا کہ پورے ہندوستان میں صرف بلوچستان ہی وہ علاقہ ہے جہاں مسلم لیگ نہیں، آپ وہاں جا کر مسلم لیگ کو منظم کریں۔ قائداعظم کی زبان میں وہ اثر تھا کہ نوجوان قاضی محمد عیسیٰ انکار نہ کر سکے پھر قاضی محمد عیسیٰ پر مسلم لیگ کی تنظیم سازی کا وہ جنون طاری ہوا کہ انہوں نے دن دیکھا نہ رات ایک طرف تو قاضی محمد عیسیٰ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی تنظیم میں مصروف اور دوسری طرف وہ ہندوستان بھر میں قیام پاکستان کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لئے دورے بھی کرتے رہے۔ پورے ہندوستان میں مسلم لیگ کا ایک بھی اہم اجلاس نہ ہوگا جس میں قاضی محمد عیسیٰ نے شرکت نہ کی ان کی انتھک جدوجہد کا یہ ثمر تھا کہ چند ہی ماہ بعد بلوچستان میں تاریخ کی سب سے بڑی مسلم لیگ کی کانفرنس کا اہتمام ہو گیا۔ تحریک پاکستان کے ایک عظیم لیڈر اور ممتاز صحافی مولانا ظفر علی خان کے پورے بلوچستان کے دورے کا انتظام بھی قاضی محمد عیسیٰ کی ذمہ داری تھی۔ مولانا ظفر علی خان، قاضی محمد عیسیٰ کی قائدانہ صلاحیتوں سے اتنے متاثر ہوئے کہ انہوں نے قاضی محمد عیسیٰ کی تحسین کرتے ہوئے دو نظمیں لکھیں اور اپنے اخبار 'زمیندار' میں ش

9 مئی، پاکستانی سیاست کا یوم سیاہ

دربار...!
طارق خان ترین
Tariqyadkhan@gmail.com

ایک بہت ہی بڑی حماقت 9 مئی کو ایک انتہا پسند سیاسی جماعت کی جانب سے کی گئی جب ہمارے شہدا قومی ہیروز کے مجسموں کی بے توقیری کی گئی۔ جب ہمارے قومی اور ریاستی املاک کو ایک ایجنڈے کے تحت نقصان پہنچانے اور ملک کو یرغمال بنانے کی مضموم کوشش کی گئی۔ مگر الحمدللہ عوام پاکستان، افواج پاکستان اور دیگر ریاستی اداروں نے جس حکمت اور مصلحت کا مظاہرہ کیا اس سے شدت پسند جماعت کے ایجنڈے کی دھجیاں ہوا میں بکھیر دی گئی اور ظالم کے ظلم کا جواب صبر سے دیکر بہادری کی ایک عظیم مثال قائم کردی گئی۔ سانحہ 09 مئی کے بعد یعنی 10 مئی سے لیکر پورا مہینہ ملک کے کونے کونے اور چپہ چپہ قوم کا یکجہت ہوکر اپنے شہدا کی تکریم کے لئے بے مثال ریلیاں نکال کر اپنے شہدا کو خراج عقیدت جبکہ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہوکر اپنے محبت کا برملا اظہار کیا گیا۔ بلوچستان، پنجاب، سندھ خیبر پختونخوا، گلگت اور آزاد کشمیر یعنی ملک کے چپہ چپہ سے مرد عورت، بچے بزرگ سب نے پاکستان زندہ آباد کے نعروں سے ملک کو لرزاں کر رکھ دیا۔ اور ملک دشمن عناصر کو اجتماعی طور پر بھرپور پیغام دیا کہ ہمارے لئے ریاست پہلے اور سیاست بعد کے ترجیح میں ہے، ریاست ہے تو سیاست ہے۔ جب اقتدار کی حوس نے تحریک انصاف کے سربراہ کو اندھا بنا دیا جب انہوں نے اپنے کرتوتوں کا بار بار اعتراف کیا کہ میری تو کوئی تیاری نہیں تھی، جب ڈالر کو 115 سے 190 تک لیکر گئے، جب مہنگائی نے عوام کا کچومر نکال دیا، جب معیشت کا بھیڑہ غرق کر کے رکھ دیا، جب ملک میں سیاسی عدم استحکام کے باعث بنے تو انہیں ان تمام کرتوتوں کی وجہ سے عدم اعتماد کا سامنا کرنا پڑا، مگر پھر بھی سدھرنے کے بجائے مزید انتشار کی جانب چلے گئے تو قانون کی شکل میں اگر کچھ استحکام تھا تو اس پر بھی صدر مملکت سے اسمبلیاں غیر قانونی طور تحلیل کرواتے ہوئے قانوں کی دھجیاں ہوا میں بکھیر کر رکھ دی، مگر تب بھی اس اندھے پن کی انتہا نہ رہی، اور انہیں عدم اعتماد کی تحریک کے توسط سے نکال باہر کردیا تو انہوں نے مزید انتشار کو ہوا دیتے ہوئے خیبر پختونخوا اور پنجاب کی آسمبلی کو تحلیل کردیا، چپ نا رہ سکے تو عدالت عالیہ سے بھیک مانگتے ہوئے درخواست کی کہ مجھے میری آسمبلیاں واپس دلاو۔ یہ سلسلہ تھم نا سکا تو پی ٹی ائی کے بانی قومی آسمبلی، اور انکے تمام صوبائی اسمبلیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ کہا گیا کہ مجھے امریکہ نے نکالا، جبکہ اسی امریکہ کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لئے ایک بیرونی امریکی فرم کی خدمات حاصل کی۔ پھر کہا گیا کہ مجھے امریکہ نے نہیں بلکہ اس وقت کے آرمی چیف اور انٹیلیجنس کے سربراہ نے مل کر نکالا۔ یوٹرن جنہیں عام زبان میں منافقت کہا جاتا ہے جیسے عظیم فلسفے پر لیکچر جھاڑنے والے بانی پی ٹی ائی کی حماقتیں روکی نہیں، یہاں تک کہ امریکی مداخلت سے سیاست میں نکھار لانے والے موصوف نے خود ہی امریکی کانگریس میں، سینیٹرز وغیرہ سے ملک میں سرعام مداخلت کی بھیک مانگی۔ پھر شیری مزاری نے اقوام متحدہ کو انسانی حقوق کی پامالی پر مداخلت کرنے کے لئے خط لکھا گیا، بانی پی ٹی ائی روکے نہیں جھکے نہیں یہ سلسلہ جاری رہا تو سابق وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین کی کال لیک ہوئی جس میں پنجاب اور خیبر پختون کے صوبائی وزراء برائے خزانہ کو ائی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان معاہدے کے شرائط سے روگردانی پر اکسایا گیا۔ یہ سلسلہ بغاوت تھم نا سکا اور جاری رہتے ہوئے موصوف 09 مئی 2023 کو عدالتی احاطے سے گرفتار ہوئے تو جس پلان 'اے'، 'بی' اور 'سی' کا ذکر کر رہے تھے، جب انہوں نے علی الاعلان کہہ دیا تھا کہ اگر مجھے گرفتار کیا جائیگا تو میں اور خطرناک بن جاونگا تو موصوف بن گئے خطرناک یہاں تک کہ 09 مئی کے دن ہی ملک میں انقلاب انتشار برپا ہوا۔ انکے دعووں کو دیکھتے ہوئے لوگ اتنی تعداد میں نہیں نکل سکے، تو ڈاکٹر یاسمین راشد وغیرہ کی اڈیوں لیک ہوئی جس میں وہ براہراست ملکی املاک، جناح ہاوس اور کور کمانڈر ہاوس لاہور پر جلاو گراو کی باتیں کرتی ہوئی سنی گئی۔ مگر آج بھی یہ تحریک انصاف ہے مگر انتشار نہیں، آج بھی اسٹیبلشمنٹ ملامت جبکہ بانی پی ٹی ائی سلامت! 9 مئی کا واقعہ بانی تحریک انصاف کی گرفتاری کے خلاف عوامی ردعمل نہیں بلکہ ایک سوچی سمجھی سازش تھی. بانی تحریک انصاف اقتدار کھو جانے کے بعد رجیم چینج آپریشن جیسی سازشی تھیوریوں کا سہارا لیتے ہوئے اسٹیبلشمنٹ کے خلاف عوامی احساسات کو ہوا دے رہے تھے. بانی تحریک انصاف نے اسٹیبلشمنٹ پر کئی بے بنیاد الزامات لگائے جس کا مقصد صرف پریشر کے ذریعے سیاسی فوائد حاصل کرنا تھا۔ اس طرح انہوں نے پاک افواج اور عوام کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش کی جو دشمن بھی 75 سال سے نہیں کر سکا، مگر الحمدللہ یہ عناصر اپنے مقاصد میں نامراد رہیں جس کی وجہ افواج پاکستان ہے جنہوں نے جس تحمل اور کمال ضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے چال انہی پر واپس لوٹا دیئے۔ جس شخص کے خلاف مختلف بدعنوانیوں پر مبنی 40 سے زائد کیسز درج ہوئے تھے تو انہوں نے زمان پارک میں عوام جس میں عورتیں اور بچے شامل تھے کو بطور ڈھال استعمال کرتے ہوئے اپنے آپ کو بچانا چاہا، جس کی وجہ سے ملکی اداروں کو مجبوراً انہیں عدالتی احاطے سے گرفتار کرنا پڑا۔ شدت پسند جماعت کی جانب سے ملک کے املاک کو پہنچاہ نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، اس جماعت کی شدت پسندی کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہے کہ ان املاک میں شہدا جنہوں نے اس ملک کو زندگی بخشنے کے لئے بے شمار قربانیاں دے رکھی ہے کے یادگاری مجسموں تک کو 9 مئی کے دن نا بخشا گیا۔ اب اندازہ لگائے کہ اگر یہ فسادی ٹولہ بیجان مجسموں تک کو نہیں بخشتے تو اگر 9 مئی کے دن عام عوام یا پھر ہمارے فوجی جوان انکے سامنے ہوتے تو کیا انکے ہتھے نا چڑھتے؟ مگر یہ پاک فوج کا طرہ امتیاز ہے جنہوں کمال کا مظاہرہ کرتے ہوئے انکی سازشوں کا قلع قمع کردیا۔ پاک فوج کا پیشہ ورانہ انداز میں اس سازش کو ہینڈل کرنا اور عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنا یقینی طور پر لائق تحسین اور قابل تقلید عمل ہے، اگر چہ یہ عمل ہمارے فوج کے ذہنی ادراک کے برعکس ہے، کوئی اور ملک ہوتا تو اس سازشی بغاوت کو نا روک پاتی۔ کیونکہ ایک فوجی کے لئے ملک اور ملکی املاک کا تحفظ انکی جان و مال سے بڑھ کر ہیں۔ چہ جائے کہ بات اگر ملک میں امن امان کی ہو تو معاملہ وہاں تک جاسکتا تھا جہاں سے واپس آنے کا سوچ بھی محال ہوتا۔ پولیس، ایف آئی اے اور وزارت داخلہ نے فسادی عناصر کے خلاف ثبوت اکٹھے کیں اور ذمہ داروں کو گرفتار کیا جن میں بیشتر تحریک انصاف کے ورکر تھے، ان افراد کے خلاف قانونی طریقے سے عدالت میں کاروائی کی گئی۔ انتہائی منفی اور پروپیگنڈے پر مبنی سیاست کو دوام دیتے ہوئے تحریک انصاف نے 9 مئی کے واقعات کی مذمت تو کی لیکن ذمہ داری الٹا فوجی اسٹیبلشمنٹ پر ڈالنے کی کوشش کی مگر حقائق کو پرکھنے والے، فہم وفراست رکھنے والے اور محققین نے انکے اس جھوٹے الزامات کی نا صرف تردید کی بلکہ اس انتشاری ٹولے کو ایک ملک دشمن ٹولہ بھی قرار دیا ہے۔ دنیا کے دیگر خطوں میں دیکھا جائے تو اس طرح کے واقعات کرنے والوں کے خلاف جو کاروائی کی جاتی ہے اس کی نسبت پاکستان میں انتہائی نرمی سے برتاؤ کیا گیا، اس نرم برتاو پر میری ذاتی رائے ہے کہ ان شدت پسندوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جاتا تو بہتر تھا، اگر کل کو کوئی دوسری جماعت کے لوگوں نے ایسا کیا یا پھر ظاہر ہے کہ اس سے بڑھ کر ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کرتے ہے تو پھر کیا ہوگا۔ اس لئے ضروری ہے کہ ملوث عناصر کو سخت سے سخت سزا دی جائے عناصر وہ نہیں جو دوسروں کے حکم کی تعمیل کر رہیں تھے بلکہ وہ عناصر جنہوں نے اس انتشار کی منصوبہ بندی کی، جنہوں ملک میں افراتفری کے لئے بساط بچایا، ایسے عناصر کے لئے اگر نرمی ہے تو یہ عمل بذات خود بھی انتشار کا باعث ہے۔ بحرحال اب تک تحریک انصاف کے 50 سے زیادہ افراد کو سزائیں سنائی جا چکی ہیں جبکہ دیگر کے خلاف کیسز چل رہے ہیں۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت میں تحریک انصاف کے 51 افراد کو سزا سنائی گئی جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ 9 مئی کے واقعات میں تحریک انصاف کے ورکر ملوث تھے، تو پھر تحریک انصاف کے لوگ کسطرح سے حق بجانب ہے اس بات پر کہ 9 مئی کے دن انتشار اسٹیبلشمنٹ نے کرایا؟ ان واقعات میں تحریک انصاف کا براہ راست اور بلاواسطہ ملوث ہونا پاکستانی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے جو منافرت پر مبنی سیاست کی ایک واضح کیس سٹڈی ہے۔

9 مئی کا سانحہ سازش کا شاخسانہ

تحریر۔ نثار حسین

وفاقی کابینہ اور افواج پاکستان نے فوجی تنصیبات اور شہدا کی یادگاروں پر حملوں کو ایک سال مکمل ہونے پر آج یوم سیاہ منانے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں مختلف مقامات پر سانحہ 9 مئی کے متاثرین کو پرسہ دینے کیلئے اجتماعات ہونگے، درحقیقت اس روز پوری قوم ہی شرپسندوں کے حملوں سے متاثر ہوئی تھی۔ بالخصوص ان جگہوں پر جہاں فسادیوں نے لوٹ مار کی اور گھیراؤ، جلاؤ سے عام شہریوں کو نشانہ بنایا دوسرا قائد اعظم کے ذاتی زیر استعمال سامان کا جلانا بھی قوم کی دل آزاری ہی تھی۔ قومی املاک اور یادگار شہدا کی توڑ پھوڑ اور ان کی بے حرمتی کا ارتکاب کیا گیا۔ آرمی چیف سید عاصم منیر نو مئی کے سانحے کے بعد واضح طور پر اعلان کر چکے ہیں کہ افواج پاکستان اس واقع کو کبھی فراموش نہیں کرسکیں گی اور نہ ہی اس سنگین اور قابل نفرت جرم کرنے والوں کو معاف کیا جائے گا سپہ سالار کا کہنا تھا کہ شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں اور ہم انکے اہل خانہ کی حفاظت اور عزت کو یقینی بنایا جائیگا اور شہداء کی یادگاروں کی بے حرمتی کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے اپنے اس عزم کو دہرایا کہ قوم کی توہین کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے دشمن نے ایسا کام نہیں کیا جو اپنوں نے کر دکھایا یہ خوفناک سازش کس نے تیار کی کون سہولت کار اور مددگار تھے مقاصد کیا تھے ان سب کی شناخت ہو چکی ہے تاہم اس روز افواج پاکستان نے اس منظم سازش کو ناکام بنادیا۔ 9 مئی کہ فسادیوں نے یہ بھی نہیں سوچا کہ قومی شہدا کی یادگاروں ایم ایم عالم جن کی بہادری کے قصے دنیا میں پڑھائے جاتے ہیں کرنل شیر خان جیسے بہادر جن کی بہادری کا اعتراف بھارتی ارمی نے بھی کیا تھا کے خاندانوں خاندانوں کی کتنی دل ازاری ہوئی ہوگی آج جب ہم نے اس دن کو یوم سیاہ منانے کا فیصلہ کیا ہے تو ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم سب مل کر پاکستان کو مضبوط بنائیں گے عوام ہی فوج کو مضبوط بنا سکتی ہے۔ دشمن کی تو ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ وہ عوام اور فوج کے درمیان نفرت پیدا کرے۔ سیاسی جماعتوں کو اپنی لڑائی سیاسی طریقے سے لڑنی چاہیے، ایک سیاسی جماعت پاکستان تحریک انصاف نے غیر ضروری طور پر اپنا ایک اینٹی اسٹیبلشمنٹ بیانیہ بنایا اس واقعے کے بعد چاہیے تو یہ تھا کہ تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان عوام اور افوج سے کھلے دل سے معافی مانگتے اور اپنی حماقتوں کا اعتراف کرتے انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ اس واقعے کے نتیجے میں تحریک انصاف کے وہ کارکن جو انکی ہدایت پر فسادات کا حصہ بنے ان کی ذمہ داری قبول کرتے جو ذمہ دار ہیں مگر انہوں نے اپنے ان کارکنوں کو بھی اپنے انا کی بھینٹ چڑھا دیا اج کا دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا ملک دشمن سازشیوں دہشتگردوں کے خلاف ہم افواج پاکستان کے ساتھ ہوں گے ہم سب ایک ہیں اس وقت نے عزیز کے لیے اور اس وطن عزیز کی ترقی کے لیے ہمیں ہر وقت قربانی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ 9 مئی کے واقعات فسادات کی تحقیقات اور شواہد کے اکٹھا کرنے کے بعد ذمہ دار حلقے اس بات پر متفق ہے کہ یہ سب کچھ ایک سوچی سمجھی سازش اور منصوبہ بندی کے تحت ہوا یہ تحریک انصاف کے چیئرمین کی گرفتاری کا کوئی فوری ردعمل نہیں تھا کیونکہ فسادیوں نے براہ راست چھاونیوں اور شہداء کی یادگاروں پر حملہ کیا یاد رہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت پر پارٹی کے کارکنوں میں بہت غصہ اور اشتعال تھا مگر کسی کارکن نے چھاونی اور فوجی تنصیبات کی طرف رخ نہیں کیا تھا بلکہ موجودہ صدر اصف علی زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا تھا اس سے یہ بات عیاں ہے کہ ان فسادات کے پیچھے بہت بڑی سازش تھی فوجی تنصیبات شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی قومی علامات کو نشانہ بنانا سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں کا ٹارگٹ تھا یہ سوچنے کا مقام ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ مظاہرین ردعمل کے طور پر فوجی تنصیبات اور شہدا کی یادگاروں پر حملے شروع کردیے بہت ساری ایسی ویڈیو بھی منظر عام پر ائی ہیں جو تحریک انصاف کے کارکنوں اور رہنماؤں کی بنائی ہوئی ہیں اور اس میں باقاعدہ کارکنوں کو اشتعال دلایا جا رہا ہے اور ہدایات دی جارہی ہیں۔ ملک کے مختلف حصوں میں سرکاری و نجی املاک کی تباہی دفاعی تنصیبات اور شہدا کی یادگاروں پر مظاہرین کے حملوں کے بعد وفاقی، صوبائی انتظامیہ نے ملزمان کے خلاف وسیع پیمانے پر تحقیقات کیں اور انہیں حراست میں لیا تاہم اب تک عدالتی پیچیدگیوں کی وجہ سے انکے خلاف کارروائی نہیں ہوسکی جس کی وجہ سے عوام میں تشویش ہے وہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں نے قانون کو ہاتھ میں لیا اور پاک فوج کیخلاف سازش کی ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ دوسروں کیلئے مثال قائم ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی بجا طور پر نومئی کے فسادات کے ذمے داروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا قوم سے وعدہ کیا تھا انہوں نے واضح طور پر 9 مئی کے کرداروں، سہولت کاروں کو ملک دشمن قرار دیتے ہوئے ہے اس سازش کو کچلنے کا عزم ظاہر کیا تھا۔ 2023 میں جب اس ملک کے خلاف سازش کی گئی غداری کی گئی فوج میں تخت الٹنے کی خوفناک کوشش کی گئی جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے جو لوگ سنگین غداری کے مرتکب ہوئے ہیں اور اس سازش میں ملوث ہیں انہیں ہر صورت میں کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ اب پوری قوم کر رہی ہے

آزادی اظہار رائے کے نام پر نفرت اور بغاوت ملک دشمنی کے مترادف!!!!!!

محمد اکرم چوہدری

کل نومئی ہے گذشتہ برس اس روز پاکستان کی ایک سیاسی جماعت نے بادی النظر میں اپنی سیاسی شکست یا سیاسی ناکامی کا ملبہ ریاستی اداروں پر ڈالنے کی کوشش میں ملک کو ایک بحران سے دوچار کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک کے سادہ لوح اور معصوم لوگ جو کہ دہائیوں سے سیاسی قیادت کے پرکشش وعدوں پر اکتفا کیے ہوئے ہیں اور ہر نے والے حکمرانوں سے اچھی امیدیں بھی لگاتے ہیں۔ ایسے ہی معصوم اور سادہ طبعیت کے شہریوں کو ورغلایا گیا، ایک جھوٹا بیانیہ قائم کیا گیا اس حد تک جھوٹ بولا گیا کہ لوگوں کو سچ لگنے لگا، اختلافات ہر جگہ ہوسکتے ہیں لیکن کسی سے فوائد لیتے وقت بھی تنقیدی جائزہ لیا جائے تو اختلافات کے وقت ایسی سوچ ضرور کام تی ہے۔ نومئی 2023 کو بھی یہی ہوا اس سیاسی قیادت نے جسے ریاستی اداروں نے حکومت میں ہوتے ہوئے سب سے زیادہ مدد فراہم کی، تعاون کیا اور ڈیلور کرنے کے لیے ہر ممکن مدد ساتھ دیا لیکن بدقسمتی سے دو ہزار اٹھارہ کے عام انتخابات کے نتیجے میں قائم ہونے والی حکومت توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی، ملکی معیشت کو شدید نقصان پہنچایا گیا، اداروں کی تباہی کا سفر تیز ہوا، عام دمی کی زندگی مشکل ہوتی چلی گئی، اس وقت کی حکومت کے غیر سنجیدہ رویئے کی وجہ سے دوست ممالک کے ساتھ سفارتی تعلقات میں دراڑیں نے لگیں، تعلقات کشیدہ ہونے لگے، غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہونے لگا، مہنگائی میں تشویشناک حد تک اضافہ ہونے لگا۔ ادویات، اشیاء خوردونوش سمیت زندگی گذارنے کی تمام اشیاء اس حد تک مہنگی ہوئیں کہ حکومت کو لنگر خانے کھولنا پڑے۔ دراصل یہ منصوبہ تو حکومتی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت تھا۔ اصل بات یہ تھی کہ حالات یہاں تک کیوں پہنچے کہ لوگ بھوک کے ہاتھوں اتنے مجبور ہو گئے کہ حکومت کو لنگر خانوں کی طرف جانا پڑا۔ یہ دو ہزار اٹھارہ کے عام انتخابات کے نتیجے میں قائم ہونے والی حکومت کی چندنا کامیاں ہیں۔ ناکامیوں، غلطیوں کی تفصیل یہاں لکھنا مشکل ہوگا لیکن پھر بھی یاددہانی کے لیے کچھ لکھ دیا ہے۔ ہاں یہ ضرور یاد رکھیں کہ بدعنوانی کے خاتمے کا دعوی کر کے حکومت میں نے والی جماعت کے دور حکومت میں کرپشن بڑھ گئی۔ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے اس حوالے سے ایک رپورٹ بھی جاری کی تھی۔ بہرحال اتنی بڑی بڑی خامیوں اور غلطیوں کے بعد عدم اعتماد کے ذریعے حکومت ختم ہوئی تو مظلوم بن کر لوگوں سے غلط بیانی کے سلسلے میں شدت ئی اور یہ سلسلہ ج تک جاری ہے۔ بہرحال نومئی کو جو کچھ ہوا جن لوگوں نے نوجوان اور معصوم ذہنوں کو لودہ کیا وہ یقیناً سزا کے مستحق تو ہیں۔ ہر وہ شخص جس نے بغاوت کی اس کے ساتھ ئین اور قانون کے مطابق برتاو ہونا چاہیے۔ میں واقعات کو ایک بڑی سازش اور بغاوت کے طور پر ہی دیکھا جانا چاہیے۔ اس بغاوت میں پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کے جو بھی لوگ شامل ہیں ان کے ساتھ ٹھوس ثبوت اور شواہد کی روشنی میں قانون کے مطابق فیصلہ ہونا چاہیے، اگر کوئی اس بغاوت کا حصہ ہے تو اسے معافی نہیں ملنی چاہیے اور اگر کوئی تخریبی کارروائیوں میں شامل نہیں ہے، منصوبہ بندی کا حصہ نہیں ہے، معصوم ہے تو اس کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی اور زیادتی نہیں ہونی چاہیے لیکن جو قوم کو ورغلانے، نوجوان اور معصوم ذہنوں کو لودہ کر کے ریاست کے خلاف بھڑکانے کے عمل کا حصہ بنا ہے اسے کم از کم اس عمل کی سخت ترین سزا تو ضرور ملنی چاہیے۔ مطلب پ کیسے اپنی سیاسی ناکامی کو چھپانے کے لیے، اپنی سیاسی ناکامی سے بچنے کے لیے ملک وقوم کے مستقبل سے کھیل سکتے ہیں، کیسے ریاست کے خلاف سازش کر سکتے ہیں، کیسے قوم کے نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرت کا زہر بھر سکتے ہیں۔ اگر سیاسی یا ذاتی مفادات کی خاطر کوئی ایسا کرتا ہے تو یقیناً اس کے ساتھ کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے۔ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت پر اس حوالے سے مقدمات ہیں۔ اس معاملے میں مقدمات کو لٹکانا ہرگز نہیں چاہیے، مقدمات کی جلد تفتیش مکمل ہونی چاہیے اور ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی بھی ہونی چاہیے۔ ہمارے ہاں تفتیش کا نظام بھی کمزور ہے اور اس کے بعد عدالتی کاموں میں تاخیری حربے اختیار کیے جاتے ہیں۔ ان تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور نومئی کو ہونے والی سازش اور بغاوت کے تمام کرداروں کے ساتھ وہ سلوک ہونا چاہیے جو ملک وقوم کے بہتر مستقبل کے لیے ضروری ہے۔ گذشتہ روز اس حوالے سے ڈی جی ئی ایس پی رنے پریس کانفرنس بھی ہے انہوں نے بہت واضح انداز میں معاملات پر بات کرتے ہوئے دلیل کے ساتھ موقف قوم کے سامنے رکھا ہے۔ ڈی جی ئی ایس پی ریمجر جنرل احمد شریف کہتے ہیں کہ "نومئی کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں، یہ کرنے اور کروانے والوں کو سزا دینا پڑے گی لہٰذا جزا و سزا پر یقین رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ نومئی کے ملزمان کو قانون وئین کے مطابق سزا دیں اور جلد سے جلد دیں۔ نومئی صرف افواج پاکستان کا مقدمہ نہیں، یہ پورے پاکستان کے عوام کا مقدمہ ہے، کسی بھی ملک میں اس کی فوج پر حملہ کرایا جائے، شہیدوں کی علامات کی تضحیک، بانی پاکستان کے گھر کو جلایا جائے، عوام اور فوج میں نفرت پیدا کی جائے یہ جو لوگ کر رہے ہیں اور کرا رہے ہیں۔ ان کو کیفر کردار تک نہ پہنچایا جائے، کسی بھی ملک میں ایسا ہو تو وہاں کے نظام انصاف پر سوال اٹھتا ہے۔ پاکستان جزا و سزا کے نظام پر یقین رکھنا ہے، نومئی کو کرنے والے اور کروانے والوں کو ئین کے مطابق سزا دینا پڑے گی

میری "عارف" لکھنے کی حماقت اور وزارت خارجہ کا معمہ۔

نصرت جاوید

منگل کی صبح اٹھا تو فون پر برادر مہربان سہیل وڑائچ کی جانب سے بھیجے پیغام کی اطلاع ائی ہوئی تھی۔ ہماری سیاست کے متحرک کرداروں اور بالخصوص برطانوی دور سے انتخابی سیاست میں سرگرم خاندانوں کی بزرگ وجواں نسلوں پر وہ گہری نگاہ رکھتے ہیں۔ منگل کی صبح چھپے میرے کالم میں اوجڑی کیمپ میں ہوئے دھماکے کے اسباب جاننے کے لئے جو نیجو حکومت کے دوران بنائی "تحقیقاتی کمیٹی" کا ذکر ہوا تھا۔ اس کے اراکین کا ذکر کرتے ہوئے میں ان دنوں کے وزیر مملکت برائے دفاع کا نام بھول گیا۔ فقط اتنا یاد رہا کہ وہ کوئی "رانا صاحب" تھے۔ شاید یہ لکھ دینا کافی تھا۔ انسان مگر اپنی کمزوریوں کے ساتھ زندہ رہنے کو امادہ نہیں ہوتا۔ یادداشت پر زور ازمائی کرتے ہوئے موصوف کا نام "عارف" تصور کرلیا۔ بھائی سہیل وڑائچ کا پیغام دیکھا تو اولین نگاہ میں دریافت یہ ہوا کہ انہوں نے میرا کالم صبح اٹھ بجے سے پہلے ہی پڑھ لیا تھا۔ اسے پڑھنے کے بعد کرم یہ فرمایا کہ ایک پیغام کے ذریعے میری تصحیح فرمادی۔ یاد دلایا کہ جس وزیر کا ذکر ہوا تھا نام ان کا رانا نعیم تھا۔ وہ ساہیوال کے معروف رانا خاندان کے فرزند ہیں۔ سہیل وڑائچ کی مہربان تصحیح سے دل شاد ہوگیا۔ موصوف بذات خود ایک معروف ومقبول کالم نگار ہیں۔ "ازادی صحافت" کے رواں موسم میں "خبر" بیان کرنے کیلئے استعاروں کے تخلیقی استعمال کے علاوہ ایسا طرز بیان بھی اختیار کر رکھا ہے جو سلاطین کے جبر سے محفوظ رہنے کی تمنا میں ایجاد ہوا تھا۔ "پکڑ" سے اکثر پھر بھی محفوظ نہیں رہ پاتے۔ دور حاضر کی اپا دھاپی کو نگاہ میں رکھوں تو سحر خیز سہیل وڑائچ کو میرا کالم پڑھتے ہی تصحیح کرنے والا پیغام لکھنے کی ضرورت نہیں تھی۔ یہ سوچتے ہوئے بلکہ خوش ہوتے کہ حالیہ تاریخ پر نگاہ رکھنے والے صحافی اور ذہین قاری رانا نعیم کے بارے میں میری جہالت جان لینے کے بعد یہ طے کرلیں گے کہ نصرت جاوید کی یادداشت اس کا ساتھ چھوڑ رہی ہے۔ ملکی سیاست کی حالیہ تاریخ بھی یاد رکھنے کے قابل نہیں رہا۔ اس کا کالم پڑھنے کی لہٰذا اذیت کیوں برداشت کی جائے۔ مجھے میرے حال پر چھوڑنے کے بجائے سہیل وڑائچ نے اپنے پیغام کے ذریعے اندھے کی لاٹھی بننے کا فیصلہ کیا۔ شکریہ ادا کرنے کو مناسب الفاظ ہی نہیں مل رہے۔ سہیل وڑائچ کے ائے پیغام نے مگر بہت کچھ سوچنے کو مجبور کردیا ہے۔ صحافت کے شعبے میں داخل ہونے کے پہلے دن سے میں ہمیشہ روانی میں خبریں یا کالم ٹائپ کرتا رہا ہوں۔ بطور رپورٹر نوٹس لینے کی عادت اپنا نہیں پایا۔ جو دیکھتا اور سنتا اسے ذہن میں محفوظ رکھتا اور دفتر پہنچتے ہی بہت تیزی سے ٹائپ کرتے ہوئے خبر یا کالم مکمل کرکے ڈیسک کے حوالے کرکے وہاں سے کھسک جاتا۔ یہ کالم لکھتے ہوئے بھی روانی میں خلل سے جی گھبراتا ہے۔ روانی برقرار رکھنے کے جنون میں لیکن یہ حقیقت بھول رہا ہوں کہ عمر بڑھنے کے ساتھ یادداشت کا برقرار اور توانا رہنا ناممکن ہوجاتا ہے۔ اس سے اگرچہ دور حاضر میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ رانا نعیم کا نام یاد نہیں ارہا تھا تو قلم روک کر موبائل فون اٹھالیتا۔ وہاں موجود گوگل کے سرچ انجن کی بدولت مختلف سوالات لکھتے ہوئے رانا نعیم کا نام باسانی تلاش کیا جاسکتا تھا۔ کسی شعبے میں چند دہائیاں گزارنے کے بعد مگر اپ خود کو اس شعبے کے حوالے سے عقل کل شمار کرنا شروع ہوجاتے ہیں۔ فقط "رانا" لکھ کر مطمئن نہیں ہوتے۔ ذہن پر دباؤ بڑھاتے ہوئے "عارف" لکھنے کی حماقت کر بیٹھتے ہیں۔

مروت میں کیا کمی ہے

عبداللہ طارق سہیل

بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کیلئے یونہی نہیں کہتے۔ تجمل حسین خاں عیش کے مسئلے پر بڑا اور غیر معمولی نصیبہ لے کر ائے ہیں، جب انہیں ضرورت پڑتی ہے، مطلوبہ مقدار میں عیش انہیں فراہم کر دیا جاتا ہے۔ کبھی ضرورت سے بھی زیادہ اور کبھی بن مانگے۔ لاہور، اسلام اباد، بڑا اسلام اباد اور پشاور کے "راشن ڈپو" تجمل حسین خاں کے لیئے وقف ہیں۔ کبھی کبھی کراچی سے بھی عیش کا رجسٹرڈ پارسل اجاتا ہے۔ راشن ڈپو پر اگر کوئی اور جائے تو ڈانٹ کر بھگا دیا جاتا ہے اور پھر اس کے عیش کا کوٹہ بھی تجمل حسین خاں کو ہدیہ تبریک کے طور پر پیش کر دیتے ہیں۔ جملہ راشن ڈپو تجمل حسین خاں کی دلداری میں مصروف ہیں، اتنے مصروف کہ کان کھجانے کی فرصت نہیں اور محض تجمل حسین خاں پر کیا موقوف، تجمل حسین خاں کے دامن سے جڑے ہوئے چوبدار اور خانسامے بھی کبھی راشن ڈپو کا رخ کریں تو وہ بھی مایوس نہیں لوٹتے، دامن مراد بھر بھر کر لاتے ہیں۔ بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کیلئے یونہی نہیں کہتے۔ حکومت کو حاصل دوتہائی اکثریت اس وقت ختم ہوگئی جب سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے اضافی نشستیں حکمران اتحاد کی جماعتوں کو الاٹ کرنے کا الیکشن کمشن اور پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کردیا۔ پی ٹی ائی عرف سنی اتحاد کونسل کے جملہ امیدوار ازاد حیثیت میں منتخب ہوئے تھے۔ اور ائین، قانون قاعدے کے تحت ازاد امیدواروں کو خصوصی نشستیں الاٹ نہیں کی جاسکتی تھیں چنانچہ الیکشن کمشن نے یہ سیٹیں دیگر جماعتوں میں تقسیم کر دی تھیں۔ قانون قاعدے کے حساب سے ہی پشاور ہائیکورٹ نے یہ فیصلہ برقرار رکھا۔ دوتہائی اکثریت ختم کر دیئے جانے کے بعد حکمران اتحاد ائین سازی کے اختیار سے محروم کر دیا گیا ہے۔ کچھ لوگ اس پر مضطرب ہیں۔ عرض یہ ہے کہ یہ اضطراب قطعی "لاضروری" ہے۔ پارلیمنٹ کو ائین سازی کا اختیار پہلے بھی کب تھا جو یہ کہا جائے کہ اب محروم ہو گئی۔ سدا محروم پارلیمنٹ جو کچھ ہے اسی پر قناعت کرے، صبر سے کام لے اور شکر کا کلمہ ادا کرے۔ گندم سکینڈل حسب روایت سپرد خاک کر دیا گیا۔ انوار الحق کاکڑ، شمشاد اختر، گوہر اعجاز اور کیپٹن محمود جیسی مقدس ہستیوں کی ناموس پر حملہ کرنے کی کوشش کی گئی تھی جو وزیر اعظم شہباز شریف کی لامحدود دانش مندی اور بحر بیکراں پر محیط تدبر، معاملہ فہمی ا

صحافت شوبز

عامر خان کا بڑی بہن کا تعارف کرواتے دلچسپ انداز سوشل میڈیا پر وائرل

اس کے باوجود بھی وہ فلم 'پٹھان' سمیت کئی ہٹ فلموں میں اپنی شاندار اداکاری کی جوہر دکھا چکی ہیں



ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کا اپنی بڑی بہن، اداکارہ نگہت خان کا کپل شرما شو میں دلچسپ انداز میں تعارف مداحوں کو بھا گیا۔ عامر خان نے کچھ عرصہ پہلے کپل شرما کے شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں ان کی دو بڑی بہنیں نگہت خان اور فرحت خان بھی موجود تھیں۔ انہوں نے شو کے دوران اپنی بڑی بہنوں کا دلچسپ انداز میں مداحوں سے تعارف کروایا۔ بھارتی اداکار نے شو میں شرکاء کے درمیان بیٹھی اپنی بہنوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ میری بہنیں فرحت اور نگہت ہیں۔ انہوں نے اپنی بڑی بہن نگہت خان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب نے فلم 'پٹھان' تو دیکھی ہوگی، اس فلم میں ایک خاتون شاہ رخ خان کے بازو پر تعویز باندھ کر کہتی ہیں کہ آج سے تم پٹھان ہو، وہ کردار میری بہن نگہت خان نے ادا کیا ہے۔

ماڈلنگ انڈسٹری میں جو کچھ کرنا تھا وہ کرلیا ہے، کترینہ کیف

واضح رہے کہ کترینہ کیف نے 2003ء میں بالی ووڈ میں ڈیبیو کیا تھا

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف نے کہا ہے کہ میں نے محسوس کیا کہ میں نے ماڈلنگ انڈسٹری میں جو کچھ کرنا تھا وہ کرلیا ہے۔ ایک انٹرویو میں ہمیشہ دیکھنے والوں کو پہلے رکھتی ہوں اور سوچتی ہوں کہ فلم کی کہانی کا دیکھنے والوں سے کیا تعلق ہے۔ کترینہ کیف کا کہنا تھا کہ کچھ فلموں نے میرا

کے دوران 40 سالہ کترینہ کیف نے کہا کہ میری خواہش فلموں میں کام کرنا تھی۔ فلموں کے انتخاب سے متعلق بات کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ کیریئر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ واضح رہے کہ کترینہ کیف نے 2003ء میں بالی ووڈ میں ڈیبیو کیا تھا۔

دیگر اداکاراؤں کے مقابلے میں کترینہ کیف زیادہ خوبصورت اور پرکشش ہیں، علی خان

لندن (یو این پی) برطانوی نژاد پاکستانی اداکار علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے کاجول کے ساتھ ویب سیریز میں شوٹ کروائے گئے بوس وکنار کے مناظر جواں سالہ بیٹی اور اہلیہ کے ساتھ مل کر دیکھے تھے۔ علی خان نے اہلیہ چاندنی سہگل کے ہمراہ نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے کیریئر سمیت فلموں میں رومانوی اور بولڈ مناظر شوٹ کروانے پر بھی کھل کر بات کی۔ اداکار نے بتایا کہ انہوں نے انجلینا جولی، شاہ رخ خان، عرفان خان، کترینہ کیف، کاجول، سہانا خان سمیت متعدد ہولی وڈ اور بولی وڈ شخصیات کے ساتھ کام کیا ہے اور انہیں پاکستانیوں سے زیادہ غیر ملکیوں کے ساتھ کام کرنے میں مزہ آیا۔ انہوں نے بتایا کہ بولی وڈ سے لے کر ہولی وڈ تک ہر جگہ شوٹنگ سے قبل مناظر کی ریہرسل کی جاتی ہے لیکن رومانوی مناظر کی ریہرسل کا مطلب یہ نہیں کہ وہ بار بار بوسہ دینے کے پریکٹس کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کاجول کے ساتھ ویب سیریز میں بوس وکنار کے مناظر شوٹ کروانے سے قبل بھی ریہرسل کی گئی تھی لیکن اس میں بوسہ لینے کی پریکٹس شامل نہیں تھی بلکہ یہ طے کیا گیا تھا کہ مناظر کو کیسے شوٹ کیا جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے مسکراتے ہوئے بتایا کہ بولی وڈ میں وہ شاہ رخ خان اور کاجول کے ساتھ ساتھ سہاں اخان کے ساتھ بھی کام کر چکے ہیں

صحیفہ جبار خٹک کا اپنی ذہنی صحت سے متعلق ہوشربا انکشاف

لاہور لاہور پاکستانی شوبز انڈسٹری کی نامور اداکارہ و ماڈل صحیفہ جبار خٹک اپنی ذہنی صحت سے متعلق انکشاف کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئیں۔ حال ہی میں صحیفہ جبار ایک پوڈ کاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر بات کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی ذہنی صحت سے متعلق بھی ہوشربا انکشاف کردیئے۔ پوڈ کاسٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے صحیفہ جبار خٹک نے بتایا کہ میں 2013 سے ڈپریشن کا شکار تھی لیکن مجھے اس معاملے کو سمجھنے میں وقت لگا، جب میرا ڈپریشن شدید ہوگیا تو مجھ سے صبر نہیں ہوا اور پھر میں نے اس پر بات کرنا شروع کی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ شدید ڈپریشن کی وجہ سے میرے دل کی دھڑکن بے ترتیب ہوچکی تھی اور میرے دل کی دھڑکن فی منٹ 30 سے بھی کم ہوجاتی تھی جس کی وجہ سے مجھے شدید تکلیف ہوتی تھی، یہ وہ وقت تھا جب میں اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے ایک وقت میں 30،30 گولیاں کھاتی تھی۔ صحیفہ کا کہنا تھا کہ میرا ڈپریشن اس قدر سنگین ہوچکا تھا کہ والدین اور شوہر بھی میری مدد نہیں کرپا رہے تھے اور مجھے بھی یہ احساس تک نہیں تھا کہ کوئی میرے لیے پریشان رہتا ہے۔

ماہرہ خان دی ایمی گالا دبئی میں 'ارٹسٹ اِن فیشن' کا ایوارڈ لے اڑیں

اداکارہ نے ایونٹ میں بہترین ڈیزائن کے کپڑوں کے ساتھ شرکت کی اور وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی رہیں

دبئی (یو این پی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان کو دبئی میں منعقدہ دی ایمی گالا ایونٹ کے چوتھے ایڈیشن میں 'ارٹسٹ اِن فیشن' کے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ اداکارہ نے ایونٹ میں بہترین ڈیزائن کے کپڑوں کے ساتھ شرکت کی اور وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی رہیں۔ ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنی تصاویر بھی شیئر کی ہے اور مداح اداکارہ کے مخصوص اسٹائل اور نفاست کو بہت پسند کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ دی ایمی گالا ایک فیشن ایونٹ ہے اور اس میں دنیا بھر میں فیشن کے شعبے میں خدمات سرانجام دینے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

جنسی زیادتی کے الزامات پر فرانسیسی اداکار زیر حراست

فرانس (یو این پی) فرانسیسی اداکار جیرارڈ ڈیپارڈیو کو جنسی زیادتی کے الزامات پر پولیس نے حراست میں لے لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اداکار کی قانونی ٹیم نے پیرس میں ان کی حراست کی تصدیق کردی ہے جبکہ ان کے خلاف مقدمے کی سماعت اکتوبر میں ہوگی۔ اداکار کے وکیل کا کہنا ہے کہ وہ خود پیر کو پولیس اسٹیشن میں پوچھ گچھ کے سلسلے میں پیش ہوئے تھے۔ رپورٹس کے مطابق 75 سالہ اداکار پر 2021ء میں فلم کی شوٹنگ کے دوران دو خواتین کی جانب سے جنسی زیادتی کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جیرارڈ ڈیپارڈیو سے اس سے قبل بھی کئی جنسی زیادتی اور ہراسانی کے الزامات پر تفتیش ہوچکی ہے۔ انہوں نے تمام الزامات کی تردید کی ہے۔ فرانسیسی اداکار جیرارڈ ڈیپارڈیو کو جنسی زیادتی کے الزامات پر پولیس نے حراست میں لے لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اداکار کی قانونی ٹیم نے پیرس میں ان کی حراست کی تصدیق کردی ہے جبکہ ان کے خلاف مقدمے کی سماعت اکتوبر میں ہوگی۔

ڈپریشن کی شکار بھارتی اداکارہ نے خودکشی کرلی

ممبئی (یو این پی) بھارت کی بھوجپوری اداکارہ امرپتا پانڈے المعروف اناپورنا نے مبینہ طور پر خودکشی کرلی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اناپورنا ریاست بہار کے شہر بھگلپور میں اپنے اپارٹمنٹ میں مردہ پائی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ اناپورنا کی لاش انکے کمرے کے پنکھے سے لٹکی ہوئی ملی۔ انکے باوجود انہیں اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ انجمانی اداکارہ نے اپنی موت سے چند گھنٹوں قبل واٹس ایپ اسٹیٹس پر ایک نوٹ بھی شیئر کیا تھا جس سے انکے چاہنے والوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ اس نوٹ میں تحریر تھا کہ دو کشتیوں میں سوار تھی اسکی زندگی، ہم نے اپنی کشتی ڈبا کر اسکا سفر اسان کردیا۔ خیال رہے کہ امرپتا پانڈے شادی شدہ تھیں، وہ ممبئی میں رہائش پزیر تھیں اور اپنی بڑی بہن وینا پانڈے کی شادی میں شرکت کیلیے بھگلپور آئی تھیں۔ شادی کی تقریبات کے بعد امرپتا نے بھگلپور میں مزید کچھ دن رہنے کا فیصلہ کیا جبکہ انکے شوہر واپس ممبئی چلے گئے تھے۔ دوسری جانب انجمانی اداکارہ کے گھر والوں نے دعویٰ کیا ہے کہ امرپتا کچھ ماہ سے شدید ذہنی دباؤ کا بھی شکار تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ بھارت کی بھوجپوری اداکارہ امرپتا پانڈے المعروف اناپورنا نے مبینہ طور پر خودکشی کرلی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اناپورنا ریاست بہار کے شہر بھگلپور میں اپنے اپارٹمنٹ میں مردہ پائی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ اناپورنا کی لاش انکے کمرے کے پنکھے سے لٹکی ہوئی ملی۔ انکے باوجود انہیں اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ انجمانی اداکارہ نے اپنی موت سے چند گھنٹوں قبل واٹس ایپ اسٹیٹس پر ایک نوٹ بھی شیئر کیا تھا جس سے انکے چاہنے والوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔

میرے بچے میری بات نہیں سنتے، عامر خان

کبھی کبھی میں محسوس کرتا ہوں ہماری نسل (جنریشن) کہیں بیچ میں پھنس کر رہ گئی ہے

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے کہا کہ میرے بچے میری بات نہیں سنتے، انکا کہنا تھا کہ کبھی کبھی میں محسوس کرتا ہوں کہ ہماری نسل (جنریشن) کہیں بیچ میں پھنس کر رہ گئی ہے۔ انھوں نے یہ انکشافات گریٹ انڈین کپل شو میں کیا، وہ بطور مہمان خصوصی شریک تھے۔ اس موقع پر عامر خان نے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بعض واقعات بھی شیئر کیے۔ جب کپل نے بالی ووڈ سپر اسٹار سے پوچھا کہ کیا انکے بچے ان سے مشورہ لیتے ہیں تو انھوں نے کسی بھی دوسرے بھارتی والدین کی طرح کہا کہ میرے بچے تو میری بات بھی نہیں سنتے، ہماری نسل تو کہیں بیچ میں پھنس کر رہ گئی ہے۔ عامر خان نے کہا کہ ہم اپنے والدین کی بات سنا کرتے تھے۔ ہم سوچا کرتے تھے کہ جب ہمارا وقت آئے گا

سونیا حسین نے اپنی خوبصورتی اور فٹنس کا راز بتا دیا

میں اپنے مزاج کو اپنے کام پر اثر انداز نہیں ہونے دے سکتی، اداکارہ

کراچی (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سونیا حسین نے اپنی خوبصورتی اور فٹنس کا راز بتا دیا۔ سونیا حسین نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے ڈائٹ پلان کے بارے میں بھی بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی فی الحال، میں نے اپنے سخت ڈائٹ پلان سے بریک لے لیا ہے کیونکہ روزانہ اس پر عمل کرنے سے میرا مزاج بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں اپنے مزاج کو اپنے کام پر اثر انداز نہیں ہونے دے سکتی اور اسی وجہ سے میں نے اب اپنی ڈائٹ میں کاربوہائیڈریٹس بھی شامل کرلیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میں ہفتے میں دو بار ڈائٹ پلان چھوڑ کر اپنی پسند کا کھانا کھاتی ہوں جیسے کہ بریانی اور حلیم کیونکہ زندگی سے لطف اندوز ہونا چاہیے اور میں کھانے کی کافی شوقین ہوں تو میں سب کچھ کھا لیتی ہوں۔ سونیا حسین نے بتایا کہ ہفتے کے باقی پانچ دن میں اپنا ڈائٹ پلان فالو کرتی ہوں۔

SPORTS صحافت سپورٹس

ٹی20 ورلڈکپ؛ پاکستان کا 15 رکنی اسکواڈ کیا ہو؟ سلمان بٹ نے بتادیا

عامر جمال کو میگا ایونٹ کے اسکواڈ کا حصہ بنایا جبکہ شاداب کی جگہ اسامہ اور ابرار کو منتخب کیا

لاہور (یو این پی) سابق کرکٹر وقار یونس اور بازید خان کے بعد سلمان بٹ نے بھی پاکستان کے آئی سی سی ٹی20 ورلڈکپ کیلئے اپنے 15 رکنی اسکواڈ کا انکشاف کردیا۔ اپنے یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سابق کپتان و کمنٹیٹر سلمان بٹ نے ٹاپ آرڈر میں بابر اعظم، محمد رضوان کے علاوہ صائم ایوب، عثمان خان، افتخار احمد اور اعظم خان اسکواڈ میں جگہ دی۔ بطور اسپنر اسامہ میر اور ابرار احمد کو منتخب کیا جبکہ حارث رؤف کو انجری سے نجات حاصل کرنے کے بعد اسکواڈ میں شمولیت پر میگا ایونٹ میں ٹیم کا حصہ بنانے کی حمایت کی۔ سلمان بٹ نے فاسٹ بولر آل راؤنڈر کے طور پر عامر جمال کو اسکواڈ میں شامل کرنے کی حمایت کرتے ہوئے دلیل دی کہ انہوں نے آسٹریلیا کیخلاف ٹیسٹ میچز میں اچھی بالنگ اور بیٹنگ کا مظاہرہ کیا ہے، انہیں ورلڈکپ اسکواڈ کا حصہ ہونا چاہیے۔

بابر اعظم، ویرات کوہلی کا ایک اور ریکارڈ توڑنے کے قریب

ٹوئی کپتان کسی بیٹر کی طرف سے زیادہ ٹی ٹوئنٹی نصف سنچریاں بنانے کا ریکارڈ اپنے نام کرنے سے صرف 3 سنچریز دور

لاہور (یو این پی) پاکستان کے وائٹ بال کے کپتان بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں ایک اور شاندار کارنامہ انجام دینے کے قریب ہیں۔ بابر اعظم T20I کرکٹ کی تاریخ میں کسی بلے باز کی طرف سے سب سے زیادہ نصف سنچریاں بنانے کا ریکارڈ بنانے سے صرف تین نصف سنچریاں دور ہیں۔ اس وقت ویرات کوہلی 109 اننگز میں 37 نصف سنچریوں کے ساتھ سرفہرست ہیں جب کہ 29 سالہ نوجوان بیٹر مختصر فارمیٹ میں 107 اننگز میں 34 نصف سنچریوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔ نیوزی

لینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی T20I سیریز کی تکمیل کے بعد جس کا نتیجہ (2-2) ڈرا ہوگیا، میزبان گرینز کی اگلی سیریز آئرلینڈ کے خلاف تین میچوں کی ایک سفنی نیز T20I سیریز ہوگی، جو 10 سے 14 مئی 2024ء تک ڈبلن میں شیڈول ہے۔ آئرلینڈ سیریز کے بعد پاکستان کا شیڈول ہائی اسٹیک میچوں سے بھرا ہوا ہے۔ وہ انگلینڈ کے دورے پر جائیں گے

چیمپئنز ٹرافی؛ بھارت کی شمولیت پر جولائی میں بات ہوگی

لاہور (یو این پی) چیمپئنز ٹرافی میں بھارتی ٹیم کی شمولیت پر جولائی میں آئی سی سی سالانہ کانفرنس میں بات ہوگی۔ پاکستان کو آخری بار کسی آئی سی سی ایونٹ کے میچز کروانے کا موقع 1996 میں ملا تھا، اس وقت بھارت اور سری لنکا کے ساتھ مشترکہ میزبانی ملی، اب آئندہ سال چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔ اتوار کے روز لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بتایا تھا کہ آئی سی سی کی سیکیورٹی ٹیم پاکستان آئی تو میٹنگ بہت اچھی رہی تھی، انھوں نے انتظامات کا جائزہ لیا، ہمارے طرف سے اسٹیڈیمز کی اپ گریڈیشن کا پلان بھی شیئر کیا گیا، ہم مسلسل ان کے ساتھ رابطے میں ہیں، شیڈول بھجوا دیا گیا، اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کررہے ہیں کہ بہترین ایونٹ کا انعقاد کروائیں۔ دوسری جانب بھارتی میڈیا مسلسل یہ خبریں دے رہا ہے کہ ٹیم پاکستان نہیں جائے گی، چیمپئنز ٹرافی میں بلوشرٹس کی شمولیت پر جولائی میں آئی سی سی سالانہ کانفرنس میں بات ہوگی، ڈرافٹ شیڈول میں بھارت سمیت تمام ٹیموں کے میچز پاکستان میں ہی رکھے گئے ہیں، طریقہ کار کے مطابق مجوزہ شیڈول پر آئی سی سی کی متعلقہ ٹیمیں کام کرتے ہوئے بورڈز اور براڈ کاسٹرز کے ساتھ شیئر کرتی ہیں جس کے بعد حتمی تاریخوں کا اعلان کردیا

حیسن گلیسپی پاکستان کو ایک مستقل مزاج ریڈ بال ٹیم بنانے کے خواہشمند

لاہور (یو این پی) پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کوچ حیسن گلیسپی نے کہا ہے کہ وہ سلیکشن ٹیم کے ساتھ تعاون کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے پاکستان کی ٹیسٹ ٹیم اسکواڈ میں مستقل مزاجی لانا چاہتے ہیں۔ حیسن گلیسپی اپنے کوچنگ کے کردار کے ساتھ ساتھ سلیکشن کمیٹی کا بھی ایک اہم حصہ ہوں گے

افغانستان نے ٹی ٹونٹی ورلڈکپ 2024ء کیلئے سکواڈ کا اعلان کردیا

راشد خان مین ڈپارٹمنٹ کی قیادت کریں گے، مجیب الرحمان، نور احمد، تکیال خروٹی اور تجربہ کار محمد نبی کی معاونت حاصل ہوگی

کابل (یو این پی) افغانستان نے جون میں ویسٹ انڈیز اور امریکا میں ہونے والے آئندہ آئی سی سی میز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024ء کے لیے اپنے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کردیا ہے جس میں راشد خان ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ اس سال کے شروع میں آئرلینڈ کے خلاف افغانستان کے لیے ڈیبیو کرنے والے تکیال خروٹی، جنہوں نے صرف 5.90 کے اکانومی ریٹ کے ساتھ تین میچوں میں پانچ وکٹیں حاصل کی تھیں، شاندار کارکردگی کے بعد اسکواڈ میں جگہ حاصل کی ہے۔ مزید برآں سکواڈ میں محمد اسحاق ایک ہونہار وکٹ کیپر بلے باز ہیں جنہوں نے اس سے قبل 2020ء، 2022ء کے آئی سی سی انڈر 19 میز کرکٹ ورلڈکپ میں افغانستان کی نمائندگی کی تھی۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کیلئے بھارت نے اسکواڈ کا اعلان کردیا

نئی دہلی (سی ایم لنکس) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کیلئے بھارت نے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ بھارتی ٹیم کی قیادت روہت شرما کریں گے جبکہ ویرات کوہلی بھی اسکواڈ میں شامل ہیں۔ یشاسوی جیسوال، سریا کمار یادیو، ریشبھ پنت، سنجو سیمسن، ہاردک پانڈیا، رویندرا جڈیجا اور شیوم ڈوبے بھی انڈین ٹیم میں شامل ہیں۔ اکشر پٹیل، کلدیپ یادوو، یزوندرا چاہال، ارشدیپ سنگھ، جسپریت بمرا اور محمد سراج بھی بھارتی اسکواڈ میں شامل ہیں۔ رکو سنگھ، شمین گل، خلیل احمد اور آویش خان ریزرو پلیئرز میں شامل ہیں۔

ٹی20 ورلڈکپ؛ سابق کرکٹر نے محمد عامر کو اپنے اسکواڈ سے باہر کردیا

لاہور (سی ایم لنکس) قومی ٹیم کے سابق کرکٹر باسط علی نے ٹی20 ورلڈکپ 2024 کیلئے اپنے 15 رکنی اسکواڈ سے 4 سال بعد ٹیم میں واپسی کرنے والے محمد عامر کو اسکواڈ سے باہر کردیا۔ اپنے یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر باسط علی نے اپنا ٹی20 ورلڈکپ اسکواڈ شیئر کیا، جس میں انہوں نے تجربہ کار فاسٹ بولر محمد عامر کو اسکواڈ کا حصہ نہیں بنایا جبکہ ریزرو کھلاڑیوں میں نوجوان محمد حارث، آغا سلمان اور محمد علی کو شامل کیا۔ اس سے قبل سابق کرکٹرز وقار یونس، سلمان بٹ اور بازید خان نے اپنے اسکواڈز کا اعلان کیا تھا۔ تینوں سابق کرکٹرز نے عامر جمال اور اسپن ڈیپارٹمنٹ کے شعبے میں اسامہ میر اور ابرار کو شامل کیا تھا۔ واضح رہے کہ نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی20 سیریز میں محمد عامر نے 4 میچوں میں محض 3 وکٹیں حاصل کرسکے تھے۔ باسط علی کا 15 رکنی اسکواڈ: کپتان بابر اعظم، محمد رضوان، صائم ایوب، فخر زمان، افتخار احمد، اعظم خان/عثمان خان، عرفان نیازی، شاداب خان، عماد وسیم، عباس آفریدی/عامر جمال، شاہین آفریدی، نسیم شاہ، حارث رؤف، اسامہ میر اور ابرار احمد ہے

لنکن پریمیئر لیگ، نسیم شاہ سمیت سینکڑوں کھلاڑیوں نے رجسٹریشن کروالی

ٹورنامنٹ کا آغاز 1 جولائی سے ہوگا، فائنل 21 جولائی کو شیڈول ہے

لاہور (یو این پی) لنکن پریمیئر لیگ 2024ء کے 5 ویں ایڈیشن کیلئے نسیم شاہ سمیت 500 سے زائد کھلاڑیوں نے رجسٹریشن کروانے میں دلچسپی ظاہر کردی۔ 24 ممالک سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں نے پانچ فرنچائزز کے اسکواڈ میں انتخاب کیلئے نیلامی کا اندراج کروایا ہے، نامور کھلاڑیوں میں تمیم اقبال، ثم ساؤتھی، رسی وان ڈیر ڈوسن، جمی نیشام، مشفق الرحیم، ریزا ہینڈرکس، ریلی روسو، شائی ہوپ، تسکین احمد، لونگی نگیڈی، نسیم شاہ، رحمٰن اللہ گرباز، نجم الحسین منزو، کولن منرو، لنگی نگیڈی، اش سودھی، مارک چیپ مین، حسن بہرنڈورف، آندرے فلیچر، اوشین تھامس، کیموپال، اور فیبین ایلن شامل ہیں۔ دیگر کھلاڑیوں میں عثمان خواجہ، تحریز شمسی، ایون لیوس، مجیب الرحمان، نور احمد، ریس ٹوپلی، افتخار احمد، محمد نواز، گلبدین نائب، اور ابراہیم زدران جیسے نامور ستارے بھی مطلوبہ کھلاڑیوں میں

TENDER NOTICE

TSE-232405408973 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Conservator of Forests, Zhob Civil Division invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of GIS NODE at Zhob	4,920,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least 3,444,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure Of Procurement**:Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **24 May, 2024** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **24 May, 2024** till 09:45 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:45 AM

Address: Office of the PD, UGPP (TBTTP) Spinnay Road Quetta
Phone no: 0333781654Fax no:Email: kakarfarooq7@gmail.com

PRQ No.2196/8-5-2024

CONSERVATOR OF FORESTS, ZHOB

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

سی ایم اپیل نمبر 210/2022 ڈپٹی کمشنر / کلیکٹر کوئٹہ

مرافعہ گزار بنام (1) جمیل الرحمان ولد عبدالرحمان، قوم کاکڑ، سکنہ منوجان روڈ بدو، کوئٹہ معرفت محمد خان اسٹیٹ ایجنسی اکاؤنٹی روڈ، کوئٹہ (2) حکومت بلوچستان بذریعہ چیف سیکرٹری سول سیکرٹریٹ زرغون روڈ کوئٹہ (3) حکومت بلوچستان بذریعہ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ (4) تحصیلدار سٹی، کوئٹہ ..... مرافعہ علیہم

اپیل زیر دفعہ 54 قانون حصول اراضی 1894، برخلاف فیصلہ محررہ 01-10-2022 جاری کردہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج 5، کوئٹہ لینڈ ایکوزیشن اپیل نمبر 72/2021

اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 1 برگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مرافعہ علیہ نمبر (1) جمیل الرحمن ولد عبدالرحمن، قوم کاکڑ، سکنہ منوجان روڈ بدو، کوئٹہ معرفت محمد خان اسٹیٹ ایجنسی اکاؤنٹی روڈ، کوئٹہ، عام حالت میں دستیاب نہیں ہوسکا یا دیدہ دانستہ نوٹس وصول کرنے سے گریزاں ہے لہذا بحکم عدالت عالیہ بلوچستان مذکورہ بالا مدعا علیہ نمبر 1 کو اس اشتہار کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 27-05-2024، بوقت 09:00 بجے صبح حاضر عدالت ہوکر مقدمہ عنوان بالا کی خود یا بذریعہ وکیل پیروی کرے۔ بصورت دیگر اس کے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

ڈپٹی رجسٹرار (جوڈیشل)

PRQ No.2191/07-05-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کاؤنٹی کرکٹ، شان مسعود کا جوئے کی تشہیر سے گریز

یارکشائر نے کپتان کی شرٹ کے کالر پر "ڈافا بیٹ" کا لوگو نہیں لگایا

لاہور (یو این پی) ٹیسٹ کپتان شان مسعود انگلش کاؤنٹی کرکٹ میں جوئے کی تشہیر سے دور ہیں، ان کی شرٹ کے کالر پر بیٹنگ کمپنی کا لوگو نہیں لگایا گیا، دیگر کاؤنٹی ٹیموں میں شامل پاکستانی کھلاڑیوں کو بھی اس حوالے سے رعایت دی گئی ہے۔ 'ایکسپریس نیوز' کے مطابق پاکستانی ٹیسٹ کپتان شان مسعود ان دنوں کاؤنٹی کرکٹ میں یارکشائر کی قیادت کررہے ہیں، ہفتے کے روز ان کی کاؤنٹی کا "ڈافا بیٹ" سے بطور آفیشل پارٹنر 2 سالہ معاہدہ ہوا، اس معاہدے کے تحت تینوں فارمیٹس کی کرکٹ میں کھلاڑیوں کی شرٹس کے کالر پر مذکورہ کمپنی کا لوگو موجود ہوگا، انگلینڈ اور آسٹریلیا سمیت کئی ممالک میں جوا قانونی طور پر ہوتا ہے اور سٹیڈیمز کے باہر بھی شرطیں وصول کی جاتی ہیں۔ ٹیسٹ کپتان شان مسعود انگلش کرکٹ میں جوئے کی تشہیر سے دور ہیں، ان کی شرٹ کے کالر پر بیٹنگ کمپنی کا لوگو نہیں لگایا گیا، دیگر کاؤنٹی ٹیموں میں شامل پاکستانی کھلاڑیوں کو بھی اس حوالے سے رعایت دی گئی ہے۔ 'ایکسپریس نیوز' کے مطابق پاکستانی ٹیسٹ کپتان شان مسعود ان دنوں کاؤنٹی کرکٹ میں یارکشائر کی قیادت کررہے ہیں، ہفتے کے روز ان کی کاؤنٹی کا "ڈافا بیٹ" سے بطور آفیشل پارٹنر 2 سالہ معاہدہ ہوا

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کم رکھا ہوا ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے سرپرست میر محمد اسلم خان عمرانی، سابق میر علی مراد خان رند نے میڈیا کے نمائندوں سے ٹیلیفونک رابطہ کرتے ہوئے کہا کہ پاسکو انچارج سید شوکت شاہ نے باردانے زمینداروں کو دینے کے بجائے چینیوں پر بیچ دیے ہیں اور ابھی دوسرے فیز میں جو باردانہ آرہا ہے اگر وہ زمینداروں اور کسانوں کو دینے کے بجائے کسی دکاندار یا کسی کو بیچے گئے تو جمعیت علماء ۔ اسلام زمینداروں اور کسانوں کے ساتھ مل کر سراپا احتجاج کرے گی باردانوں کے حصول تک یہ احتجاج جاری رکھیں گے انھوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس طرف توجہ دے تاکہ زمینداروں کی کچھ دادرسی ہوسکے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کم رکھا ہوا ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے سرپرست میر محمد اسلم خان عمرانی، سابق میر علی مراد خان رند نے میڈیا کے نمائندوں سے ٹیلیفونک رابطہ کرتے ہوئے کہا کہ پاسکو انچارج سید شوکت شاہ نے باردانے زمینداروں کو دینے کے بجائے چینیوں پر بیچ دیے ہیں اور ابھی دوسرے فیز میں جو باردانہ آرہا ہے اگر وہ زمینداروں اور کسانوں کو دینے کے بجائے کسی دکاندار یا کسی کو بیچے گئے تو جمعیت علماء ۔ اسلام زمینداروں اور کسانوں کے ساتھ مل کر سراپا احتجاج کرے گی باردانوں کے حصول تک یہ احتجاج جاری رکھیں گے انھوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس طرف توجہ دے تاکہ زمینداروں کی کچھ دادرسی ہوسکے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیب علاقے میں بزنس اور معاشی سرگرمیوں کے لیے دیگر سرکاری محکموں اور تاجر برادری کے ساتھ ہر ممکن کوشش اور تعاون کرے گا۔ انہوں نے معاشرے میں شفافیت اور احتساب کو برقرار رکھنے میں نوجوانوں کے اہم کردار پر زور دیا۔ نیب کے افسران و اہلکاروں کو بھی ہدایت کی گی کہ وہ باوقار انداز میں عوام کی خدمت کریں اور ان کے مسائل حل کریں۔ افتتاحی تقریب سے ڈی جی نیب (بلوچستان) اور انچارج نیب سب آفس گوادر نے بھی خطاب کیا اور گوادر میں نیب (بلوچستان) کے سب آفس کے قیام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ نیب گوادر میں اپنے سب آفس کے ذریعے کرپشن کے خلاف آگاہی، روک تھام اور نفاذ کی کارروائیاں جاری رکھے گا۔ چیئرمین نیب نے تاجر برادری کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی اور علاقے میں صنعت کاری اور کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کے حوالے سے ان کے مسائل سنے۔ اجلاس میں گوادر چیمبر آف کامرس، مکران چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران گوادر، گوادری فوڈ اینڈ سٹری ایسوسی ایشن، رئیل اسٹیٹ ایسوسی ایشن، امپورٹرز اینڈ ایکسپورٹرز کے صدور اور ممبران نے شرکت کی اور اپنے شبہوں سے متعلق مخصوص مسائل کا اظہار کیا۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ نیب متعلقہ ریگولیٹری محکموں کے ساتھ مل کر تاجر برادری کے مسائل حل کرے گا اور گوادر میں معاشی سرگرمیوں کو آسان بنائے گا۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹنوں میں 16 مئی تک توسیع کردی۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک درخواست ضمانت قبل از گرفتاری کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا کے اندوہ دہشت گردی میں تبادلہ کی وجہ سے نہ ہوسکی۔ سابق وزیر اعظم اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں پر سماعت بغیر کارروائی 16 مئی تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کاروائی کو یقینی بنائیں ورنہ استعفیٰ دیں۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مطالبہ کرتی ہے پاکستان صوبہ پنجاب خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کسانوں کے استحصال کی بھرپور مذمت کرتا ہوں کسانوں سے طے شدہ قیمت پر گندم کی خریداری کی جائے گندم پرمٹی کرپشن کی تحقیقات ہونی چاہیے اور اس کے خلاف کارروائی کی جائے یہ ایوان فلسطینیوں کی آزادی کا مطالبہ کرتی ہے اور غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتی ہے وفاقی وزیر خارجہ اسرائیلی مظالم کے خلاف غزہ میں معصوم فلسطینیوں کی شہادت پر آواز اٹھانی چاہیے صوبہ بلوچستان خیبر پختونخوا اور پنجاب جاری جنگی کے بحرانوں کا خاتمہ کیا جائے ملک میں مہنگائی کے خاتمے کا مطالبہ کرتی ہے بلوچستان میں چین گوادر اور دیگر علاقوں میں عوامی حقوق کی حمایت کرتے ہیں اور ان علاقوں کے وسائل پر پہلا حق ان کا ہے ملک بھر میں معدنی وسائل پر مقامی آبادی کے حق کو تسلیم کیا جائے وطن عزیز میں غیر ملکی مداخلت آئی ایم ایف کی غلامی کا خاتمہ آزاد اور خودمختار ریاست کی کسی بھی ملک کو اڈا دینے کی مخالفت کرتے ہیں کسانوں پر تشدد کی مذمت کرتے ہیں آزادی اظہار رائے پر قدغن لگانے کے بجائے آزادی دی جائے یہ اجلاس برصغیر خصوصی پاکستان میں آئین کی بالادستی میں جدوجہد کرنے والے ہستیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے آگاہ کیا گیا، اور مسلم باغ ڈیری فارم دہشتری ہو سکیل مسلم باغ کا دورہ کرنے کی دعوت دی، منیسٹر بخت محمد کاکڑ نے قبائلی رہنما سردار محمد حنیف کاکڑ کا دعوت قبول کرتے ہوئے یقین دہایا کہ میں بہت جلد مسلم باغ کا دورہ کرونگا اور مسلم باغ کے جائز مطالبات حل کرونگا۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

راے ہر قیمت پر یقینی بنائے گی۔ گوادر کو خطے کی مثالی بندرگاہ اور اسمارٹ سٹی کی طرز پر تعمیر کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان کے دیگر بڑے شہروں کے طرز پر سیف سٹی کا منصوبہ بھی حکومت بلوچستان سے منظور شدہ پروجیکٹ ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد جرائم، اسمگلنگ اور تخریب کاری کی روک تھام ہے۔ یہ پروجیکٹ کیمروں کی تصیب اور ٹریفک کی چیکنگ کے جدید نظام پر مشتمل ہے۔ گوادر کے گردنو تو بازی کی تصیب کی جارہی ہے اور نہ ہی ایسا کوئی اقدام زیر غور ہے۔ یہ محض جھوٹا پروپیگنڈا ہے جس کا مقصد گوادر کی ترقی کی راہ میں مشکلیں پیدا کرنا، امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنا اور گوادر کے معصوم عوام اور نوجوانوں کو گمراہ کرنا ہے۔ یہ پروپیگنڈا بالخصوص اس وقت شروع کیا گیا ہے جب گوادر میں انڈسٹریل انگیج پلیکچر پارک کا افتتاح ہوا اور گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ تکمیل کے مراحل کو پہنچ چکا ہے۔ گوادر کے عوام ایسے جھوٹے پروپیگنڈا پر بالکل توجہ نہ دیں، شہریوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، جسے وہ ہر حال میں پورا کرے گی۔ ہمیں بلوچستان اور گوادر کی ترقی کے لئے نوجوانوں کو تعلیم و ہنر سے بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے، انکوائری رپورٹ پبلک کرنے سے قبل کمیشن اجلاس میں پیش کی جائے گی، الیکشن کمیشن انکوائری رپورٹ کی سفارشات پر من و عن عمل کرے گا۔ الیکشن کمیشن نے تحقیقات کے لیے ایک رکنی کمیٹی قائم کی تھی، کمیٹی نے ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں انکوائری کی تھی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق رپورٹ ڈسٹرکٹ اور ریٹرننگ افسران کے بیانات پر مشتمل ہے، کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ نے کمیٹی میں تحریری بیان جمع کرایا تھا۔ واضح رہے کہ سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے انتخابات میں سنگین بے ضابطگیوں کے الزامات عائد کرتے ہوئے عہدے سے مستعفی ہونے کا اعلان کیا تھا۔ بعدازاں ترجمان الیکشن کمیشن اور چیف جسٹس پاکستان نے سابق کمشنر راولپنڈی کے الزامات کی سختی سے تردید کردی تھی۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

قہ ملک کے خلاف ایک بڑی سازش تھی۔ ملکی اداروں پر حملے سے ظاہر ہوا کہ جنہوں نے اس مذموم سازش میں حصہ لیا وہ ملک و قوم کے دشمن تھے۔ ایسے دہشت گردانہ عمل سے پاکستان کے دشمنوں کو خوش کرنے کی کوشش کی گئی قوم آج بھی متحد ہے اور ملک کے خلاف ایسے سازشوں کو ہمیشہ ناکام بناتی رہی گی ۔انھوں نے مزید کہا کہ ملکی اداروں کی وجہ سے آج ہمارا ملک قائم و دائم ہے اور جن اداروں کی کردار کشی کی جارہی ہے آگے ہونے سے ملک مستحکم ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن جاری ہے، ڈیڑھ ماہ کے دوران ایف آئی اے بلوچستان زون نے بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف 806 چھاپہ مار کارروائیاں کیں۔ ایف آئی اے کے مطابق چھاپوں کے نتیجے میں 67 مقدمات درج کرکے 20 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، مجموعی طور پر 3 کروڑ روپے سے زائد کی بجلی چوری پکڑی گئی جس کے بعد ملزمان سے 2 کروڑ 19 لاکھ روپے ریکوٹر کرلیے گئے۔ ڈیڑھ ماہ کے دوران اوور بلنگ کے حوالے سے 207 سرکاری اداروں کے میٹرز چیک کیے گئے، مجموعی طور پر دو میٹرز پر اوور بلنگ کا انکشاف ہوا جس پر انکوائریاں درج کرلی گئیں۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے 5 گرمی اضافے کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں گرد آلود ہوائیں، گرج چمک کے ساتھ بارش بھی متوقع ہے، پنجاب کے مختلف اضلاع میں 10 اور 11 مئی کو طوفانی بارشوں کا امکان ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ پنجاب بھر میں ضلعی انتظامیہ کو موسمی صورتحال سے آگاہ کردیا گیا ہے، گرمی اور لو کی شدت میں اضافے سے عوام الناس کو بھی محتاط رہنا ہوگا، دوپہر کے وقت کام کرنے والے لوگ بچنے کا اہتمام کریں۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تے ہوئے کہا کہ وکلاء برادری اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا اور جلوس نکالے اور مظاہرے کئے جو ان کا قانونی آئینی اور جمہوری حق ہے وکلاء برادری اپنے مطالبات منانے کے لئے دھرنا جلوس جلسہ اور پریس کانفرنس ہر وقت کرسکتے ہیں اور اگر اس میں دہشت گردی کے مقدمات اور کیسز بناتے ہیں تو سراسر ناجائز اور غیر آئینی اور غیر قانونی اقدام ہے پاکستان بار ایسوسی ایشن کو چاہئے کہ وکلاء کے ایک میکنزم بنائیں کہ کوئی کوئی بھی ایڈووکیٹ اپنی ذاتی کلائیٹ کے لئے بار ایسوسی ایشن کی جماعت کے کارکن اور لیڈر مطالبہ اور رہائی کے لئے استعمال نہ کرے بدقسمتی سے ایک کچھ لوگ سیاست کے الف بے سے واقف نہیں وہ بھی وکلاء کو اپنی سیاست اور مطالبات منانے اور رہائی کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں ملازم ہے حالیہ مہنگائی کی وجہ سے گھر کا گزر بسر نہیں ہو رہا تھا تو ہم نے رشتہ داروں سے زمین ڈیڑھ لاکھ روپے کا ٹھیکاری کرنے کیلئے لیا تاکہ بچوں کا گزر بسر ہوسکیں اس دوران عبداللہ خان اے ایس آئی جو میرے شوہر کے ساتھ ملازم تھا جس نے میرے شوہر کو بینک الحبیب سے لون لینے کیلئے کہا اور ہم سے زمین کے تمام کاغذات لیے 14 اپریل 2024 کو میرے شوہر کی پی ٹی سی کوئٹہ میں عارضی ڈیوٹی تھی بینک کی طرف سے پیغام موصول ہوا کہ 21 لاکھ روپے آپ کے اکاؤنٹ میں جمع ہوچکے ہیں تھوڑی دیر بعد 9 لاکھ روپے کا میسج موصول ہوتا ہے پھر تین ہزار روپے کا میسج آیا اس طرح میرے شوہر نے بینک منیجر سے رابطہ کیا کہ میرے اکاؤنٹ میں کس چیز کے پیسے آئے ہیں میرے شوہر کی ڈیوٹی عرصہ ایک ماہ ختم کرا کر کوئٹہ چلا گیا اور زرعی سامان طلب کیا تو منیجر نے بتایا کہ آپ کے پیسے میں نے گل زمان کا کالی کو دیے اور ڈرائف بنام مری سولر ایجنسی شوکت مارکیٹ کو بتایا بعد میں پتا چلا کہ جس کو سولر ایجنسی کا نام دیا گیا اور بعد میں اکاؤنٹ میں پیسے ٹرانسفر کیے وہ مزار خان نامی ایک موٹر مکینک ہے تو معلوم ہوا کہ بینک منیجر امیر شاہ نے عبداللہ خان نے اے ایس آئی گل زمان کے ساتھ مل کر اس بندے کے نام پر فرضی اکاؤنٹ بنایا اور زرعی لون کے جتنے بھی کیس منظور ہوئے اور اس کے تمام رقم اس کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کرکے نکالا گیا جو اس کے اکاؤنٹ میں ایک کروڑ 86 لاکھ روپے نکلے اس دوران میں نے آئی جی پی کو درخواست برخلاف عبداللہ اے ایس آئی دی جس پر ایس پی کوہلو نے 4 افسران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی اور ان افسران نے مسلسل چار ماہ تک انکواری مکمل کی آئی جی اور ڈی آئی جی کو ارسال کی لیکن انکواری کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا میں کل ڈی آئی جی آفس چلا گیا تو ان کو معلوم ہی نہیں کہ انکواری ایس پی کوہلو نے جو رپورٹ بھیجا کہاں پڑی ہے انہوں کہا کہ آئی پولیس نے کہا کہ میں اس انکواری سے مطمئن نہیں ہوں اس سے بھی ڈی آئی جی شیر علی جکرانی جو کہ عبداللہ کا خاص خیر خواہ تھا انہوں نے کیا میرا شوہر اسی غم میں وفات پاچکے ہیں میرا تنخواہ بھی نہیں آرہی ہے میں محکمہ پولیس سے پوچھتی ہوں کہ پولیس ملازم کے فرائض کیا ہیں اور ایک پولیس آفسر کا بینک سے کیا تعلق ہے اس کا تسلوں کے کاروبار سے کیا تعلق ہے انہوں نے کہا میں اپیل کرتی ہوں کہ میرا کیس احتساب عدالت میں بھیجا جائے بصورت دیگر میں آئی جی آفس کے سامنے اپنے معصوم بچوں کے ساتھ خودکشی کروں گی

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جارہے ہیں۔ راحیلہ درانی نے کہا کہ اختیارات میں تقل کی روک تھام کیلئے بہترین انتظامات کیے جارہے ہیں، نقل کرکے امتحان میں پاس تو ہوا جاسکتا ہے لیکن قابلیت حاصل نہیں کی جاسکتی، نقل کی روک تھام کیلئے طلبہ، اساتذہ اور والدین کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے مختلف مراکز کے دورے کے پر کیا انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے اعزاز منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایک بات ساری عمر کیلئے اپنے ذہنوں میں طلبا وطالبات ذہن نشین کرلیں کہ جو کچھ کتابوں میں لکھا ہوتا ہے وہ ڈگری پر تحریر نہیں ہوتا اس کیے کتابوں سے دوستی رکھو اور اپنا فالتو وقت کتابوں کو پڑھنے میں گزارو اس سے آپ کے علم میں اضافہ ہوگا اس طرح آپ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے اپنے اساتذہ اور والدین کا نام روشن کرسکتے ہیں۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حملے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں ایسے بزدلانہ ہتھکنڈوں سے بی این پی کے رہنماؤں کو مرعوب نہیں کیا جاسکتا بی این پی ایک قومی جماعت ہے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنیئر رہنماء ۔ ڈاکٹر محمد امین مینگل نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بی این پی جمہوری سیاست پر یقین رکھتی ہے ملک میں سیاسی بحران کی بحالی لاقانونیت کے خلاف جدوجہد بلوچ قومی بقاء ۔ ننگ و ناموس کی اس جدوجہد سے بلوچستان نیشنل پارٹی کی قیادت اور ورکروں کو ڈرایا نہیں جاسکتا، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء ۔ سابق صوبائی وزیر سید احسان شاہ کے گھر پر بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا بی این پی کا واضح موقف ہے کہ بلوچستان میں جاری انسانی حقوق کی پامالی جبری گمشدگیوں پر تشویش اور سراسیمگی کا ماحول پیدا ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی لیڈر شپ کے خلاف گھناؤنے سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی بلکہ انکے منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ ڈاکٹر محمد آمین مینگل کا مذید کہنا تھا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی اپنے قیادت رہنماؤں اور ورکروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے انہیں تنہا نہیں چھوڑے گا مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیاسی رہنماؤں قبائلی مشران سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان عوامی پارٹی بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی نیشنل پارٹی مرکزی انجمن تاجران علاقے کے مختلف اقوام کے قبائلی مشران نے جیو آئی کے زیر اہتمام 10 مئی بروز جمعہ بوقت تین منعقد ہونے والے آمن جرگہ کا حمایت کا اعلان کردیا جیو آئی ضلع کوہستان کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا رازمحمد محمد حسنی کو ہر ممکن تعاون کی یقین دلایا اور آمن جرگہ میں بھرپور شرکت کی عندیہ دے دیا دریں اثنا جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا رازمحمد محمد حسنی نے مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین قبائلی مشران تاجر برادری 10 مئی کو آمن جرگہ میں شرکت کی دعوت دینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جیو آئی ضلع کوہستان کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی یونٹ کے زیر اہتمام آمن جرگہ کے انعقاد سے دوررس نتائج برآمد ہونگے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان عوامی پارٹی بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی نیشنل پارٹی تاجر برادری قبائلی مشران کے جانب سے جیو آئی کے زیر اہتمام 10 مئی بروز جمعہ کو ہونے والے آمن جرگہ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں سیاسی جماعتوں قبائلی مشران مرکزی انجمن تاجران تاجر برادری کے اتحاد و اتفاق قیام آمن کے لیے مثبت پیغام ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ 10 مئی کو جیو آئی کے زیر اہتمام آمن جرگہ آمن و امان کو تباہ کرنے والے عناصر کے لیے موت کا پیغام ہوگا سیاسی جماعتوں قبائلی مشران تاجر برادری نے جس جرئتمندانہ انداز سے آمن جرگہ کے انعقاد کو سپورٹ کیا جیو آئی آمن جرگہ میں سیاسی جماعتوں قبائلی مشران تاجر برادری کو خوش آمدید اور مرحبا کہتی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء ۔ اسلام نے ہمیشہ قیام آمن کے لیے دستہ اول کا کردار ادا کیا ہے جیو آئی عوام کو ڈاکوں اور دردہ صفت عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے ہیں آمن جرگہ میں شالا کوٹ تھانہ کے ایس ایچ او راشد علی ارشاد بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے بروز جمعہ بوقت تین بجے کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کلی خزاں اور ہزار گنجی کے تمام ملحقہ علاقوں کے عوام الناس آمن جرگہ میں بھرپور وقت کے ساتھ شرکت کرکے آمن جرگہ کو کامیاب بنائیں گے

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لانا ہے جو عام عوام کی مفاد میں ہو۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

9 مئی کے افسوسناک واقعات کے ایک سال مکمل ہونے پر اپنے بیان میں کہا کہ اس وقت جیل میں بند عمران خان اور ان کے حواریوں نے اس دن کے لئے بہت پہلے سے منصوبہ بندی شروع کردی تھی۔ جس دن سے عمران خان اپنی ناقص کارکردگی کی بنیاد پر اقتدار سے الگ ہوئے اس دن سے اس جھوٹے شخص نے اعلیٰ اداروں اور شخصیات پر الزامات کا سلسلہ شروع کر رکھا تھا اور اعلیٰ قومی اداروں خاص کر پاک افواج کے خلاف پی ٹی آئی ورکروں کی ذہن سازی کی جارہی تھی جس کا شاخسانہ ہم نے گزشتہ سال 9 مئی کو تشدد اور جلاؤ گھیراؤ اور حساس تنصیبات پر حملوں کی صورت میں دیکھا۔ ایسے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اپنی سیاست چمکانے کے لئے پارٹی کارکنوں کو اپنی تقاریر کے ذریعے ورغلایا اور کچے ذہنوں میں اعلیٰ اداروں کے خلاف زہر بھرا جو ایک خطرناک عمل ہے۔ یہ متعی ہتھکنڈے کسی بھی طرح سیاست کا حصہ کہلانے کے قابل نہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ عمران خان اور ان کے حواریوں نے تو جوانوں اور محب وطن شہریوں کو ملک میں انتشار اور افراتفری پھیلانے کے لئے استعمال کیا۔ عمران خان کبھی بھی سیاست دان نہیں تھے۔ فتنہ خان نے اپنی سیاست اور کرپشن کو بچانے کے لئے یہ سب ڈرامہ رچایا جس میں ملک کو سنگین نقصان اٹھانا پڑا۔ اب بھی یہ شریر عناصر پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈہ میں مصروف ہیں لیکن پاکستان اور پاک فوج کے خلاف کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈہ پر ذی شعور عوام کان نہیں دھریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں کو بھی سوچنا چاہئے کہ جو شخص مشکل وقت میں ان کا ساتھ چھوڑ جائے، کیا وہ شخص ان کا لیڈر ہوسکتا ہے ہے!۔ ایسا شخص لیڈر کہلانے کے بالکل قابل نہیں ہوسکتا جو کارکنوں پر مشکل وقت میں اُن سے لاتعلقی ظاہر کردے۔ پاکستانی قوم خاص کر تحریک انصاف کے ورکروں کو بھی اب سمجھ جانا چاہئے کہ اپنی ذاتی تسکین اور دشمنوں کے ایجنڈے کی خاطر جھوٹے اور من گھڑت الزامات کے ذریعے ملک کو داؤ پر لگا دینا کہاں کا انصاف ہے۔۔؟ کہاں کی پاکستانیت ہے؟؟؟۔۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ عمران خان نے پارٹی کا نام تو تحریک انصاف رکھ لیا لیکن انصاف نام کی کوئی چیز ان کی پارٹی میں نظر نہیں آتی۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان پر تشدد اور فوج مخالف واقعات کے بعد کچھ ارلوگ عمران خان کے ملک دشمن بیانئے کو سمجھ گئے اور پارٹی سے کنارہ کشی اختیار کرلی اور یہ مزید محب وطن شہری جو کہ اب تک پی ٹی آئی کو سپورٹ کررہے تھے شرمندگی ظاہر کرتے ہوئے پارٹی سے لاتعلقی کا اظہار کررہے ہیں جو کہ عمران خان کے بیانیے کی نفی ہے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تک سنی گئی۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ چمن شہر کی تحفظ اور امن و امان کے حوالے سے کوئی مخصوص گروہ اور ملک دشمن عناصر اس خوش فہمی میں نہ رہیں اور گھناؤنی اور مذموم مقاصد حاصل کرنے میں کسی کو بھی کامیابی نہیں ملے گی اور الٹا اپنے دین و دنیا کو تباہ کرنے کے علاوہ انکو کچھ حاصل نہیں ہوگا انہوں نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے ہمارے تمام سیکیورٹی اداروں کے آفیسرز و اہلکاران کی مثالی آنکھوں سے ملک دشمن عناصر کی کوئی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتی لیکن ہم اپنے مضبوطی اور حکمت عملی کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے جب اور جہاں چاہیں تخریب کاروں اور امن دشمن عناصر کو انکی بچھائی ہوئی جال میں خود الجھا کر ان انکی مذموم عزائم اور مقاصد کو اکھاڑ دیتے ہیں ہماری سیکیورٹی اداروں فوج ایف سی پولیس و لیویز فورسز کی بدولت ہی پاکستان کو کوئی بیرونی دشمن ممالک میلی آنکھ سے بھی نہیں دیکھ سکتا لیکن ہم اپنے وطنوں کو پیار محبت اور ہمدردی سے مختلف اوار میں مختلف طریقوں سے سمجھاتے ہیں کہ اپنے پاؤں پر کلہاڑی نہ ماریں اور اپنے انکھ کان اور منہ کو اپنے ملک کی دفاع ترقی و خوشحالی کیلئے مثبت اور بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے استعمال کریں اور ہم اپنے ہم وطنوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ وطن کی سالمیت و یکجہتی اور استحکام کے لیے آگے بڑھ کر اپنے حصے کی خدمت کریں اور امن دشمن اور ترقی مخالف عناصر کی ترغیب میں نہ آئیں اور اپنے بچوں اور آئندہ نسلوں کیلئے ایک باوقار اور ترقی یافتہ سوچ و فکر رکھنے والا انسان کی کردار ادا کریں تاکہ ہم پرامن ترقی یافتہ اقوام اور خوشحال ممالک کی صف میں شامل ہوسکیں

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

محمد اسماعیل حلبی رانا شہزاد سلیم، راؤ عادل اور دیگر بھی موجود تھے۔ ہیومن رائٹس فورم آف پاکستان کے مرکزی نائب صدر حاجی محمد جمالی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہیومین رائٹس فورم آف پاکستان پورے سندھ میں جزیہ خدمت کے تحت کام کررہے ہیں بہت جلد ضلع میرپورخاص میں بھی تنظیم سازی کی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے نوجوان صحافی محمد سلیم مغل کو ہیومن رائٹس فورم آف پاکستان تعلقہ شاہ آباد کا میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کیا اور ہدایت کی کہ جلدی باہمی مشاورت سے تعلقہ شاہ آباد کی باڈی تشکیل دے کر کام کا آغاز کیا جائے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بنے کا امکان ہے۔ تاہم بعض جگہوں پر گرد و غبار والی تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ موسمی خیل، ژوب اور ملحقہ علاقوں میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گفتگو کرتے ہوئے سید زین شاہ نے کہا ہے کہ سیاسی مخالفین ایک طرف مخالفین کو خرید کر رہے ہیں دوسری جانب باضمیر سیاستدانوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں کی جارہی ہیں انتخابات کے بعد سندھ کے حمدرد، سماج کے متحرک مختلف فورمز کے رہنماؤں سے سہکار لینے یہاں پہنچے ہیں، امیر بخش بھٹو نے گفتگو کرتے کہا ہے کہ ہمارے ساتھ سیاسی انتقام کی تاریخ لمبی ہے جنرل ایوب، ضیاء مالحق سے لیکر اس وقت تک ہر مخالف کے مقابلہ کیا ہے، آپ کے ہمدردی کی مہربانی سندھ کے حقوق کی جدوجہد میں میرہ سہکار ہمدردیاں آپ سمیت سندھ کے عوام کے ساتھ ہیں سندھ کے عوام سے ناانصافی اور ڈاکوراج سے نجات کے لیے متحد ہونا ہوگا۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فدا اسداللہ خکیدار حاجی ضیاء ۔ الرحمن میر عبدالناصر قمبری بلوچ میر عبدالخالق آلا زئی ترجمان جمعیت حافظ ضیاء ۔ الرحمن ان کے ہمراہ تھے جمعیت علماء ۔ اسلام واشک اراکین نے نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم عمرانی کو واشک میں تعینات ہونے و چارج سنبھالنے پر ویلکم کرتے ہوئے مبارکباد پیش کی تعارفی ملاقات میں سب سے اہم مسائل ہیڈ کوارٹر ناظمین سے ضلعی آفیسران کی غیر حاضری اور علاقائی اجتماعی اہم مسائل امن و امان کی بحالی سمیت تعلیم/صحت/پانی بیروزگاری اور ماہیگیں مزدور ہاڑی کی بندش اور واشک بازار سے چینی کی قلت اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے اور عوام کو ریلیف فراہمی واشک میں خاص کر ہیلتھ اسٹورز کا قیام و دیگر اجتماعی اہم مسائل پر بات چیت کی گئی نئے تعینات ڈپٹی کمشنر واشک محمد نعیم عمرانی نے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب نے ایک ساتھ مل کر ڈسٹرکٹ واشک کے تمام اجتماعی و انفرادی مسائل کو یکا تفریق حل کرنا ہوگا ڈپٹی کمشنر واشک نے ان تمام مسائل کو حل کرنے کی پوری یقین دہانی کرائی اور مزید کہا کہ انشاء ۔ اللہ میں جتنا ڈسٹرکٹ واشک میں تعینات ہوں بلا تفریق اپنے تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ عوامی اور علاقائی اجتماعی و انفرادی مسائل کو حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے میں کوششیں جاری رکھوں گا

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے، محکمہ نے نومبر 2023 سے کئی ترجیحی شعبوں میں معاون نگرانی (مانیٹرنگ) منصوبہ نافذ کیا ہے بشمول اسٹاف کی دستیابی، لیبر روم کی فعالیت PNC ANG کی فعالیت، ادویات کی دستیابی اور امیونائزیشن کی کارکردگی میں اصلاحات اور عمل درآمد کا مسلسل جائزہ لیا جارہا ہیں

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

و پریشانی اور بدنامی ہے۔ اس سے ظاہر ہے۔ کہ یونیورسٹی ملازمین اور اساتذہ کرام اس وقت بدترین زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا۔ کہ موجودہ جعلی صوبائی حکومت کی جانب سے اس واضح گھر سنگین مسئلے پر کمیٹی کا قیام سنگین مذاق اور تھل تسلی کے مترادف ہے۔ میر عبدالرحیم بلگ نے بلوچستان یونیورسٹی کے مالی بحران کو صوبے کی بدقسمتی قرار دیتے ہوئے کہا۔ کہ جن کے ہاتھوں میں ہمارے مستقبل ہیں۔ جنہوں نے کل ملک و قوم کی باگ دوڑ سنبھالنی ہے۔ ان کی تعلیم و تربیت کے ذمہ دار اپنی تنخواہوں کے لیے سڑکوں پر دھرنے دیے بیٹھے رہتے ہیں۔ اس سے بڑی بدقسم

گوادر شہر میں کوئی آہنی باڑ نہیں لگائی جارہی، خبریں بے بنیاد ہیں، ڈپٹی کمشنر

ہمیں بلوچستان اور گوادر کی ترقی کے لئے نوجوانوں کو تعلیم و ہنر سے بااختیار بنانے کی ضرورت ہے

چند دنوں سے مختلف غیر معتبر سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر گوادر شہر سے متعلق بے بنیاد افواہیں پھیلائی جارہی ہیں۔

گوادر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ چند دنوں سے مختلف غیر معتبر سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر گوادر شہر سے متعلق بے بنیاد افواہیں پھیلائی جارہی ہیں۔ ان افواہوں میں گوادر شہر کو چین کے حوالے کرنے سے لے کر، شہر کے گرد آہنی باڑ تعمیر کرنے جیسے مضحکہ خیز دعوے شامل ہیں۔ حکومت بلوچستان، گوادر اور اس کے شہریوں کی ترقی خوشحالی اور روایتی اقدار کی حفاظت کی ضامن ہے اور (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

9 مئی کا ملک کی تاریخ کا بڑا دلخراش واقعہ تھا، عبدالخالق اچکزئی

9 مئی کو ملک کے امن وامان کو جس انداز میں نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی وہ ملک کی تاریخ میں کبھی نہیں ملتی

کوئٹہ (پ ر) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی نے 9 مئی واقعہ کے حوالے سے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا کہ 9 مئی کا واقعہ ملک کی تاریخ میں بڑا دلخراش واقعہ تھا۔ اس واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ 9 مئی کو ملک کے امن و امان کو جس انداز میں نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی وہ ملک کی تاریخ میں کبھی نہیں ملتی اور یہ وا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 10)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل صدر مملکت آصف علی زرداری کو الوداع کہہ رہے ہیں

ملک میں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی جبری گمشدگی کی مذمت کرتے ہیں، ثناء بلوچ

وفاقی وزیر خارجہ اسرائیلی مظالم کے خلاف غزہ میں معصوم فلسطینیوں کی شہادت پر آواز اٹھائی جائے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے اسلام آباد میں اپوزیشن الائنس کے زیر اہتمام آئین کی بالادستی کے بارے میں منعقدہ سیمنار کی قرار دادیں پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی جبری گمشدگی کی مذمت کرتی ہے اور تمام سیاسی قیدیوں بشمول عمران خان کی رہائی کا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر قانون لاہور پہنچ کر وکلاء سے اظہار یکجہتی کریں، امان اللہ کنرانی

وزیر قانون گرفتار وکلا کی رہاء و ذمہ داران کے خلاف کارواء کو یقینی بنائیں ورنہ استعفیٰ دیں

کوئٹہ (پ ر) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے بدھ کے روز لاہور ہائی کورٹ کے باہر پنجاب پولیس کی تشدد اور وکلا کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے پنجاب و وفاق میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے اور وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ پاکستان بار کونسل کے ممبر بھی ہیں ان کو فوری طور پر لاہور پہنچ کر وکلا سے اظہار یکجہتی کرنی چاہیے اور لاہور بار جا کر وکلا سے آج کے سانحہ پر معافی مانگنی چاہئے گرفتار وکلا کی رہاء و ذمہ داران کے خلاف (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

گوادر میں نیب کرپشن کیخلاف آگاہی کارروائیاں جاری رکھے گا، چیئرمین نیب

نیب علاقے میں بزنس اور معاشی سرگرمیوں کیلئے دیگر سرکاری محکموں اور تاجر برادری کیساتھ ہر ممکن کوشش اور تعاون کریگا

معاشرے میں شفافیت اور احتساب کو برقرار رکھنے میں نوجوانوں کا کردار اہم ہے، نیب افسران واہلکار اپنے فرائض باوقار انداز میں عوام کی خدمت کریں

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین نیب نے گوادر میں نیب (بلوچستان) کے سب آفس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈی جی نیب بلوچستان، ڈی جی (آگاہی اور روک تھام)، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی، کمشنر مکران ڈویژن، ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی، ڈپٹی کمشنر گوادر، ڈی آئی جی پولیس اینڈ کوسٹل ہائی وے، بزنس کمیونٹی کے عہدیداران اور یونیورسٹی آف گوادر اور انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے فیکلٹی ممبران اور طلباء اور وطالبات نے شرکت کی۔ چیئرمین نیب نے اپنے خطاب کے دوران گوادر کی اسٹریٹیجک اور اقتصادی اہمیت کے پیش نظر خطے کی سست رفتار ترقی پر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

غزہ کی پٹی کے جنوبی شہر رفح کے ایک ہسپتال پر ایک شخص نے اسرائیلی فضائی حملے میں شہید بچے کی میت اٹھا رکھی ہے

جیکب آباد میں 11 مئی کو سیرت النبی صہ کانفرنس منعقد ہوگی

ممتاز علماء، ادیب اور نعت خواں شرکت کریں گے، سیرت النبی صہ کانفرنس میں عوام کو بھرپور شرکت کی دعوت

جیکب آباد (رپورٹ عبدالقیوم جھکرانی) جمعیت علمائے اسلام کی جانب سے ایک عظیم الشان سیرت النبی صہ کانفرنس 11 مئی کو جے یو آئی کے ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری کی صدارت میں جانیدیرو چوک نزد پولیس ہیڈ کوارٹر جیکب آباد میں ہوگی، جس میں نامور علماء ۔ مولانا اسداللہ کھہڑو آف بھٹ شاہ، سید حبیب اللہ آف خانپور، ختم نبوت کے رہنما مولانا تاج محمد چنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 44)

تجاوزات کے خاتمے تک آپریشن جاری رہیگا، اسسٹنٹ کمشنر روہڑی

سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر روہڑی لعیبکا اکرم۔ مختیار کار روہڑی سید زاہد حسین شاہ کی قیادت میں اینٹی انکروچمنٹ پولیس میونسپل انکروچمنٹ عملے نے پولیس کی نفری کے ہمراہ روہڑی بس اسٹینڈ چوک اسٹیشن روڈ پر دوکانوں کے باہر قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کر کے دوکانوں کے سامنے بنے دھڑے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 43)

درگزر انسانی اخلاق واوصاف میں سے ایک نہایت ہی بلند پایہ اور عالی وصف ہے، سائرہ شیخ

اگر انتقام اور بدلہ لینے کا سلسلہ شروع ہو جائے تو اس سیدنیا کا امن وسکون ختم ہوتا ہے

سیالکوٹ (نامہ نگار) سماجی کارکن و پاکستان تحریک انصاف کی سپورٹر سائرہ شیخ نے کہا کہ درگزر انسانی اخلاق واوصاف میں سے ایک نہایت ہی بلند پایہ اور عالی وصف ہے انہوں نے کہا کہ۔ معاف کرنے سے دلوں سے کینہ، بغض، نفرت اور کدورت دور ہوتی ہیں، محبتیں پروان چڑھتی ہیں، انتقام لینے کا جذبہ ٹھنڈا پڑتا ہے، نفس کی اصلاح میں مدد ملتی ہے اور معاشرے میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 42)

کچی کینال میں 90 پوسٹیں تھی بھرتی 400 لوگ کئے گئے، صادق عمرانی

بلوچستان حکومت میں کوئی اختلافات نہیں ہے تمام اراکین اسمبلی کا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پر بھرپور اعتماد ہے

ماضی میں جو کچھ بلوچستان کے ساتھ ظلم ہوا ہے بلوچستان حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں اب بہتر نتائج برامد ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر ایلیشن میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کابینہ اور اسمبلی اجلاس اپنے قواعد کے مطابق بلکل بلائی جائے گی اور کابینہ کے دو سے چار اجلاس ہوئے ہیں جس میں بڑے اہم فیصلے بھی ہوئے ہیں اور جو بھی ایشوز ہوں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تمام اتحادیوں کے ساتھ مشاورت کر کے فیصلے کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت میں کوئی اختلافات نہیں ہے تمام اراکین اسمبلی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 40)

تقرر، تبادلہ اور ریٹائرمنٹ ملازم کی زندگی کا حصہ ہیں، عبدالستار لانگو

گنداواہ/رپورٹ شیر احمد نمائندہ صحافت) (محکمہ ایجوکیشن کی جانب سے الوداعی ظہرانہ) جھل مگسی محکمہ ایجوکیشن کی جانب سے ریٹائرمنٹ لینے والے آفیسران، اساتذہ و دیگر کے لیے نیک خواہشات رکھتے ہیں۔ ڈی ای او و دیگر کا اظہار خیال۔ گنداواہ میں ریٹائرمنٹ لینے والے ہیڈ ماسٹر نذیر احمد مگسی نعمت اللہ کھوسہ، بہاری خان مگسی اور دیگر کے اعزاز میں الوداعی ظہرانہ کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 39)

کوئٹہ بی این پی (عوامی) کے سربراہ میر اسداللہ بلوچ سے میئر پنجگور شکیل احمد، چیئرمین ناصر بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، صدر مملکت آصف علی زرداری کی اسلام آباد روانگی سے قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

بلوچستان میں حوالہ ہنڈی اور بجلی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن

54 مقدمات درج، 3 کروڑ کی بجلی چوری پکڑی گئی، 2 کروڑ 91 لاکھ روپے ریکور کرالیے گئے

کوئٹہ (یو این پی) ایف آئی اے نے صوبے میں حوالہ وہ ہنڈی اور بجلی چوری کے خلاف کارروائی کے دوران 20 ملزمان کو گرفتار کیا، 54 مقدمات درج کرلیے، 3 کروڑ کی بجلی چوری پکڑی گئی، 2 کروڑ 91 لاکھ روپے ریکور کرالیے گئے۔ ایف آئی اے بلوچستان زون کی جانب سے حوالہ ہنڈی، جعلی ادویات اور بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 11)

انصاف نہ ملا تو آئی جی بلوچستان کے آفس کے سامنے خودکشی کرلوں گی، سنی بی بی

میرے شوہر کے نام لیا گیا زرجی قرضہ عبداللہ نامی شخص نے خرد برد کرلیا پولیس افسران بھی ملے ہوئے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) مسماۃ سنی بی بی زوجہ رضائی ضلع کوہلو کا رہائشی ہوں اگر مجھے انصاف نہیں ملا اور ملزمان کو سزا نہیں ہوئی تو میں آئی جی آفس کے سامنے اپنے بچوں کے ہمراہ خودکشی کروں گی جس کی تمام تر ذمہ داری آئی جی اور ڈی آئی جی سی پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مسماۃ سنی بی بی کا کہنا تھا میرا شوہر پولیس (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

عام انتخابات میں دھاندلی کے الزامات

اسلام آباد (یو این اے) عام انتخابات میں کمشنر راولپنڈی کی جانب سے دھاندلی کے الزامات پر الیکشن کمیشن نے انکوائری رپورٹ منظر عام پر لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیشن ذرائع کے مطابق کمشنر راولپنڈی کے الزامات کے حوالے سے بڑی پیش رفت سامنے آئی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)

بہت جلد مسلم باغ کا دورہ کرونگا اور مسلم باغ کے جائز مطالبات حل کرونگا، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) قبائلی اور سماجی رہنما سردار محمد حنیف خان کاکڑ کا صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ حکومت بلوچستان کی منیسٹر بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری لائیوسٹاک سے ملاقات کی اور ضلع قلعہ سیف اللہ مسلم باغ کے فوٹی فارم دفتر سٹاپ کی کرپشن اور غفلت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 7)

پنجاب، پی ڈی ایم اے نیبیٹ ویو، بارشوں اور طوفان کا الرٹ جاری کردیا

اسلام آباد (یو این اے) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب نے رواں ہفتے ہیٹ ویو، بارشوں اور طوفان کا الرٹ جاری کردیا۔ پی ڈی ایم اے کے ترجمان نے کہا ہے کہ 8 سے 10 مئی کے دوران پنجاب میں دن کے درجہ حرارت میں 3 (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 12)

لاہور میں وکلاء پر تشدد اور گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، ملک سمندر خان کاسی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایگزیکٹو کمیٹی کے سابق ممبر اور کوئٹہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے بانی اور سابق صدر کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے لاہور میں وکلاء برادری پر لاٹھی چارج اور آنسو گیس پھینکنے کی مذمت کر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

دبئی میں گلوبل ویلج انٹرنیشنل نمائش میں افغانستان نے دوسری پوزیشن حاصل کی، میر خان مقوری

دبئی گلوبل ویلج میں ہر سال بین الاقوامی زائرین افغانستان کی بے مثال ثبت، اخترائی اور محبت بھری تصویریں دیکھتے ہیں

دبئی (رزنو دریا رسے) گلوبل ویلج تجارتی میلہ جو کہ ہر سال متحدہ عرب امارات کے شہر دبئی میں منعقد ہوتا ہے اور چھ ماہ تک جاری رہتا ہے جس میں اس سال افغانستان نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ جو قابل فخر اور قابل ستائش ہے۔ گلوبل ویلج میں افغانستان کی شاخ کے سربراہ پشتو زبان کے اعلیٰ ہنرمند بلبل افغانستان عبداللہ مقری کے فرزند نوجوان ہنرمند میر خان مقوری کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

9 مئی کا واقعہ ملک کی تاریخ کا سیاہ واقعہ تھا، حاجی ولی محمد نورزئی

ایسے دہشتگردانہ عمل سے پاکستان کے دشمنوں کو خوش کرنے کی کوشش کی گئی

کوئٹہ (یو این اے) مسلم لیگ ن بلوچستان کے رکن اسمبلی حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ 9 مئی کا واقعہ ملک کی تاریخ کا سیاہ واقعہ تھا ایسے دہشت گردانہ عمل سے پاکستان کے دشمنوں کو خوش کرنے کی کوشش کی گئی قوم آج بھی متحد ہے اور ملک کے خلاف ایسے سازشوں کو ہمیشہ ناکام بناتی رہی گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملکی اداروں کی وجہ سے آج ہمارا ملک قائم ودائم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

بلوچستان میں حوالہ ہنڈی اور بجلی چوری کے خلاف کریک ڈان ایف آئی اے

کارروائی کے دوران 20 ملزمان کو گرفتار کیا، 54 مقدمات درج کرلیے، تین کروڑ کی بجلی چوری پکڑی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ ایف آئی اے نے صوبے میں حوالہ وہ ہنڈی اور بجلی چوری کے خلاف کارروائی کے دوران 20 ملزمان کو گرفتار کیا، 54 مقدمات درج کرلیے، 3 کروڑ کی بجلی چوری پکڑی گئی، 2 کروڑ 91 لاکھ روپے ریکور کرالیے گئے۔ ایف آئی اے بلوچستان زون کی جانب سے حوالہ ہنڈی، جعلی ادویات اور بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈان جاری ہے، ڈیڑھ ماہ کے دوران ایف آئی اے بلوچستان زون نے بجلی چوری میں ملوث عناصر کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

نقل کی روک تھام کیلئے طلبہ اساتذہ اور والدین کو کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی وزیر تعلیم

اخلاص کی کمی، ذاتی اغراض ومقاصد اور نقل کے خاتمے میں عدم دلچسپی کے نتیجے میں حکومت کے تمام دعوے صدا بہ صحرا ثابت ہوجاتے ہیں

موجودہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے میں شفاف امتحانات کے عمل کو موثر طریقے سے لاگو کیا جائے، راحیلہ حمید درانی کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی نے کہا ہے کہ امتحانات میں نقل ایک ناسور ہے جس کا خاتمہ کا تمام سٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انھوں نے کہا کہ اخلاص کی کمی، ذاتی اغراض و مقاصد اور نقل کے خاتمے میں عدم دلچسپی کے نتیجے میں حکومت کے تمام دعوے صدا بہ صحرا ثابت ہو جاتے ہیں۔ موجودہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے میں شفاف امتحانات کے عمل کو موثر طریقے سے لاگو کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں صوبے بھر کے امتحانی مراکز میں نقل کے روک تھام کیلیے اقدامات کیے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

بانی پی ٹی آئی کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانت میں توسیع

اسلام آباد (یو این اے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی 6 اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد محمد حسنی نے بھرپور دعوتی مہم تیز کردیا

مختلف سیاسی رہنماؤں قبائلی مشران سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) جے یو آئی ضلع کوئٹہ کلی چھتن ریسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام 10 مئی بروز جمعہ بوقت تین بجے منعقد ہونے والے آمن جرگہ کی تشہیر اور کامیابی کیلئے جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چھتن ریسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد محمد حسنی نے بھرپور دعوتی مہم تیز کردیا ہے مختلف (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

احسان شاہ کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں، محمد امین مینگل

گنداخہ: (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی اوستا محمد کے سینئر رہنماء ڈاکٹر محمد امین مینگل نے کہا ہے کہ بی این پی کے مرکزی رہنماء اور سابق صوبائی وزیر سید احسان شاہ کے گھر پر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

ن لیگ بلوچستان کے صدر کا فیصلہ پارٹی کرے گی، میر عاصم کرد گیلو

اپنے محکمہ کیلئے ایک اچھا سے ایس ایم بی آر لانا ہے جو عام عوام کی مفاد میں ہو، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن بلوچستان کے صدر کا فیصلہ پارٹی کرے گی اور کابینہ اسمبلی اجلاس کی تاخیر کی خبریں بے بنیا ہے جلد اپنے وقت پر اسمبلی اور کابینہ کا اجلاس ہوگا بلوچستان حکومت میں کوئی اختلافات نہیں ہے بلوچستان حکومت مستحکم ہے انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے محکمہ کیلئے ایک اچھا سے ایس ایم بی آر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

پاکستان اور پاک فوج کیخلاف منفی پروپیگنڈہ پر عوام کان نہیں دھرینگے، ثمینہ ممتاز زہری

جیل میں بند عمران خان اور ان کے حواریوں نے اس دن کے لئے بہت پہلے سے منصوبہ بندی شروع کردی تھی

کوئٹہ (پ ر) سینئر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ گزشتہ سال 9 مئی کے افسوسناک واقعات اور اس کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال نے واضح کردیا کہ یہ سارا کھیل پاکستان، پاک افواج اور اعلیٰ ملکی اداروں کے خلاف ایک سوچی سمجھی منصوبہ بندی کے تحت رچایا گیا اور ملک کے خلاف ایک بڑی سازش تھی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینئر ثمینہ ممتاز زہری نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

چمن، مختلف ادوار میں پکڑی گئی بارودی سرنگیں ناکارہ بنادی گئیں

بارودی سرنگوں کو انزرگئی کاریز کے قریب پہاڑی سلسلوں میں ناکارہ بنایا گیا، ڈی سی

چمن (خ ن) ڈی سی چمن کیپٹن رراجہ اطہر عباس کی خصوصی ہدایات پر آرمی، ایف سی ٹیم اور لیویز فورس نے چمن اور اس سے ملحقہ علاقوں میں مختلف ادوار میں پکڑے گئے 42 عدد بارودی سرنگیں دھماکے کے ذریعے ناکارہ بنا دیئے گئے بارودی سرنگوں کو انزرگئی کاریز کے قریب پہاڑی سلسلوں میں قریب ناکارہ بنا دیئے گئے جس سے شہر میں دھماکوں کی آوازیں دور دور (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

بہت جلد ضلع میر پور خاص میں تنظیم سازی کی جائے گی، حاجی محمد جمالی

ہیومن رائٹس فورم آف پاکستان کے مرکزی نائب صدر حاجی محمد جمالی کا دورہ میرواہ گورچانی

میرواہ گورچانی (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق ہیومن رائٹس فورم آف پاکستان کے مرکزی نائب حاجی محمد جمالی نوجوان صحافی محمد سلیم مغل کی خصوصی دعوت پر ان کی رہائش گاہ میرواہ گورچانی پہنچے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ، جوائنٹ سیکرٹری سندھ شوکت علی مغل، بگل محمد سومرو، ممتاز سومرو، حسین جمالی، شجاع آباد پریس کلب میرواہ گورچانی کے صدر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

ن لیگ بلوچستان کے صدر کا امیدوار نہیں ہوں، کریم نوشیروانی

سیاست میں کیڈر کے لوگوں کو آنا چاہے اور نان کیڈر کے لوگوں کو سیاست میں نہیں آنا چاہیے

کوئٹہ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ میں مسلم لیگ ن بلوچستان کے صدر کا امیدوار نہیں ہوں جو میاں نواز شریف فیصلہ کریں گے ہمیں دل سے قبول ہوگا کیونکہ ہم ہائی کمانڈ کے انڈر میں ہیں ہم پتے خان نہیں ہے کہ شیخ جعفر مندوخیل گورنر بنا اور میں صوبائی صدر بنوں جس کا حق بنتا ہے اس کو اس کا حق ملنا چاہیے جس نے عوام کا خدمت یا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

بختیار آباد تالہڑی روڈ کا کام بروقت مکمل کیا جائے، ملک ارشاد سیلاچی

عوامی ٹیکس سے ہونے والے ترقیاتی کام میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کریں گے

سبی (نامہ نگار) عوامی ٹیکس سے ہونے والے ترقیاتی کام میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، بختیار آباد تالہڑی روڈ کا کام بروقت مکمل کیا جائے، ملک ارشاد سیلاچی، ایکسین مواصلات روڈ ملک ارشاد سیلاچی نے گزشتہ روز بختیار آباد تالہڑی روڈ کا دورہ کیا اور کام کے معیار کا معائنہ کیا ایکسین مواصلات روڈ سبی ڈویژن ملک ارشاد سیلاچی نے بختیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

عدنان ایڈوکیٹ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتی ہوں، حبیبہ شرافت

اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت نصیب فرمائے، وائس پریزیڈنٹ خواتین ونگ گلگت بلتستان

گلگت بلتستان (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ گلگت بلتستان کی وائس پریزیڈنٹ حبیبہ شرافت نے کیا کہ آج پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان ایک اہم رہنما اور ہمارے پیارے بھائی عدنان ایڈوکیٹ سے محروم ہوگئی انہوں نے کہا کہ یقیناً عدنان ایڈوکیٹ کی کمی کو کوئی بھی پورا نہیں کرسکتا۔ پاکستان پیپلز پارٹی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

ایلیکشن کمیشن آف پاکستان کا فیصلہ حق اور عوام کی جیت ہے، بخت محمد کاکڑ

عوام ہی طاقت کا سرچشمہ ہے، پروپیگنڈا یا واویلا کرنے سے ہار کو جیت میں بدلنے والوں کی خواہش کبھی بھی پوری نہیں ہوگی

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے نے ثابت کردیا ہے کہ حق پہ کون ہے، عوام نے مجھے ووٹ دیا اور میں کبھی بھی عوام کو مایوس نہیں کرونگا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ آج الیکشن کمیشن اف پاکستان کا فیصلہ حق کی جیت ہے اور وہ الیکشن کمیشن اف پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس نے حق کا ساتھ دیا صوبائی وزیر نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو عوام کی جیت قرار دیا کہ عوام ہی طاقت کا سرچشمہ ہے انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈا یا واویلا کرنے سے ہار کو جیت میں بدلنے والوں کی خواہش کبھی بھی پوری (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

9 مئی کو سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائیگا قوم پاک فوج کیساتھ کھڑی ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

9 مئی کا دن تمام پاکستانیوں کو اسطرح یاد ہے کہ جس طرح کسی زخم کو تازہ کیا جائے 9 مئی کو ملک کی سالمیت پر حملہ کیا گیا، صوبائی وزیر داخلہ

پاک فوج کی قربانیوں کی بدولت ہی ملک قائم ودائم ہے 9 مئی کو صبح وشام سرحدوں کی حفاظت کرنے والے جوانوں کے جذبات کو مجروح کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کا ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ 9 مئی کا دن سیاہ دن کے طور پر یاد رہے گا 9 مئی کا دن تمام پاکستانیوں کو اسطرح یاد ہے کہ جس طرح کسی زخم کو تازہ کیا جائے 9 مئی کو ملک کی سالمیت پر حملہ کیا گیا سانحہ 9 مئی کو سرحدوں کے محافظوں اور شہدا کے یادگاروں کو جلایا گیا پاک فوج کی قربانیوں کی بدولت ہی ملک قائم ودائم ہے 9 مئی کو صبح وشام سرحدوں کی حفاظت کرنے والے جوانوں کے جذبات کو مجروح کیا گیا ہم سب پاکستانی قوم اپنے افواج پاکستان ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں جس نے بھی ملکی سالمیت، اداز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

کوئٹہ کنٹونمنٹ قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کوئٹہ بوائز اسکول کیچی بیگ کے دورے کے موقع پر طالب علم سے بات چیت کر رہے ہیں

جمعرات کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم زیادہ ترگرم اور خشک رہنے کا امکان

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق بدھ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم زیادہ ترگرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ تاہم کچھ علاقوں میں دھول کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ جمعرات کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم زیادہ ترگرم اور خشک ر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ کی میر پور بھٹو ڈھیسر ہاؤس آمد

نوڈیرو (نامہ نگار) سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ کی میر پور بھٹو ڈھیسر ہاؤس آمد، سینئر سیاستدان سردار امیر بخش بھٹو سے ملاقات، کچے کے زمین پر بھٹا برادری سے پیش آئے واقعہ سمیت سندھ کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی، اس موقعہ پر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

ہم سب نے ایک ساتھ مل کر ڈسٹرکٹ واشک کے تمام اجتماعی و انفرادی مسائل کو بلا تفریق حل کرنا ہوگا، ڈی سی واشک

واشک (نامہ نگار) JUI تحصیل واشک کے امیر مفتی محمد حمزہ جنرل سیکرٹری تحصیل واشک و میونسپل کمیٹی کے چیرمین مفتی خداداد اور میونسپل کمیٹی واشک کے وائس چیرمین میر حمید اللہ لورہ جہ مولانا غلام اللہ مدنی مولانا عبدالقاہر سید مفتی نظام الدین شاہ کونسلر رحیم اللہ کونسلر حا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

حکومت کی جانب سے دیئے جانے والا باردانہ زمینداروں کو دیئے جائیں، محمد اسلم خان عمرانی

گنداخہ: (نامہ نگار) ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات، معروف زمیندار و جمعیت علماء اسلام جعفر آباد کے سرپرست میر محمد اسلم خان عمرانی، سرپرست حاجی میر علی مراد خان رند نے کہا ہے کہ افسوس کا مقام ہے وفاقی حکومت کی جانب سے زمینداروں اور کاشتکاروں سے سرکاری قیمت پر گندم کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

بطور گورنر میرے سامنے کوئی مشکلات نہیں آئیں گی، فیصل کریم کنڈی گڑھی

کوشش کروں گا صوبے اور وفاق میں میری وجہ سے اختلافات ناہوں کے پی کے حکومت کو دس سال ہوگئے

نوڈیرو (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی پارٹی کے نئے منتخب گورنر صوبا خیبر پختون خواہ فیصل کریم کنڈی گڑھی خدا بخش بھٹو شہداء جمہوریت کی مزارات پر حاضری دینے پہنچ گئے، جہاں شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید بینظیر بھٹو، بیگم نصرت بھٹو سمیت دیگر شہداء کی مزارت پر حاضری دیکر پھول چڑھائے اور فاتح خوانی کی، اس موقعہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے کہا ہے کہ بطور گورنر میر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

تعلیمی مسائل کو حل کرنا نیشنل پارٹی کی اولین ترجیح ہے، واجہ پھلین بلوچ

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی وژن کے مطابق پنجگور میں تعلیمی فروغ کے خواہاں ہوں

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی پنجگور تربت واجہ پھلین بلوچ کا پنجگور کے تعلیمی اداروں کی کارکردگ